لُغاتِ جدیدہ

یعنی،

عربی زبان کے تقریباً ان چار ہزار الفاظ کی تشریح و تحقیق جو آج کل عربی
مین مستعمل ہین اور جن کے بغیر عربی خوان عربی اخبارات، رسائل اور
جدید تصنیفات سے متمتع نہین ہو سکتے، اور عربی زبان کے مولّد
دخیل الفاظ پر محققانہ بحث،

تالیف

سید سلیمان ندوی

باہتمام م۔ ع۔ ندوی

مطبع معارف اعظم گڑھ مین چھپی

طبع دوم ۱۳۳۴ھ



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ مُبدِیٔ الالسن اللُّغیٰ، والصلوٰۃ علےٰ رسولہ افصح الفصحاء وابلغ البلغاء وعلیٰ آلہ وصحبہ ذوی المناطق والنھیٰ،

علمائے علم الالسنہ (فیلالوجی) نے تمام دنیا کی زبانوں کی انکی مشابہت الفاظ کی بنا پر تین قسمیں قرار دی ہیں یہی تینوں قسمیں دنیا کی اصلی زبانیں تھیں اور موجودہ ہزاروں زبانیں اُنھیں کی فروع ہیں۔

اوّل آریانی یا ایرین،

دوم، تورانی یا ٹیرنین،

سوم، سامی یا سمیٹیک

پہلی قسم کی زبانوں میں سنسکرت، فارسی انگریزی فرنچ، لاطینی وغیرہ ہیں، دوسری قسم میں چینی تاتاری، ترکی وغیرہ، تیسری قسم میں جسکا نام سامی ہے وہ زبان داخل ہے جس سے ہماری کتاب کو تعلق ہے یعنی عربی، سامی زبان سے جتنی زبانیں نکلیں انکی اطراف و جہات ملک کے لحاظ سے تین قسمیں ہیں جنوبی ملک کی شاخ، درمیانی ملک کی شاخ، شمالی ملک کی شاخ،

جنوبی

نام	زندہ یا مُردہ	علمی یا غیر علمی
(۱) عربی زبان	زندہ	علمی
(۲) حبشی	″	غیر علمی

درمیانی

نام	زندہ یا مُردہ	علمی یا غیر علمی
(۱) عبرانی	مردہ	علمی

نام	زندہ یا مُردہ	علمی یا غیر علمی
(۲) نبطی	مُردہ	غیر علمی
(۳) تدمری	"	غیر علمی

شمالی

نام	زندہ یا مُردہ	علمی یا غیر علمی
(۱) آرامی	مردہ	غیر علمی
(۲) کلدانی	مردہ	غیر علمی
(۳) [illegible]	مردہ	علمی

[illegible] بات کل کہ ستند ان زبانیں نہیں لیکن جسطرح ایک [illegible] قوم میں دوسری قوم کے اختلاط سے اُسکے رسوم رواج [illegible] لباس اور اخلاق وغیرہ میں ایک تغیر عظیم پیدا ہوجاتا ہے، اسی طرح اقوام کی زبانوں میں بھی باہمی [illegible] سے ایک انقلاب پیدا ہوتا رہتا ہے، اور جسطرح دنیا کی وہ تمام چیزیں اور تمام اقوام جو اس اختلاط، مزاحمت [illegible] نہیں کرتیں فنا ہوجاتی ہیں، یا اپنی ہیئت اور قومیت کھو بیٹھتی ہیں، اسی طرح وہ زبانیں جو دوسری [illegible] کشمکش مزاحمت اور اختلاط کی متحمل نہیں ہوتی ہیں، دنیا سے مٹ جاتی ہیں یا بدلکر دوسری زبانیں بن جاتی ہیں [illegible] طرح زندہ قوم وہ ہے جو ہمیشہ انقلابات اور [illegible] کا مقابلہ کرتی رہتی ہو اور ہر ضرورت اور زمانہ کے مطابق [illegible] باقی ہو اسی طرح زندہ زبان وہ ہے جو انقلابات اور تغیرات کا ہمیشہ مقابلہ کرے اور ہر [illegible] اور زمانہ کے مطابق ڈھلتی رہے،

[illegible] عربی زبان ان امتحانات میں کامیاب رہی ہے اور آئندہ کامیاب رہیگی، عہد [illegible] اُسکا [illegible] حبشی اور فارسی سے دوستانہ اختلاط رہا اور نہ ہٹی، عہد اسلام میں اُسکو دنیا کی تمام زبانوں سے فاتحانہ [illegible] کامیاب رہی، موجودہ زمانہ میں وہ پھر اپنی [illegible] زبانوں سے اور یورپ کی [illegible] مقابلہ کررہی ہے اور زندہ ہے،

زبانوں کے تغیرات | دوسری زبانوں کی حالت پر غور کرو، آریہ [illegible] کی الہامی زبان [illegible] [illegible] حال ہے [illegible] [illegible] زبان عبرانی کا کیا حشر ہوا، مسیحیت یا رومۃ الکبریٰ کی لاطینی زبان کہاں دفن ہے [illegible] کی

ژندی زبانیں کیا ہوئیں، فراعنہ مصر کی قبطی زبان اور بابل، نینوی، شام اور فینیشیا کی کلدانی، اشوری، سریانی اور فینیقی وغیرہ زبانیں کہاں ہیں، ہومر کی یونانی زبان اب کون بولتا ہے؟ یہ تمام زبانیں عظیم الشان مذاہب، با جبروت اقوام اور وسیع الحدود حکومتوں کی زبانیں تھیں لیکن آج دنیا کے [illegible] اور دنیا کی زبانیں ان سے نامانوس ہیں،

جو قدیم زبانیں اب تک باقی بھی ہیں وہ تغیرات [illegible] سے اسقدر مختلف ہیں کہ گویا یہ دوسری زبانیں ہیں، بھاکا سنسکرت کی یادگار ہے، موجودہ فارسی زبان قدیم پہلوی اور ژندی زبانوں کی اولاد ہے، اطالین، لاطین کی جانشین ہے، یونانی اور حبشی زبانیں بھی گو باقی ہیں، مگر دیکھو قدیم و جدید میں اب کتنا قدر مشترک باقی رہ گیا ہے،

موجودہ عربی زبان

لیکن عربی زبان اب تک زندہ ہے اور جب تک دنیا میں قرآن ہے زندہ رہیگی، زبانوں کے اختلاط، اقوام کی مزاحمت، ضروریات تمدن [illegible] ان تمام چیزوں کا اُسنے پہلے بھی مقابلہ کیا ہے، اب بھی مقابلہ کر رہی ہے، وہ پہاڑ ان جیسے یونانی، سریانی، قبطی [illegible] دوسری زبانوں کے علوم و فنون، اصطلاحات، ضروریات تمدن، اصطلاحات مذہبی کے بارگراں کو اس آسانی سے اٹھالیا، کیا یہ چین زبانوں کی موجودہ دنگل میں اسکی پیٹھ زمین سے لگ سکتی ہے؟ عربی زبان مع تمام اپنے قدیم الفاظ و محاورات کے باقی ہے، پھر جدید انقلاب سے متاثر ہو رہی ہے، اُس میں جدید آلات، جدید ضروریات تمدن، جدید علمی، سیاسی، تجارتی اصطلاحات، جدید اختراعات و ایجادات، جدید رسوم و رواج، جدید خیالات کے لئے موجودہ زبان میں نئے الفاظ پیدا ہو رہے ہیں اور ہو گئے ہیں جو یا خود جدید عربی الفاظ ہیں یا کسیقدر قدیم ہیں، لیکن وہ قدیم عربی لغات میں غیر فصیح تھے یا کم [illegible] تھے اور اب بولے جاتے ہیں، یا غیر زبانوں سے منقول ہو کر موجودہ عربی میں مستعمل ہیں یہ تمام الفاظ [illegible] اخبارات، [illegible] رسائل اور تصنیفات میں اسقدر شائع اور ذائع ہیں کہ ان الفاظ سے ناواقف [illegible] عربی [illegible] تصنیفات سے فائدہ نہیں اٹھاسکتے ہیں اور نہ خود کسی جدید خیال کو عربی زبان میں ادا کر سکتے ہیں [illegible] ضرورت تھی کہ ان الفاظ کی تحقیق و تشریح کے لئے ایک ڈکشنری ترتیب دی جائے، پیش نظر رسالہ [illegible] ضرورت پر مبنی ہے،

اقسام الفاظ جدیدہ [illegible] جدید جنکی طرف اوپر اشارہ کیا گیا اہل لغت نے انکو اولاً [illegible] میں منقسم کیا ہے، [illegible] معرب،

مولد مولد وہ لفظ ہے جو کسی [illegible] سے نقل ہو کر نہیں آیا بلکہ وہ خود عربی [illegible] کی مناسبت سے

جدید معنی میں مستعمل ہوا، اسکی چار صورتیں ہیں،

ا۔ وہ جو خود عربی زبان میں اسی ہیئت اور صیغہ کے ساتھ موجود و مستعمل تھا، لیکن پہلے، اسکے یہ جدید معنی نہ تھے، پہلے معنی کی مناسبت سے اس لفظ کے یہ دوسرے جدید معنی پیدا ہوئے، اس ضمن میں علوم و فنون کی وہ تمام اصطلاحات داخل ہیں جو خود عربی زبان میں کسی مناسبت سے اُنکے لئے وضع کئے گئے، صرف و نحو، ادب، بلاغت، عروض، منطق، فلسفہ، طب اور ریاضیات، وغیرہ میں اس قسم کے لاکھوں الفاظ ہر شخص کو مل سکتے ہیں، اصطلاحات کے علاوہ چند عام مثالیں بھی ہم لکھتے ہیں۔

لفظ	جدید معنی	قدیم مناسب معنی
حضارة	تہذیب و تمدن	شہر میں قیام کرنا
طبع	چھاپنا	مہر کرنا
سَیّارة	بائیسکل	چلنے والی
منطاد	بیلون	ہوا میں بلند ہونیوالا
حامیة	پہرے کے سپاہی	بچانے والے
مُفرزة	فوج کا دستہ	علٰحدہ کیا گیا
ساعة	گھڑی	وقت
ادارة	انتظام	گردش دینا
محافظ	گورنر	نگراں
ناظر	افسر	نگراں

۲۔ وہ لفظ گو عربی زبان میں پہلے موجود تھا لیکن جس صیغہ ہیئت اور اشتقاق کے تھا اُب سکا جدید معنی میں استعمال ہی پہلے نہ تھا، گو منقول الیہ اور منقول عنہ کے معنی میں مناسبت ضرور ہے، مثلاً

لفظ جدید	معنی جدید	مشتق منہ قدیم	معنی
ابراق	تار بھیجنا	برق	بجلی

لفظ جدید	معنی جدید	مشتق منہ قدیم	معنی
عمیل	ایجنٹ	عمل	کام
صحافة	اخبار نویسی	صحیفہ	کاغذ
مسئولیة	بازپرس	سوال	پوچھنا
مزائدہ	نیلام	زیادة	بڑھانا
تصدیر	برآمدِ مال	صدور	گھاٹ سے پانی پیکر واپس آنا
تنویم	طبی قاعدہ سے بیہوش کرنا	نوم	سونا
تشخیص	ایکٹ کرنا	شخص	قالب
تشجیر	گل بوٹا بنانا	شجر	درخت

۳۔ درحقیقت اصل لفظ عربی الاصل نہیں ہے لیکن عربی میں اسکا استعمال ہوگیا ہے اور اُس سے اشتقاقات پیدا کر لئے گئے ہیں۔

اشتقاق	معنی	اصل	کس زبان سے آیا
کهربة	برقی قوت طاری کرنا	کهربا	فارسی
تبلیط	پتھر کا فرش بچھانا	بلاط	لاطینی
هرطقة	ملحد ہونا	هرطوقی	یونانی
شلبنة	خط بنوانا، اصلاح کرانا	شلبی	ترکی
قرصنة	بحری ڈاکہ ڈالنا	قرصان	اسپینی
شطرج	شطرنج کھیلنا	شطرنج	سنسکرت
تقرطن	قرنطینہ میں رہنا	قرنطینة	اٹالین
تکهن	کہانت کرنا	کهنوت	سریانی

۴۔ بعض الفاظ ایسے ہیں جو دو یا چند لفظ سے ملکر بنے ہیں اُن میں سے ہر لفظ گو عربی ہے اور اپنے معنی میں مستعمل ہے لیکن ترکیب کے لحاظ سے وہ مولّد ہیں، مثلاً

لفظ مرکب	معنی	الفاظ مفردہ	معنی
مجلس الاعیان	ہوس آف لارڈس	مجلس، اعیان	مجلس، شرفا
السکۃ الحدیدیۃ	ریلوے لائن	سکۃ، حدید	راہ، لوہا
التصویر الشمسی	فوٹو گرافی	تصویر، شمس	تصویر، آفتاب
رسوم البلدان	اٹلس، نقشہ، جغرافیہ	رسوم، بلدان	نقش، شہر
ناظر المدرسۃ	پرنسپل	ناظر، مدرسۃ	نگراں، مدرسہ
مجلس شوریٰ القوانین	کونسل	مجلس، شوریٰ، قوانین	مجلس، مشورہ، قانون
قائمقام	اسسٹنٹ کمشنر	قائم، مقام	قائم مقام، نائب
کاتب الاسرار	سکرٹری	کاتب، اسرار	لکھنے والا، راز

دخیل، معرب وہ لفظ جو کسی غیر زبان سے منتقل ہو کر عربی میں آیا، اسکو اس لحاظ سے کہ عربی زبان میں ایک اجنبی لفظ ہے دخیل کہتے ہیں، اور اس لحاظ سے کہ اب وہ عربی میں مستعمل ہو گیا اُسکو معرب کہتے ہیں، بعض لوگ دخیل اور معرب میں فرق کرتے ہیں، غیر زبان کا وہ لفظ جو عربی میں داخل ہو گیا ہے اگر وہ عربی زبان کے قالب میں ڈھلکر، کسی عربی وزن وہیئت پر ہو گیا ہے تو اُسکو معرب کہتے ہیں ورنہ وہ دخیل ہے،

یہ الفاظ جو عربی زبان میں غیر زبانوں سے داخل ہوئے اُنکے لئے کوئی زمانۂ دخول مخصوص نہیں کیا جاسکتا ہے، عہدِ جاہلیت سے لیکر تا عہدِ اسلام، اور عہدِ اسلام سے تا انقلابِ حال، عربوں کا اختلاط و تزاحم دنیا کی مختلف اقوام سے رہا،

عہدِ جاہلیت زمانۂ جاہلیت میں ملکِ عرب تین حکومتوں کے اقتدار میں منقسم تھا، فارس۔ جسکا اثر عراقِ عرب پر تھا، روم جو ملکِ شام اور اس سے ملحق اطرافِ عرب پر متصرف تھے، اور حبش جسکا اثر تمام اطرافِ یمن میں پھیلا ہوا تھا، اور خود اندرون حصص ملک میں یہود، نصاریٰ اور صابئی بکھرے تھے، تجارت کا سلسلہ ہندوستان تک پھیلا تھا، ارامی قوم جن کو عرب نبط کہتے ہیں، ملکِ عرب کے قریب واقع تھی، اور تاجرانہ تعلقات رکھتی تھی، فارس کی زبان قدیم فارسی تھی، رومہ لاطینی بولتے تھے جسمیں یونانی ملی تھی، حبش حبشی بولتے تھے، یہود و نصاریٰ کی مذہبی زبان عبرانی تھی، صابئیوں کے ہاں سریانی مستعمل تھی، ہندوستان کی زبان سنسکرت تھی، نبطی ارامی بولتے تھے، ان امور کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ عہدِ جاہلیت

میں فارسی، لاطینی، عبرانی، سریانی، حبشی اور سنسکرت اور ارامی کے الفاظ داخل ہوگئے،

عہد اسلام عہد اسلام میں فاتحین کے ذریعہ سے عربی زبان مصر، شام، افریقہ اور اسپین میں داخل ہوئی، عرب تاجروں نے عربی زبان کو جزائر ہند، چین اور وینس تک پہنچایا، عہد عباسی میں علوم وفنون کا دفتر بے پایاں یونانی، سریانی، فارسی، قبطی اور سنسکرت سے عربی میں آیا، ایرانی تمدن نے بغداد میں فروغ پایا، رومیوں اور عربوں کی باہمی جنگ کا سلسلہ ابتدا سے انتہا تک قائم رہا، ان وجوہ سے عربی زبان میں قبطی (مصر کی زبان) بربری (افریقہ کی زبان) اسپینش (اسپین کی زبان) چینی، سنسکرت، اور ہندی (وینس کی زبان) کی کسی قدر کم اور یونانی لاطینی، اور فارسی زبان کے الفاظ کی نہایت کثرت سے آمیزش ہوگئی،

انقلاب حال موجودہ انقلاب کا سلسلہ تقریباً ڈیڑھ سو برس سے شروع ہے، اسی زمانہ میں ترکوں نے دارالخلافت عربیت پر قبضہ کیا یعنی سلطان سلیم نے مصر فتح کیا، اور تمام عربی ممالک اس سے بہت پہلے ترکوں کی وسیع الحدود حکومت میں شامل ہوچکے تھے، یورپ کی ترقی تمدن، جسنے تمام دنیا کی زبانوں میں زلزلہ پیدا کردیا، عربی زبان بھی اس سے محفوظ نہ رہی، مصر پر نپولین کے زیر سپہ سالاری فرانس نے حملہ کیا اور فتح کیا، اسکے بعد انگریز مصر میں آئے، اور یہیں انگریزوں کے داخلہ سے گو فرانس کا سیاسی اثر کم ہوگیا، لیکن اسکا علمی اقتدار جو اس ملک میں قائم ہوچکا تھا، وہ کم نہوا، قسطنطنیہ کا قبلۂ سیاست جرمنی ہے، اٹلی کا کاروبار تجارت تمام دنیا سے زیادہ ٹرکی میں ہے، روس اور ٹرکی کی سرحدیں ملی ہیں، ان اسباب سے موجودہ عربی زبان میں جرمن، روسی اور انگریزی کسی قدر کم اور فرنچ، اٹالین، اور ترکی بہت زیادہ داخل ہوگئی، ترکی میں بہت کچھ فارسی الفاظ کی کثرت ہے اور یورپین زبانوں کی بنیاد لاطینی (لاٹینٹن) پر قائم ہے، اسلئے موجودہ انقلاب میں بھی ترکی زبان میں، فارسی اور لاطینی الفاظ شامل ہوگئے۔

ان ازمنۂ ثلاثہ میں جنکا ذکر اوپر ہوا، جن جن زبانوں سے عربی میں الفاظ آئے انکی دو قسمیں ہیں،

اوّل وہ زبانیں جن سے عربی میں کم الفاظ آئے، یہ حسب ذیل زبانیں ہیں۔ جرمنی، چینی، روسی، سواحل وجزائر ہند، حبشی، عبرانی، انگریزی، قبطی، سنسکرت۔

دوم وہ زبانیں جن سے عربی نے نہایت کثرت سے الفاظ حاصل کئے، اس شق میں یہ زبانیں داخل ہیں:۔ سریانی، لاطینی، فرنچ، اٹالین، ترکی، یونانی، فارسی۔

اُن تمام الفاظ کی جو زمانۂ جاہلیت، زمانۂ اسلام، یا زمانۂ حال میں سے کسی زمانہ میں بھی عربی میں آئے ہیں اُنکی فہرست مع اصل و معنی کے اخیر میں دیدی گئی ہے جسکی ترتیب زبان وار ہے جس سے یہ معلوم ہوگا کہ عربی زبان میں ہر زبان سے کتنے الفاظ آئے اور کیسے الفاظ آئے۔

بعض عربی دخیل الفاظ ایک نہایت عجیب بات یہ ہے کہ موجودہ عربی زبان میں بعض الفاظ ایسے ہیں جو درحقیقت عربی ہیں اور پھر بھی وہ دخیل ہیں اُسکی حقیقت یہ ہے کہ جسطرح آج یورپ کے اثر سے عربی زبان میں اپنے الفاظ داخل کر دیے ہیں اسیطرح عربوں کی ترقی کے عہد میں، عربی کے کثیر التعداد الفاظ یورپین زبانوں میں داخل ہو گئے تھے اب وہ الفاظ ایک اجنبی لفظ کی صورت میں ہیئت بدلکر موجودہ انقلاب میں یورپین زبانوں سے پھر عربی میں آرہے ہیں، مثالاً چند لفظ لکھے جاتے ہیں۔

قدیم عربی	یورپین زبان	جدید عربی
امیر البحر	ایڈمیرل	امیرال
دار الصناعۃ	ڈرسنا	ترسانۃ
الکحول	الکوہل	الالکحول

تعریب کیلئے بعض حروف کی تبدیل غیر زبانوں میں بعض حروف ایسے مستعمل ہیں جو عربی میں مستعمل نہیں، مثلاً پ، ٹ، چ، گ، وغیرہ، اس قسم کے حروف جن الفاظ میں ہوتے ہیں وہ جب عربی میں آجاتے ہیں تو اُنکے وہ حروف عربی کے اُن حروف سے بدلجاتے ہیں جنکا مخرج اُن سے قریب ہوتا ہے، ذیل میں وہ حروف لکھے جاتے ہیں۔

غیر زبان کا حرف	عربی حرف	مثال	غیر زبان کا حرف	عربی حرف	مثال
پ	ف	پرند، فرند	گ	ج	گلاب، جلاب
پ	ب	پردہ، بردج	گ	غ	ہمرگ، ھیودغ
پھ	ف	جائے پھل، جائفل	ہ (آخر لفظ میں)	ج	فیروزہ، فیروزج
چ	ص	چین، صین	ہ	ق	پستہ، فستق
چ	ش	چائے، شائے	تھ	ث	کیتھولک، کیثولک

غیر زبان کا حرف	عربی حرف	مثال	غیر زبان کا حرف	عربی حرف	مثال
ch	ق	چرٹاس، قرطاس	P	ب	پوڈر، بُدرة
ch	ش	چارلس، شارلس	T	ط	نوٹ، نوط
ch	ث، س	مارچ، مارث، مارس	Th	ت	کیتھولک، کیتولک
g	غ	پٹرسبرگ، بطرسبرغ	V	ق	ورنیش، قرنیش
g	ج	″ - بطرسبرج	V	ف	″ فرنیش

دخیل و مولد الفاظ کی تدوین

یہ الفاظ جو زبان میں وقتاً فوقتاً پیدا ہوتے گئے، علمائے اسلام نے اسکی وقتاً فوقتاً تدوین کی، اس فن میں ابو منصور خوارزمی جنکی کتاب مفاتیح العلوم ہی جو لیڈن میں چھپ گئی ہے۔ دوسری کتاب المعرب من الکلام الاعجمی ہی، جو ابو منصور موہوب بن احمد جوالیقی المتوفی ۵۳۹ھ کی تصنیف ہی، لیپزگ میں چھپی ہی تیسری کتاب شہاب الدین خفاجی کی شفاء العلیل فیما فی کلام العرب من الدخیل ہی مصر میں چھپی ہی، انکے علاوہ حریری کی درة الغواص، سیوطی کی مزہر میں بھی اسکے متعلق مباحث ہیں۔

زمانۂ حال میں سب سے زیادہ اس فن کی پروفیسر ڈوزی نے خدمت کی جنھوں نے دو ضخیم جلدوں میں مولد و دخیل الفاظ کی تحقیق کی، انستانس کرملی بغدادی نے عربی زبان میں یونانی کے جو الفاظ تھے انکو ایک رسالہ میں جمع کیا، اسکے بعد سقراط بک مصری نے اِتالین الفاظ کو جو عربی میں مستعمل تھے، انکو ایک رسالہ میں شائع کیا، مسٹر آرنلڈ نے سواء السبیل میں تمام دخیل الفاظ کو جمع کیا، نیومن نے دو جلدوں میں جدید عربی لغت کو انگریزی میں لکھا اور یورپین مستشرقین نے جدید عربی پر تصنیفات کیں،

اس کتاب کا ماخذ

ذیل میں ہم اس کتاب کے ماخذوں کا حوالہ دیتے ہیں جن سے اس تصنیف میں مدد لیگئی

(۱) مفاتیح العلوم خوارزمی (۲) المعرب من الکلام الاعجمی جوالیقی (۳) شفاء العلیل خفاجی (۴) سواء السبیل مسٹر آرنلڈ (۵) عربک انگلش ڈکشنری ڈاکٹر ہوا موسوم بہ الفرائد الدریہ (۶) عربک انگلش ڈکشنری، انگلش عربی ڈاکٹر ورٹبٹ یوحنا، (۷) ڈکشنری آف ماڈرن عربک، پروفیسر نیومن یونیورسٹی کالج لندن (۸) المنجد مطبوعہ بیروت (۹) کنز اللغات (ترکی عربی لغت) شیخ فارس لبنانی (۱۰) سپلیمنٹ آف عربک ڈکشنری ڈوزی (۱۱) الکلم العربیہ فی اللغة الفرنساویہ ہنری لامنس

یہ دونوں اخیر کتابیں مخلوط عربی و فرانسیسی میں ہیں، اسلئے ان سے زیادہ فائدہ نہ اُٹھا سکا، ان کتابوں کے علاوہ جا بجا عربی تصنیفات و رسائل کا مطالعہ مستزاد ہے،

اس کتاب کا موضوع اور ترتیب اس کتاب میں صرف وہ دخیل اور مولّد الفاظ لئے گئے ہیں، جو اب تک مستعمل ہیں، اور کتب لغات قدیمہ میں وہ مدون نہو سکے اور جو الفاظ اب متروک ہیں یا لغات میں ملتے ہیں انکی ضرورت نہیں سمجھی گئی لیکن اتمام فائدہ کی غرض سے اُن الفاظ کا آخر میں ضمیمہ لگا یا گیا ہے، الفاظ حروف معجم کی ترتیب سے لکھے گئے ہیں، اول حرف باب اور ثانی حرف فصل، مصادر کو یا تو حروف زائد کو اصلی مانکر اس حرف میں ذکر کیا گیا ہی، اور کہیں اُسکے ماضی کے حرف اول میں اسکا ذکر کیا گیا ہے، مثلاً تخریج اسکو باب التاء فصل الخاء میں دیکھنا چاہیئے یا خرّج قرار دیکر باب الخاء فصل الراء میں،

ایک شبہہ کا ازالہ ان کثیر الفاظ کی فہرست کو دیکھ کر یہ شبہہ نہو کہ عربی زبان کی کثرت ثروت صرف غیروں کی اندوختہ دولت سے ہی، اول تو ان چند ہزار دخیل الفاظ کو عربی زبان کے کئی لاکھ اصل الفاظ سے کوئی نسبت نہیں، دوم جسقدر عربی زبان دوسری زبانوں کی قرضدار ہی دوسری زبانیں بھی تو عربی کی قرضدار ہیں۔ نیو انگلش ڈکشنری میں دیکھو کہ انگریزی میں عربی کے کتنے الفاظ ہیں، ہنری لامنس نے فرنچ میں جو عربی الفاظ ہیں اپر ایک مستقل کتاب لکھی ہی، اسپینی اور پرتگالی زبان میں عربی زبان کے جو الفاظ ہیں پروفیسر ڈوزی اور پروفیسر انگلمین نے ان کو ایک کتاب میں جمع کیا جو سنہ ۱۸۶۹ء میں لیڈن میں چھپی، فارسی اور ترکی جن سے عربی زبان نے کچھ الفاظ لئے انکا یہ حال ہی کہ اگر آج اُن سے عربی الفاظ نکال لیے جائیں تو وہ زبان نہ باقی رہیں،

سید سلیمان

دار العلوم، لکھنؤ

۲۵ مارچ سنہ ۱۹۱۲ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باب الالف

ا

آب ۔ آٹھواں رومی مہینہ مطابق اگست ترکوں میں یہی رومی مہینے مستعمل ہیں،

الآثار القدیمة ۔ قدیم یادگار چیزیں جو اکثر زمین کھودنے سے نکلتی ہیں یا قدیم عمارتوں کی صورتوں میں موجود ہیں ۔ اثر کی جمع ہے جسکے معنی نشان کے ہیں چونکہ وہ یادگاریں قدیم اقوام کے نشانات ہوتے ہیں اسلئے وہ آثار قدیمہ کہلاتے ہیں ۔

اثینة ۔ شہر ایتھنز یونان کا پایہ تخت ۔

آداب اللغة ۔ لٹریچر، "آداب" ادب کی جمع ہے ۔ پہلے اس معنی میں جمع مستعمل نہ تھی ۔

آفندی ج آفندیة ۔ شرفا کے نام کے ساتھ 'صاحب' کی جگہ موجودہ عربی میں مستعمل ہوتا ہے ۔ کبھی اس سے شریف آدمی بھی مراد لیتے ہیں ، لفظ ترکی ہے ۔

آغاسی ۔ مہتمم دیوانخانہ شاہی ، ترکی سے آیا ہے ۔

آکسیجن اوکسیجن سے بنا ہے جو ایک عنصر ہے ۔

الای ج الایات ۔ رجمنٹ ، فوج کا دستہ ، ترکی لفظ ۔

الآلة الخیاطة ۔ سینے کی کل ۔

الآلة الکاتبة ۔ ٹائپ رائیٹر ، جس سے خط وغیرہ ٹائپ میں چھاپتے ہیں ۔

آنسة ۔ مس ، ناکتخدا لڑکی کا لقب ہے جو باپ کے نام کے ساتھ اب مستعمل ہوتا ہے ۔ قدیم عربی زبان میں یہ لفظ حسین عورتوں کے وصف میں آتا تھا (جمع اوانس)

ب

اب ج آباء ۔ پادری ، عیسائی لوگ ۔ پادریوں کو "اب" یعنی باپ کہتے ہیں ۔

إبراق ۔ تار دینا ۔ ماخوذ از برق ۔

ابرشیة ۔ بشپ کا مذہبی حلقۂ انتظام ، لفظ یونانی الاصل ہے ۔

إبریق الشای ۔ سماور ۔ "ابریق" لوٹا ، فارسی لفظ آبریز سے قدیم عربی میں معرب ہوا ہے ۔ "شای" چائے کو کہتے ہیں ، دونوں مل کر سماور کے معنی پیدا ہوئے ۔

إبریل ۔ ماہ اپریل ، فرنگی مہینوں کی یہ تعریب اس جدید

تمدن و اختلاط سے پہلے، اندلس کے مسلمانوں کے زمانہ میں عربی میں داخل ہوئی، مگر اب اس کا رواج عام ہوگیا ہے۔

اِبزیم ج ابازیم - بکسوا، ٹہک، یہ لفظ دخیل ہے، یا "بزہر" سے مولد ہے۔

اِبزن ج اَبازن - نہانے کا کٹرہ، فارسی لفظ آبزن سے بنا ہے۔

[illegible] - دیکھو ابعادیہ۔

[illegible] - کھیت، جاگیر - فارسی لفظ "آباد" سے [illegible] ہے۔

[illegible] کے خشک ہونے پر جو خشک زمین [illegible] آتی ہے۔

[illegible] النظّارة - عینک لگانے والا۔

[illegible] النوم - خشخاش۔

[illegible] - شاہ بلوط ایک قسم کا درخت۔

[illegible] بیلو - اپیل کا معرب ہے، انگریزی۔

ت

اتابك - افسر، ترکی۔

[illegible] - اٹامیجر کا معرب ہے جو ایک معزز عہدہ ہے۔

اتحادی ج اتحادیوت - الائز (انگلستان، فرانس اور اٹلی) [illegible] چند افراد یا چند جماعتیں یا چند سلطنتیں جو ملکر باہمی ایک [illegible]

اُترنج - فارسی لفظ ترنج سے بنا۔

اَتعاب - فیس، محصول، تعب کی جمع ہے، مولد۔

اِتفاق - معاہدہ، مولد۔

اِتّفاقیة - معاہدہ۔

اَتکات - آداب مجلس، انگریزی لفظ "اٹیکیٹ" کا معرب ہے۔

انتوغرافی - انتوگرافک، آثار قدیمہ کا عجائب خانہ۔

ث

اَثری - ماہر فن آثار قدیمہ۔

اَثیر - ایتھر کا معرب ہے جو ہوا سے بھی زیادہ ایک سیال مادّہ تسلیم ہوا ہے - یونانی۔

اَثینا - ایتھنز، یونان کا دارالحکومت۔

ج

اِجازة - رخصت - مولد۔

اِجباری - لازمی، یعنی جو کام مجبوراً کرنا پڑے۔

اجتماع - معاشرت، سوسائٹی، پہلے اجتماع کے معنے ملاقات کے آتے تھے۔

اجتماعی - سوشل، متعلق بہ معاشرت۔

اِجتہاد - محنت، جدید زبان میں قدیم زبان سے کچھ مفہوم میں تغیر ہوگیا ہے۔

اُجرة - کرایہ، محصول، کسی قدر قدیم معنی سے وسعت ہوگئی ہے۔

اَجزاخانہ۔ دواخانہ، ڈسپنسری، "اجزا" سے گویا دوائیں مراد ہیں اور "خانہ" فارسی لفظ ہے۔ عربی زبان میں یہ لفظ ترکی کی راہ سے آیا ہے۔

اجزائی۔ دوا فروش عطار۔

اجنبی ج اَجانب۔ غیر ملکی۔

ا . . ان۔ اپنی کیمپ، عرض بیگی، ترکی ہے۔

ح

اِحتجاب۔ اخبار یا رسالہ کا بند ہوجانا۔

اِحتجاج۔ اسباب ناراضی و وجوہ مخالفت پیش کرنا۔

اِحتفال۔ مجمع، جلسہ، جلسہ کرنا۔

اِحتکار۔ کسی تجارت کو اپنے لئے مخصوص کرلینا تاکہ دوسرا شخص یا دوسری کمپنی اسکو نہ کرسکے، اور اس کے قدیم معنی یہ ہیں کہ غلہ کو روک لینا تاکہ گرانی میں فروخت کرے۔

اِحتلال۔ ملک پر غیر قوم کا قبضہ، ملک پر غیر قوم کا آکر قبضہ کرنا، یہ لفظ "حل" سے مشتق ہے جسکے معنی کسی شخص یا قوم کا کسی مقام پر وارد ہونا ہیں۔

احرار و حُر۔ لبرل، آزاد خیال، قدیم معنے غیر غلام۔

اِحصاء۔ علم الاعداد کے رو سے کسی چیز کا خاص اہتمام سے شمار، تاکہ اُس سے کچھ نتیجہ پیدا ہو۔ مولد۔

اِحصاء النفوس۔ مردم شماری۔

خ

اِختصاصیؔ۔ اسپشلسٹ، کسی خاص فن کا ماہر۔

اخصاء۔ کسی خاص فن میں ماہر ہونا، قدیم معنی ایک عالم کو سکھینا۔

اخصائیؔ۔ اسپشلسٹ، کسی خاص فن کا ماہر۔

اَخنان۔ گاڑی کا کمپونڈ۔ خانہ، خنّ اسکا واحد ہے۔ جو فارسی خانہ کا معرب ہے۔

اَخُور۔ اصطبل، فارسی لفظ ہے۔

د

اِدارۃ۔ دفتر، انتظام، "دور" سے مولد ہے۔

ادَب خانۃ۔ پاخانہ، ترکی سے نقل ہوکر آیا ہے۔

اَدبیؔ۔ علمی، اخلاقی، "ادب" سے بنا ہے

اِدّخان۔ حقہ یا سگریٹ پینا، "دخان" سے لیا گیا ہے۔

ادّراج۔ اخبار میں کسی خبر یا مضمون کو شائع کرنا، اصلی معنی لپیٹنا۔

اِدریس۔ سپاسنامہ "ایڈریس" کی تعریب ہے۔

اَدَرنۃ۔ شہر اڈریانوپل کو کہتے ہیں، ترکی ممالک میں واقع ہے۔

اِدوارد۔ ادورڈ (نام)

ذ

آذار۔ رومی مہینہ مطابق مارچ، سریانی۔

اِذاعۃ۔ سرکلر، سرکاری اطلاع عام، پہلے صرف

اشاعت کے معنی تھے۔

ر

الارادۃ السنیۃ۔ فرمان سلطانی، قدیم معنی ارادہ روشن یا ارادہ بلند کے ہیں۔

ارتزاق۔ نوکری پیشہ۔ رزق سے لیا گیا ہے۔

(فلسفۃ) الارتقاء۔ مسئلہ ارتقا جس میں انواع کی تدریجی ترقی مانی جاتی ہے، ایوولیوشن تھیوری۔

ارثماطیقی۔ علم حساب، یونانی لفظ ارتھمیٹک سے بنا ہے۔

ارثودکس۔ آرتھوڈکس، ایک عیسائی فرقہ۔

اردب۔ غلہ ناپنے کا ایک بڑا پیمانہ، قبطی الاصل ہے۔

اردن۔ عیسائیوں کا مذہبی مقدس دریا جورڈن یا وہ بوتل جس میں دریائے جورڈن کا پانی ہو۔

اردو۔ لشکر، لشکر گاہ، ترکی۔

اردیّۃ۔ لوہے کی سلاخ، دخیل۔

ارسالیہ۔ وفد، روانگی، وہ جماعت جو کسی خاص غرض سے کہیں بھیجی جائے "ارسال" سے لیا گیا ہے۔

ارشیدوک۔ امیر کبیر، آرچ ڈیوک، تعریب۔

ارستقراطیۃ۔ شخصی سلطنت، ایرسٹوکریسی کا معرب۔

ارساء۔ جہاز لنگر انداز کرنا، لغت میں اس کے معنی کاٹنے کے ہیں، اول کشتی کے لئے یہ لفظ مستعمل ہوا، اب جہاز کیلئے بولا جاتا ہے۔

ارضیّۃ۔ ڈیمرج، اسٹیشن سے مدت معینہ کے اندر پارسل نہ پہچاننے کا جو کرایہ زمین لگتا ہے "ارض" سے مولد ہے۔

ارغن۔ ارگن باجہ۔

ارغنون۔ ارگن باجہ۔

ارگیلۃ۔ حقہ۔ نارجیلہ کی بگڑی ہوئی صورت ہے۔ نارجیل عربی میں ناریل کو کہتے ہیں چونکہ ابتدائی حقہ ناریل تھا اسلئے حقہ کو نارجیلہ کہتے ہیں۔

ارمیل۔ اینٹ، شاید "رمل" بمعنی خاک سے ماخوذ ہو۔

ارمن۔ ارمنی قوم۔

ارنج۔ انگریزی جوتے کی روشنائی، دخیل۔

ارناؤط۔ ارناؤد۔ البانی قوم۔

اروام۔ ممالک روم کے قدیم باشندے۔ رومی کی جمع

اریاف۔ گاؤں، دریا کے پاس کے زرخیز کھیت "ریف" کی جمع، سرسبز زمین کے معنی میں یہ قدیم لفظ ہے۔ گاؤں کے معنی کھیت کی مناسبت سے پیدا ہوئے ہیں۔

ز

ازھرۃ۔ شکل۔

ازبرتو۔ اسپرٹ کا معرب ہے۔

ازمیر۔ شہر سمرنا کو عرب ازمیر کہتے ہیں۔

س

اساسی۔ [illegible] اصلی از اساس بمعنی بنیاد۔

اسبان۔ اسپینش [illegible]، ساکنان اسپین،

اِسپانیا ۔ ہسپانیہ، اسپین۔

اِسپانیول ۔ باشندگانِ اسپین۔

اَسبتالیۃ ۔ اسپتال۔

اُستاد ۔ کوچبان، ترکی۔

اُستاذ ۔ پروفیسر، ماہر فن، پہلے معنی (اُستاذ) میں کسی قدر خصوصیت آگئی ہے، یہ لفظ عربی الاصل نہیں ہے۔ تاجروں کے جنرل رجسٹر کے معنی میں بھی یہ لفظ اب مستعمل ہے۔

استار ۔ گنڈا یعنی چار عدد، دخیل۔

اِستانۃ ۔ ترکی دربار شاہی، قسطنطنیہ، فارسی لفظ ہے۔ تعظیماً آستانۂ خلافت مستعمل تھا، کثرتِ استعمال سے اب صرف آستانہ رہ گیا۔

اِستبداد ۔ بادشاہ یا حاکم کی خود مختاری، خود رائی، شخصی حکومت، قدیم لغت میں "استبداد" کے معنی بلا شرکت غیر کسی کام میں متفرد ہونے کے ہیں، غالباً سب سے پہلے اس لفظ کو ابن خلدون نے موجودہ معنی کے قریب قریب استعمال کیا۔

اِستخدام ۔ کسی چیز کو کسی کام میں لانا، لگانا، استعمال کرنا، قدیم معنی صرف، کسی آدمی کو نوکر رکھنے کے تھے، اب اس معنی میں وسعت ہوگئی ہے۔

استلام ۔ لینا، وصول پانا، قدیم لغت سے کسی قدر تغیر ہوگیا ہے۔

اِستعداد ۔ طیاری، طیار ہونا جنگی سامان سے طیار ہونا، پہلے معنی اصلی ہیں۔

اِستعراض ۔ جائزہ لینا، عرض (بمعنی پیش کردن) سے بنا ہے۔

اِستعمار ۔ نو آباد کرنا، کسی مجہول مقام یا وحشی ملک پر کسی سلطنت کا قابض ہونا اور وہاں آبادی بڑھانا، علم و تمدن پھیلانا، عمارت بمعنی آبادی سے یہ لفظ مولود ہے۔

اِستقالۃ ۔ کسی نوکری یا خدمت سے استعفا دینا، اصل میں گناہ سے معافی چاہنے کے معنی ہیں، مجازاً اس معنی میں استعمال ہوا، اور اب گویا حقیقی معنی میں ہوگیا۔

اِستقامۃُ سیرِالساعۃِ ۔ گھڑی کی چال ٹھیک ہونا۔

اِستقلال ۔ سلطنت کا یا قوم کا خود مختار ہونا، کسی دوسری سلطنت کے تابع نہ ہونا، خود مستقل ہونا، مولّد،

استلام ۔ دیکھو استسلام،

اسلفات ۔ متوجّہ کرنا، قدیم زبان میں اس باب سے یہ لفظ مستعمل نہیں ہوا۔

استمارۃ ۔ اوفیشل فارم، حاکم بالا کے کاغذاتِ احکام شاید امر سے استمارت، و اسمارۃ سے استمارہ ہوگیا ہو مگر مسٹر آرنلڈ اسکو لاطینی کہتے ہیں۔

اِستنارۃ الفکر ۔ روشن خیالی، یہ محاورہ جدید ہے۔

استنطاق الشہود ۔ گواہ پر سوالات جرح کرنا، لغوی معنی سے وجہ مناسبت ظاہر ہے۔

اِستھلاک - قرض کا روپیہ ڈوب جانا، اصلی معنی صرف کرنا۔

اِستوکھلم - شہر اسٹاک ہوم پایۂ تخت ملک سویڈن۔

اِسْتِئْناف - مقدمہ اپیل کرنا۔ اصلی معنی کسی کام کو از سر نو شروع کرنے کے ہیں۔

اِستیداعَ العفش - گاڑی میں اسباب رکھنا، بھرنا۔ قدیم و جدید معنی میں مناسبت ظاہر ہے۔

اُسرُوب - جست، سیسہ فارسی۔

اَسطریا - ملک اسٹریا

اسطریلیا - ملک اسٹریلیا۔

اسطوفة - پھولدا، موٹا کپڑا، دخیل۔

اُسطول ج اساطیل - جنگی جہازوں کا بیڑہ - یہ لفظ عربی میں زمانہ قدیم میں یونانی سے آیا۔

اسفلت - تارکول انگریزی۔

اِسفَنْجَة - اسپنج کا معرب ہے جاذبِ آب، یونانی۔

اسقاط - کمیشن - قیمت سے کچھ گرا دینا۔

اُسقف ج اساقفہ - لتبپ، عربی میں یونانی سے قبطی کی وساطت سے آیا۔

اِسکلہ ج اَسَاکِل - بندرگاہ کی آبادی، لاطینی۔

اِسکَمْلہ - تپائی، مونڈھا، ترکی۔

اِسْکمناس - اکزمینس کا معرب ہے، فلزات معدنی کو ورثہ نوعی کے ذریعہ سے شناخت کا آلہ۔

اِسْکوتسیا - ملک اسکاٹلینڈ۔

اسمنت - پلاسٹر، دخیل۔

اَسیا - ایشیا۔

اسیا الصغرٰی - ایشیائے کوچک۔

اسیا الوسطی - سنٹرل ایشیا۔

ش

اِشارات - سگنل، چونکہ سگنل سے اشارہ کا کام لیا جاتا ہے اسلئے اُسکو اشارات کہتے ہیں۔

اِشتراک - خریداری اخبار یا رسالہ کا چندہ، چندہ کا مفہوم اشتراک سے ادا کیا گیا ہے۔

اِشتراکیّة - سوشل ازم، جس سے مقصد اشتراکی زندگی اور معاشرت ہے۔

اِشتراکیٌ - سوشل، متعلق بہ سوشل ازم۔

اِشتراکیٌ ج اشتراکیون - سوشلسٹ۔

الاَشغال العُمومیة - پبلک ورکس، امور رفاہ عام۔

الاشغال النافعة - پبلک ورکس، امور رفاہ عام۔

اَشلاء - فوج، دخیل۔

ص

اِصابة بالطاعون - طاعون کا کیس۔

اَصحاح - چیپٹر، باب، عبرانی۔

اِصدار - اخبار یا رسالہ نکالنا، حکم جاری کرنا - مولد۔

اَصْلِیٌ ج اصلیون۔ باشندے، ملکی۔

ض

اِلاِضْرابُ عن العمل۔ مزدوروں کا کام چھوڑ دینا، اسٹرائک کرنا، اصلی معنی کام سے روگردانی کرنا۔

الاضطراب۔ بدامنی، مولّد۔

ط

اطار ج اُطُر۔ فریم، چوکھٹا، اصلی معنی کمان، حلقہ۔

اِطالیا۔ ملک اٹلی۔

اطلاس۔ اٹلس، جغرافی نقشوں کا مجموعہ اٹلس دراصل عربی لفظ اَطلس سے ماخوذ ہی، چونکہ عرب جغرافی نقشے اطلس پہ بناتے تھے اسلئے اُن نقشوں کو بھی اطلس کہنے لگے، یورپ نے اطلس کو اٹیلس کہا، موجودہ انقلاب میں جب یورپ نے اس لفظ کو عربی زبان کو واپس کیا تو اطلس سے اطلاس ہوگیا۔

اِطلاقُ النار۔ فیر کرنا، فیر انگریزی لفظ فائر کی جگہ نار ہی۔ اور اطلاق رہا کرنے چھوڑنے کے معنی میں تھا۔ اسکو بندوق چھوڑنے کے معنی میں لے لیا۔

اِطلاقُ المِدفع اوالبندق۔ توپ یا بندوق سر کرنا

اِطلانتک۔ بحر اٹلانٹک۔

اَطْلس۔ جغرافی نقشوں کا مجموعہ، دیکھو اطلاس۔

اطنہ۔ شہر، واقع ممالک عثمانی۔

اطیان۔ زمین کاشت طین سے مولد ہے جسکے معنی مٹی کے ہیں۔

ع

اِعتراض۔ جائزہ لینا، ماخوذ از عرض۔

اِعتصاب۔ یکہ کرنا، اسٹرائک کرنا۔ "عصبیت" سے مشتق کیا گیا ہی۔

اعتیادی۔ معمولی، جو عادۃً ہوتا رہتا ہے۔

اعدام۔ سزائے موت۔

اَعضاء۔ ارکان کسی مجلس کے ممبر۔ لفظ ممبر (عضو) کا ترجمہ کیا گیا ہی۔

الاعضاءُ الاثریۃ۔ فلسفۂ ارتقاء کے رو سے انسان کے بدن میں بچپنے مدارج کے بعض اعضاء ریطورا ثر کے اب تک باقی رہ گئے ہیں جو اب غیر مفید ہیں جیسے کان کا حاجی حصہ اُن کو الاعضاء الاثریہ کہتے ہیں۔

اِعلان۔ اشتہار، اشتہار دینا۔

اَعمال۔ کارنامے روداد، واحد عمل۔ لغت کے لحاظ سے اچھے برے ہر کام کو اعمال کہہ سکتے تھے۔

اعیان۔ ہوس آف لارڈز کے ممبر، واحد عَین ہے جسکے اصلی معنی شریف و برگزیدہ کے ہیں۔

غ

اِغراض۔ جانب داری، طرفداری، قدیم لغت میں یہ معنی نہیں ہیں

اعراض، اسباب، سامان، [illegible] معنی میں مولد ہے۔

اِغْرِیق ج اغارقة - یونانی قوم، گریک کی تعریب -

اِغْرِیقی - یونان کا ایک آدمی، یونانی -

اَغُسْطُس - ماہ اگست کا معرب -

اَغْلَبِیَّة - کثرت رائے، اغلبیت رائے، مجارٹی -

ف

اِفَادَةٌ رسمیَّة - سرکاری اطلاع -

اِفْرَنج - اہل فرنگ، یورپین، عرب کے تعلقات اہل یورپ میں سے فرنج کے ساتھ زیادہ تھے اور انہیں سے ان کو زیادہ تعارف تھا، اس لئے وہ تمام یورپ کو فرنج اور افرنج کہتے ہیں۔ بعض لوگ اسکو اسی لفظ فرنگ سے معرب سمجھتے ہیں اور ہماری رائے میں صحیح یہ ہو کہ خود فرنگ فرنج سے بنا ہے -

اَفْرِیقة، اَفْرِیقیا - افریقہ جس میں مصر، سوڈان، مراکش وغیرہ شامل ہیں -

اِفْلَاس - دیوالہ، دیوالیہ ہوجانا، قدیم معنی میں ایک قسم کی تخصیص ہوگئی ہی -

اَفُوکَاتُو - وکیل، ایڈوکیٹ، لاطینی -

اَفُوکَاتِیَّة - کسی وکیل کا دفتر وکالت -

ق

اِقَالَة - نوکری یا کسی خدمت سے علیحدہ کردینا - قدیم لغت میں عفو خطا کے معنی تھے -

اِقْتِرَاح - تحریک، درخواست، کسی تجویز کی تحریک کرنا، درخواست کرنا - پہلا جدید معنی ہی، دوسرے معنی میں قدیم معنی سے وسعت پیدا ہوگئی ہی، پہلے بلا تامل کسی چیز کو مانگنے کے معنی تھے -

اِقْتِصَاد - اکانمی، مداخل و مدارج و کفایت شعاری کا علم، قدیم معنی میانہ روی کے ہیں -

اِقْتِصَادِیّ - مولد اِقْتِصَادِیَّة - اکانمیکل، متعلق بہ علم اقتصاد، مالی،

اِقْتِصَادِیّ ج اقتصادیون - اکانمسٹ - ماہر علم اقتصاد -

الاقرار العلی - کسی تجویز کو منظور کرنا، کسی رزولیوشن کو پاس کرنا، مولد -

اَقْطَاب - ہیرو، ممتاز ارکان، قطب اصل میں چکی کے اس کیل کو کہتے ہیں جس پر چکی گھومتی ہی -

اِقْلِیم - صوبہ - یہ لفظ ابتدائے ترجمۂ علوم یونانی کے زمانہ میں عربی میں آیا لیکن اسوقت اسکے معنی جغرافی اقلیم کے تھے، جو روئے زمین کے اقسام سبعہ میں سے ہر ایک پر بولا جاتا تھا -

اِقْفَال - کسی کارخانہ یا مدرسہ کو بند کرنا، اصلی معنی مکان میں تالا لگانے کے ہیں،

ك

اِکَادِیمیَّة، اِکَادِیمیا - مجلس علماء، اکاڈمی کا معرب، یونانی

اِکتتاب - چندہ، چندہ کی فہرست کھولنا، چندہ دینا، یہ لفظ "کتب" سے مشتق ہوا ہے جسکے معنی جمع کرنے کے ہیں۔

اِکتتاب - کسی اسکول یا کالج یا کسی اور مدرسہ میں اپنا نام لکھانا، یہ "کتابت" سے ماخوذ ہے جسکے معنی لکھنے کے ہیں۔

اکتشاف - کوئی جدید تحقیق کرنا - مولّد

اکتشافات - تحقیقات جدید۔

اکتوبر - ماہ اکتوبر۔

اکثریۃ - کثرت رائے، مجازی۔

اِکسبریس - ڈاک گاڑی، میل، ایکسپریس کی تعریب ہے۔

اِکسبوزیسیون - نمائشگاہ، ایگزبیشن کی تعریب ہے۔

ل

اَلاَجا - کامدانی کپڑا، ترکی۔

اَلبُوم - مجموعہ تصاویر، البم سے معرب ہوا۔

الالتحاق بالمدرسہ - کسی مدرسہ میں داخل ہونا

اِلغاء - کسی محصول کو عام طور سے معاف کر دینا یا کسی قانون کو اٹھا لینا، معنی قدیم سے مشابہت ظاہر ہے۔

اِلقات - ملتفت کرنا، یہ لفظ اس باب سے پہلے نہیں آیا۔

القاء القبض - گرفتار کرنا، یہ ترکیب جدید ہے۔

اِلکترون ج الکترونات - الکٹرن، جوہر فرد۔

الکحول - الکحل، اسپرٹ، روح شراب، یہ لفظ اصل میں عربی ہے جو اصل میں عرب سے یورپ میں رہا اور وہاں سے آیا، موجودہ تلفظ اس جب یہ لفظ پھر عربی میں آیا تو بعض لوگ ال اصلی سمجھے اس لئے لام تعریف دوسرا بڑھا کر، الالکحول بنا دیا۔

اِلمام - علم، تجربہ، اس معنی میں پہلے مجازاً مستعمل ہوا جیسے له المام بذلك النبوع، اب حقیقۃً اس معنی میں آتا ہے۔

آلمان - عرب جرمن کو کہتے ہیں۔

المانیا - ملک جرمنی۔

اِلیاذۃ - ہومر کی مشہور نظم اِلیڈ۔

اِلیصابات - الزبتھ نام۔

الیومین - الیومینوم ایک دھات، انگریزی۔

م

اِمارۃ - ریاست، اسٹیٹ، مولّد۔

اُمبراطور - شہنشاہ، امپرر، لاطینی۔

امبراطورۃ - ملکہ، امپریس، لاطینی

امتیاز - حق، الحق، مولّد۔

اُمثولہ - نمونہ، سبق، مولّد۔

اِمساک - قبض (بیماری) مولّد۔

اِمضاء - دستخط، دستخط کرنا - مولّد

اَملاک - جائداد - ملک کی جمع، یہ پہلے عربی میں مستعمل نہ تھی اور نہ یہ خاص معنی رکھتی تھی، فارسی سے آئی ہے۔

اُمّہ ج اُمم - قوم پہلے امت کے معنی مخلوق گروہ کے لئے تھے۔

الاموال الامیریۃ۔ ٹیکس

الامور النافعۃ۔ پبلک ورکس، امور رفاہ عام۔

آمیال۔ خواہشیں، آرزوئیں۔ میل کی جمع۔ قدیم عربی میں یہ معنی نہ تھے، اہل فارس نے اس لفظ کو اس معنی میں استعمال کیا اور اب اہل مصر بھی بولنے لگے۔

امیرُالای۔ کرنل، ایک رجمنٹ کا افسر، دیکھو آلای۔

اَمیرال۔ افسر جہازات، یہ لفظ اصل میں "امیرالبحر" تھا، یورپ کی زبانوں میں یہ لفظ جاکر "اڈمیرل" ہوگیا، موجودہ انقلاب میں جب انگریزی سے عربی میں آیا تو لوگ اسکو پہچان نہ سکے اور ایک اجنبی لفظ کی طرح "امیرال" کہنے لگے۔

امیرالبحر۔ افسر جہازات۔

امیرکا۔ امریکہ۔

امیرکان۔ باشندگانِ امریکہ، امریکن۔

امیرُاللواء۔ (بریگیڈیر جنرل ایک فوجی عہدہ)

امین ج امناء۔ ٹرسٹی، اصلی معنی معتمد کے ہیں اور درحقیقت ٹرسٹی بھی قوم اور ملک کے معتمد ہوتے ہیں۔

امین السِّر۔ سکرٹری۔

امین السجلات۔ محافظ دفتر (عہدہ)

امین الصندوق۔ خزانچی۔

اُمّنہ۔ چوسنے کی بتی۔

اَمیری۔ ٹیکس شاہی۔

امیریّۃ۔ ریاست، گورنر کے حدودِ حکومت۔

ن

اناضول۔ اناطول، مقام اناطولیہ واقع ممالک عثمانی۔

اُنبوب ج اَنابیب۔ پائپ، نلی، قدیم معنی نرکل کے ہیں۔

الانتحار۔ خودکشی، نحر سے مشتق ہے جسکے معنی گلا کے ہیں، چونکہ اکثر گلا دبا کر خودکشی ہوتی ہے اسلئے اُسکو انتحار کہتے ہیں۔

الانتساب الی المدارسۃ۔ کسی مدرسہ یا اسکول میں داخل ہونا۔

اِنتشار۔ کسی اخبار یا رسالہ کا شائع ہونا، تمام ملک میں کسی چیز کا پھیل جانا۔

انتیکۃ۔ قدیم عجیب چیز، لاطینی۔

انتیکاتی۔ تاجر اشیائے قدیمہ نادرہ۔

انتیکہ خانہ۔ عجائب خانہ۔ میوزیم، لاطینی و فارسی،

انتیمونی۔ سُرمہ، انگریزی۔

انترو بولوجیا۔ انتھراپولوجی، علم الانسان، یونانی۔

اِنجلیز۔ انگریز۔

اِنجیلی۔ عیسائیوں کا ایک فرقہ جو پروٹسٹنٹ کہلاتا ہے۔

اِنحراف الصحۃ۔ ناسازی صحت، بیماری۔ مولد۔

اِنستی تو۔ انسٹیٹیوٹ کا معرب ہے، مجلس علمی۔

الانشاء۔ اڈیٹری، انشا پردازی، انجمن یا اور کسی کارخانہ وغیرہ کا قائم کرنا۔

الانطلاق - گولی چل جانا، دست آنا۔

الانفاذ - حکم نافذ کرنا، بھیجنا، مولّد۔

انفلونیزا - وبائے زکام جو سرد ملکوں میں خطرناک ہوتی ہے

انکشاری - ینگچری، ترکوں کی ایک مشہور گذشتہ فوج۔

اِنکلترا - انگلستان، قدیم عرب جغرافیہ نویس اسکو انکلطرۃ لکھتے تھے۔

انکلیز - انگریز، انگلش۔

اِنکلیس - انگریز، انگلش

اِن توالیدن - بیکار سپاہیوں کا مسکن، انگریزی۔

و

اُوبرا - مکانِ رقص و سرود، انگریزی۔

اُوتومبیل - موٹر کار، غالبًا فرنچ۔

اُوتیل - ہوٹل کا معرّب۔

اُودہ - کمرہ، بالاخانہ، دفتر، ترکی۔

اُودہ باشی - خانسلمان، ہوٹل کا منیجر، ترکی۔

اَوراق - کاغذی سند، ورق کی جمع۔

اَوراق النعین - سند تقرری۔

اُوردلہ - دستۂ فوج، ترکی۔

اوزون - برق طاری کیا ہوا آکسیجن۔

اُوضۃ - دیکھو اُودہ

اُوضجی - پیادہ، ترکی۔

اَوقِیۃ - ایک وزن مساوی اونس، یونانی۔

اَوّل البارحۃ یعنی قبل الغد، پرسوں۔

اومینبوس - ایک قسم کی سواری گاڑی۔

اُمیروس - مشہور یونانی شاعر ہومر۔

اُون باشی - دس سپاہیوں کا افسر، جسکو کارپورل کہتے ہیں۔ ترکی۔

اونی ورستۃ - یونیورسٹی کا معرّب۔

ہ

اَھالی - پبلک، عام باشندے، اھل سے جمع بنائی ہے

اھلیۃ - سودیشی، ملکی، مولّد

ی

آیار - رومی مہینہ مطابق ماہ مئی، سریانی

اِیالۃ - صوبہ، ترکی۔

اِیراد ج ایرادات - آمدنی - مولّد۔

اِیرلاندا - آئرلینڈ، (ملک)

اِیطالیۃ - اٹلی، (ملک)

الایقاف - روک دینا، مجرم کو کٹھرے میں کھڑا کرنا، کسی عہدہ دار کو کسی قصور پر مدت معینہ کے لئے برطرف کردینا جسکو انگریزی میں سسپنڈ کہتے ہیں۔

آیلول - رومی مہینہ مطابق ماہ ستمبر۔ سریانی۔

ردیف الباء

ا

بابا - پوپ جو عیسائیوں کے خیال کے مطابق جانشین مسیح ہے۔

الباب العالی - ترکی وزرا کا دربار اس دربار کی عمارت،

باجیج - پاپوش، سلیپر، فارسی۔

بابور - انجن، ریل گاڑی - لاطینی،

بابور البر - ریل گاڑی۔

بابور البحر - جہاز۔

بابوی - منسوب - بابا (پوپ)

باتورج بواتیر - ایک قسم کے پودے کی بنی ہوئی چٹائی۔ ساحر کوز مانی۔

باتولوجیہ - پیتھالوجی، علم ترکیب الادویہ یونانی۔

باخرۃ ج بواخر - اسٹیمر، بخار سے مشتق ہے، باخرہ لفظ اسٹیمر کا بالکل لفظی ترجمہ ہے۔

بارۃ - مصری سکہ جو قرش کا چالیسواں حصہ ہوتا ہے، فارسی لفظ پارہ سے لیا گیا ہے۔

بارادہ - پریڈ کا معرب، فوجی ورزش کی صف۔

باراموت - عیسائی عید سے ایک روز پہلے کا دن، یونانی۔

بارج - ماہر جہاز ران، مولد۔

بارجۃ ج بوارج جنگی جہاز مولد، سرائے، ترکی زبان۔

بارلمان - پارلیمنٹ کا معرب۔

بارود - بارود، سریانی۔

بارودۃ ج بوارید - بندوق۔

باریز - شہر پیرس، دارالحکومت فرانس،

باریس - پیرس۔

بازرکان - سوداگر، فارسی۔

باسابورط - پروانۂ راہداری، پاسپورٹ کی تعریب۔

باسفور - دریائے باسفورس جو شہر قسطنطنیہ سے ہوکر گذرتا ہے۔

باش - افسر، ترکی۔

باشا ج باشاوات - پاشا - ترکی اعلیٰ عہدہ داران اعلیٰ معززین کا خطاب، فارسی۔

باش جاویش - سارجنٹ میجر ترکی۔

باش کاتب - سیکرٹری، ہیڈ کلرک، ترکی۔

باش مہندس - چیف انجینیر، ترکی۔

باشی - افسر، ترکی

باشی بوزق - بے قاعدہ فوج، ترکی۔

باقہ - گلدستہ، اندلسی۔

بالا - ایک ترکی اعلیٰ عہدہ، جو وزیر سے کسیقدر کم رتبہ ہوتا ہے - فارسی۔

بالۃ - سوداگری کپڑوں کا گٹھر، انگریزی۔

بَالْتُو۔ اوورکوٹ

بالتيق۔ دریائے بالٹیک

بَالْكون۔ بالاخانہ، ماہتابی، ترکی۔

بالو۔ گیند، بال، لاطینی۔

بالو۔ محفلِ رقص، لاطینی۔

بَالُون۔ غبارہ، بیلون کا معرب۔

بَامْبَاجي۔ پاسپائی، اٹلی کا برباد شدہ شہر۔

بَان۔ پان، مصری بید کا درخت۔

بادرة۔ جہاز کا لنگر، انگریزی۔

بائعٌ بالجملة۔ تھوک فروش تاجر۔

بائعٌ بالمفرّق۔ خردہ فروش تاجر۔

بائكة ج بوائكُ۔ گودام، اسٹور ہوس۔

ت

بُتاسة۔ پٹاس

بترول، بِنْزال۔ پیٹرول تیل، فرنچ،

بَتّية ح بناتي۔ لکڑی کا بڑا پیپا۔

ح

بِحارة۔ فنِ جہازرانی، فنِ جنگِ دریائی، پیشہ، اعمالِ بحریہ۔

بحرِي ج بحرية۔ جہازی، ملاح۔

بحريّة سلطنت کی بحری طاقت، بحری سیفہ۔

البحر الابیض دریائے روم۔

البحر الاحمر۔ ریڈسی، دریائے قلزم۔

البحر الاسود۔ بحرِ اسود۔

البحر الاطلانطيقي۔ دریائے اٹلانٹک۔

بحر الخزر۔ دریائے کاسپین۔

بحرُ الظلمات۔ دریائے اٹلانٹک۔

البحر المحيط۔ دریائے کاہل۔

خ

بُخار۔ بھاپ۔ اسی مناسبت سے انجن کو بھی 'بخار' کہتے ہیں۔

د

بِداوة۔ غیر شائستگی، بے تمدنی، ماخوذ از بادیہ۔

بُدارة۔ پوڈر، سفوف، فرنچ۔

بَدْرُون۔ باؤلی، تہ خانہ، ترکی۔

بَدْری۔ سویرے۔

بَدَل۔ خرچ۔ قیمت، مولّد

بدل الاشتراك۔ خریداری اخبار ورسالہ کی قیمت۔

بَدْلَة ح بدلات۔ کپڑوں کا جوڑا، سوٹ۔

بدلی۔ اخبار ورسالہ کا خریدار، مشتق از بدل۔

ذ

بِذلة۔ کپڑوں کا جوڑا، سوٹ، خانگی لباس، اصلی معنی

ب

براءه - لائسنس -

برانستنت - پروٹسٹنٹ، عیسائیوں کا ایک فرقہ جو لوتھر کا
پیرو ہے، کسی غیر زبان سے آکر مولد ہوا۔

بَرْبَکَۃٌ - دھوکا دینا، کسی محصول وغیرہ کا رعایا پر بار دینا۔
علی کے ساتھ ہے۔ یہ کسی غیر زبان سے آکر مولد ہوا

بَرْبَکَۃ ج برابیك - دھوکا، محصول وغیرہ کا بار۔

بَرْبَرِیَّۃ - وحشی پن، بے تمدنی، چونکہ بربر قوم نہایت وحشی تھی
اسلئے بربریت وحشی پن کو کہنے لگے۔

برتغال - پرتگال، (ملک)

برتقال، برتقان، بردقان - میٹھا نارنگی چونکہ یورپ
میں سب سے پہلے اہل پرتگال اس پھل کو لائے اسلئے انہیں کے
نام سے اسکی شہرت ہوگئی۔

بَرْتَمَان - مرتبان،

برجل - پرکار، ترکی۔

بَرْداخ - تہذیب، تمدن، جلا، صیقل، پالش، وارنش،

بَرْداق ج برادیق - گھڑا، مٹکا، ترکی۔

بَرْدانہ - مسہری کا پردہ، فارسی۔

بَرْدج - بردہ کا معرب غلام، قیدی، جنگ، فارسی

بَرْدَخَ - مہذب بنانا، صیقل کرنا، وارنش کرنا۔

بَرِّ اعظم - خشکی کا وہ بڑا حصہ جس میں بہت سے ملک آباد
ہوں -

بَرّاد - چائدان، مولد

بَرّانی - بیرونی، غیر ملکی، فارسی۔

بَرّیمۃ - برما، پیچ کش، اسکرو، اندلسی۔

بَرّیۃ - سلطنت کی بری طاقت، بری صیغہ، مولد۔

بَرْزَخ - خاکنائے، چونکہ خاکنائے دو دریا کے درمیان میں
حائل ہوتا ہے اسلئے اسکو برزخ کہتے ہیں۔

بَرْش - برش سے کپڑے کو صاف کرنا، انگریزی لفظ سے عربی مصدر بنالیا ہے

بُرشام - نشان مقدس، وہ روٹی جسکو رومن کیتھولک حضرت
مسیح کا بدن سمجھکر ایک خاص مقرر دن میں کھاتے ہیں،
سریانی۔

بَرْشان - ایک لسدار شے جس سے لفافہ بند کیا جاتا
ہے، لیئی، دخیل۔

بِرِشت - نیمبرشت، فارسی۔

بَرْشَمَۃ - برش کرنا، برش سے کپڑے کو صاف کرنا۔

بَرْشَنَۃ - برشان سے مصدر بنالیا ہے، برشان سے
لفافہ بند کرنا۔

بَرْشِیمۃ - اونی کپڑوں کے صاف کرنیکا برش۔

بُرْصَۃ - صرافخانہ، ایتالین۔

بُرْغرام - پروگرام، نظام اوقات، نصاب تعلیم

بُرْغندی - برانڈی شراب۔

بُرغوث ج براغیث - چاندی کا سکہ، مساوی ایک قرش۔

برغی - پیچ والی کیل، برما، ترکی

برفیر - ارغوانی رنگ، یونانی۔

برقوق - شفتالو۔

برقیۃ - ٹیلیگرام، تار۔

البرقیۃ اللاسلکیۃ - بے تار کی تار برقی۔

البرقیۃ المارکونیۃ - بے تار کی تار برقی - مارکون چونکہ اسکا موجد ہوا اسلئے اُسکی طرف منسوب ہے۔

برکار - پرکار، معرّب،

برکان ج براکین - کوہ آتش فشاں، اِیتالین

برلمان - پارلیمنٹ کی تعریب۔

برلین - شہر برلن پایۂ تخت جرمنی۔

برمیل - پیپا، لاطینی۔

برن - شہر برن سوئیٹزرلینڈ کا دارالحکومت۔

برنامج - فہرست، بجٹ، فارسی،

برنامج الاعمال - کسی صیغہ یا انجمن کی رپورٹ، روداد۔

برنجک - کریپ (لیس) ترکی۔

برنس - پرنس، شاہزادہ، لاطینی۔

برنسیس - پرنسس، شاہزادی، لاطینی

بُرنیطۃ - ہیٹ، انگریزی ٹوپی، اِیتالین۔

برواز - تصویر یا آئینہ کا چوکھٹا، فارسی۔

بروانہ - انگشتانہ۔

بروتوکل - یادداشت۔

بروجرام - پروگرام، نظام اوقات، نصاب تعلیم، نظام اُمور۔

برودۃ - کاہلی - اصلی معنی سردی، ٹھنڈک،

بروسیا - شہر پروشیا

بروغرام - پروگرام، پہلی تعریب بقاعدہ قدیم اور دوسری تعریب بقاعدہ جدید ہے۔

بروفۃ - پروف، کاغذ زیر طبع کا پہلا نسخہ جو بغرض تصحیح دکھاتا ہے، اِیتالین۔

بروکسل - برسلس، پایۂ تخت بلجیم۔

برونز - ایک دھات جو پیتل، جست اور تانبا سے مرکب ہوتا ہے انگریزی۔

بروزہ تصویر یا آئینہ کا چوکھٹا، کھا، دیکھو برواز۔

برّوۃ - پیروت [illegible]۔

برہۃ - لمحہ، پہلے وقت کے کثیر حصہ کو کہتے تھے۔

برنیۃ - انگریزی صندوق نما یا خانہ - ورغ،

برید - خطوط وغیرہ کی ڈاک، یہ لفظ بنو اُمیہ کے زمانہ میں فارسی سے عربی میں آیا۔

بَرِیزِیدان - پریزیڈنٹ، میرمجلس،

بریطانیة - برٹین، برٹش، انگریزی،

ز

بزابورت - پاسپورٹ، پروانۂ راہداری۔

بَزابورط - پاسپورٹ۔

بَریُور - ٹونٹی۔

بَزْرج بُزود - ریشم کا کیڑا، انڈا، اصلی معنی تخم۔

بزّارستان - بازار بزّازی، بازار پارچہ فروشی، فارسی۔

س

بَسابورت - پاسپورٹ۔

بِساط - دری، بسط سے ماخوذ ہے جسکے معنی بچھانے کے ہیں۔

بِساطة - سادگی، سادہ دلی، معمولی پن، مولّد۔

بُستة، بسُتو - عورتوں کا سینہ بند، انگریزی، اگیا، لاطینی۔

بَسْکلیت - بائسکل گاڑی فرنچ۔

بسیط ج بُسطاء - سادہ، سادہ دل، معمولی۔

بَسیطة - روئے زمین، بمعنی مبسوط۔

بسیکولوجیا - سائیکالوجی - علم النفس، یونانی،

ش

بشاطل - پستول کا معرّب۔

بِشتَختة - ایک صندوق نما لکھنے کی میز، چھوٹا بکس فارسی

بَشْرَف - تھیئٹر میں تماشا شروع ہونے سے پہلے جو سرود ہوتا ہے۔

بِشْکِیر - پیش گیر، تولیہ جو کھانے کے وقت زانو پر ڈال لیتے ہیں تاکہ شوربا سے کپڑا خراب نہ ہو۔ فارسی،

بَشْلیك - گریبان، قمیص کا وہ حصّہ جہاں بٹن لگایا جاتا ہے۔

بَشْنِین - لوٹس، مصری کنول کا پھول،

ص

بَصّاص - جاسوس۔

بَصْم - چھاپ، ٹھپہ، نشان، چھاپنا، داغنا، نشان لگانا، ترکی۔

بَصمه‌خانه - مطبع، ترکی۔

بَصمه‌جی - پرنٹر، چھاپنے والا۔ ترکی۔

ض

بِضاعة ج بضائع - اسباب تجارت، سامان سوداگری، قدیم معنی بھی اسی کے قریب قریب ہیں، وہ یہ ہیں کہ تھوڑا سامال جو کسی کو دے کر بغرض تجارت کہیں بھیجا جاتا ہے۔ لفظ بضع سے مشتق ہے۔

ط

بَطّاریة - باٹری، فوج کا دستہ، توپخانہ کا مورچہ۔

بَطاطة - آلو، انگریزی۔

بَطَاطس - آلو - انگریزی -

بَطَاقہ - کارڈ، وہ کاغذ جسپر مال کی قیمت لکھ کر مال میں لگا دیا جائے، یہ لفظ قدیم معرب ہے، مگر اسکے پہلے معنی اب پیدا ہوئے ہیں دوسرے معنی میں پہلے کپڑے کی تخصیص تھی، یونانی

بطالہ - تعطیل، مولد -

بَطرسبرج، بطرسبرغ - پٹرسبرگ، پایہ تخت روس -

بَطرک - ایک عیسائی مذہبی عہدہ - پٹرارک - یونانی -

بُطری - بوتل، دفیل

بَطربرک - عیسائیوں میں ایک مذہبی عہدہ پٹریارک کا معرب ہے، یونانی -

بَطل = ابطال - کسی واقعہ یا ناول کا ہیرو، ہیرو کا لفظی ترجمہ ہے جسکے معنی بہادر کے ہیں -

بَطنطة - صحت کے معنی سارٹیفکٹ، لاطینی -

ع

بعثة - مشن یعنی وہ جماعت جو کسی غرض سے کہیں بھیجی جائے -

غ

بُغمة - بُغمر - موتیوں کا مالا - ترکی -

ف

بَقند - باندھنا، لٹھا، چھینٹ، دریس، فارسی -

ق

بَقسماط - بسکٹ، فارسی -

ک

بِلك - ایک ترکی معزز لقب -

بَکَرة - جر ثقیل کا ایک آلہ جو بشکل دولاب ہوتا ہے، لفظ بیدر جسکے معنی دولاب چاہ کے ہیں -

بَکَرة الخیطان - دھاگے کی ریل، جو بشکل دولاب ہوتی ہے -

بُکرة - کل - اصلی معنی صبح تڑکے -

بَکسماط، بَکسماد - بسکٹ، فارسی -

بُکلة ج بُکَل - بکلس، بکسوا، فرنچ -

بَکلکة - کسی جائداد کو ضبط کر لینا، ترکی سے آیا -

بَکلوریا - بیچلر گریجوئیٹ - فرنچ -

بَکلوریا - بیچلر یا گریجوئیٹ کا درجہ یا اس درجہ کی سند -

بِکلِبک - ریاست، جائداد، خزانہ، سلطنت ترکی -

بکین - شہر بکین پایہ تخت چین -

ل

بلاش - اسکی اصل بلاشی، ہے

بَلاصی، بلاص، ج بلالیص - گھڑا مٹکا -

بَلاط - پتھر کا فرش، قصر شاہی جہاں سلطانی دربار ہوتا ہے، یونانی -

بَلاغة - پرنالہ، قدیم لفظ ماوہ موجود -

بَلاغ - نوٹس، اطلاع -

البلاغ الاخیر - الٹیمیٹم، آخری اعلان جنگ -

بلانتن - پلاٹن، ایک دھات -

بلجیک ، بلجیکا - ملک بلجیم۔

بلدیۃ - میونسپلٹی جو شہر (بلد) کا انتظام عام کرتی ہے۔

بلشفیۃ - بالشوازم، روسی اشتراکیت۔

بلطجی - جلاد - بلط قدیم عربی میں بھی تلوار کھینچنے کو کہتے ہیں، ترکی
نسبت سے جلاد کے معنی ہوئے۔

بلط، بلیط - بے خبر، بے ہوش، مولد۔

بلغار - بلگیرین قوم، ملک بلگیریا۔

بلغراد - ملک بلگریڈ جو ترکوں کی نگرانی میں ہے۔

بلفنا - بلونا جہاں ترکوں نے مشہور ناموری حاصل کی۔

بلقان - ملک مانٹینگرو۔

بلکون - انگریزی طرز کے مکانوں کا اگلا کھلا ہوا حصہ جسکو
برساتی کہتے ہیں، ترکی۔

بلک - فوج کا چھوٹا دستہ، ترکی۔

بلوار - سڑک۔

بلیت - سند، ٹکٹ انگریزی۔

بلیموث - پلائی موتھ، انگلینڈ کا بندر

ن

بن - دفی - بُن۔

بنو - سکہ مساوی بیس فرنک - لاطینی

بنداج ، بنود - دفعہ، قانون کی دفعہ، فارسی۔

بندر ج بنادر - بندرگاہ، تجارت کی منڈی ساحلی شہر فارسی

بندق - بندوق۔

بندقۃ - غلیل یا بندوق کی گولی۔

بندقیۃ - بندوق، رائفل۔

بندقیہ - عرب شہر وینس کو کہتے ہیں جو پہلے عظیم الشان منڈی تھا

بنس - پنس، سکہ مساوی ایک آنہ۔

بنصول - گھڑی کا پنڈولم، لاطینی۔

بنطلون - پتلون، فرنچ۔

بنطوفل - سلیپر جوتی۔

بنک ج بنوک - بنک - یہ لفظ بعینہ موجودہ عربی میں مستعمل ہو گیا
ہے، بنک، بنچ کا بھی معرب ہے۔

و

بوابۃ - پھاٹک، باب سے لیا ہے۔

بودجۃ - بجٹ (Budget) کا معرب ہے۔

بودرۃ - پوڈر کی تعریب، سفوف۔

بود - بودھ، بانی مذہب بودھ۔

بوذی - پیرو بودھ۔

بور - پورٹ کی تعریب، بندرگاہ۔

بورآرتر - پورٹ آرتھر، بندرگاہ آرتھر، ایک مشہور بندرگا
جہاں جاپان نے روس پر فتح پائی۔

بورت - پورٹ، بندرگاہ۔

بورتسموث - پورٹ اسمتھ، ایک مشہور بندرگاہ کا نام۔

بُورَدَة - ٹھنڈی ہوا کھانا، شاید بُرُودت سے مشتق ہو۔

بُورسعید - پورٹ سعید، ایک بندرگاہ کا نام۔

بُورصه - صراف خانہ، بنک، ہستہ، لاطینی۔

بُورَق - بورَکس سہاگا، سوڈا، فارسی۔

بُورکن - نکاس، برگندمی۔

بُوسْتَة - ڈاکخانہ، ڈاک، پوسٹ کا معرب، اٹالین۔

بُوسْتُو - سینہ بند، انگریزی انگیا، لاطینی

بُوسطة - پوسٹ آفس، ڈاکخانہ، اٹالین۔

بُوسطجی - پوسٹ مین، ڈاک پیون۔

بُوسطة عُمومیة - جنرل پوسٹ آفس، صدر ڈاکخانہ۔

بوسفور - در بار سفورس جو قسطنطنیہ کے نیچے جاری ہے۔

بوص - پانی پینے کا نل، ہزارہ۔

بوصلة - قطب نما، جس سے سمت معلوم ہوتی ہے۔

بُوط - بوٹ جوتا، انگریزی۔

بوغاز ج بوغازات - دریا کا دہانہ، آبنائے، دشوار گذار راستہ، ترکی۔

بوفه - کھانے کی دعوت کا کمرہ۔

بوق ج ابواق - بگل، پہلے ایک قسم کی بانسری کو کہتے تھے۔

بُولتیکا - پالٹیکس سیاست ملکی، یونانی

بولتیکی - پالٹیشین، عالم سیاست۔

بولصة ج بوالص - چیک، بل، ہنڈی، رسید، لاطینی

بُولوارد - بولیوارڈ جو پیرس کی ایک مشہور خوش منظر سڑک کا نام ہے۔

بولوک - مختصر دستۂ فوج، ترکی۔

بُولیس - پولیس، فرنچ۔

بولیصه - پولیس، فرنچ۔

بولسه، بولیصه - ہنڈی، چیک، بل، رسید، بلٹی۔

بولیسة الشحن، بولیصة الشحن - ریلوے پارسل کی بلٹی، دیکھو بولیصہ اور شحن۔

بوماده - پومیٹم، ایک قسم کا روغن۔

بومبائی - شہر بمبئی بندرگاہ ہندوستان۔

بوهارات الطبیخ - کھانے کی مصالحہ۔

بُویجی - وارنش والا، ترکی۔

بُویه - روغن، وارنش، ترکی۔

ه

بهرَیز - پرہیز، فارسی۔

بَهْلَوَن، بهلوان، ج بهالین - بازیگر، فارسی۔

بهو - بڑا ہال، بڑا کمرہ، قدیم معنی پیش دالان۔

ی

بیَادہ - پیادہ، فارسی۔

بیت البرید - ڈاکخانہ۔

بیداجوجیۃ - بیداگوجی، علم التعلیم، یونانی۔

البیرالارتوازیۃ - وہ کنواں جو کل کے ذریعہ سے کھودا جاتا ہے اور اس سے ایک پائپ کے ذریعہ سے پانی نکلتا ہے، اپنے مقام ایجاد ارتواز واقع فرانس کے نام سے مشہور ہوا۔

بیترۃ - بیرسٹرایٹ انگریزی۔

بیرق - علم، پھریرا، ترکی۔

بیک باشی - میجر جو ایک ہزار فوج کا افسر ہوتا ہے، ترکی۔

بیکار - پرکار، فارسی۔

بلیارد - بلیرڈ، ایک یورپین کھیل جو ایک مسہری نما میز پر گولیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

بیمارستان - اسپتال، شفاخانہ فارسی یہ لفظ عربی میں زمانۂ تمدن میں داخل ہوا۔

بیوردی - فرمانِ شاہی ترکی۔

بیورلدی - فرمانِ شاہی، ترکی۔

بیولوجیا - بیالوجی علم الحیات، یونانی۔

باب التاء

ا

تابورۃ ج توابیر - فوج کا دستہ، ترکی۔

تاخرالامۃ - قوم کی پستی، تنزل۔

تاخرالساعۃ - گھڑی کا سست ہونا۔

تاخیرالساعۃ - گھڑی کی سوئی پیچھے کرنا گھڑی کو سست کرنا۔

تاشیر - لفافہ پر مُہر کرنا، کسی امر کی شرح کرنا، کسی غیر زبان سے آیا ہے۔

التاشیر علی التذکرۃ - سفر نہ کرنے کی حالت میں ٹکٹ پر اسٹیشن ماسٹر سے عدم سفر کا سبب لکھوا لینا۔

تاکسیکوجیا - علم السموم۔

تالیف الوزارۃ - وزراء کا منتخب کرنا اور اُن کو درجہ بدرجہ مرتب کرنا۔

تالیف - کوئی انجمن یا کمپنی قائم کرنا

تامول - پان، اصلی لفظ تامبول گو سنسکرت ہے مگر عربی میں فارسی سے آیا۔

التامین - بیمہ کرانا،

التامین علی الحیاۃ - زندگی کا بیمہ کرانا۔

ب

تباعًا - بعد ضمیمہ۔

تبرّع - کسی قومی یا مذہبی کام میں عطیہ دینا، عطیہ اصلی معنی تو تھی از خود کسی کام کو کرنا۔

تبَرْدُخ - مہذب ہونا، متمدن ہونا، پالش کیا ہوا ہونا، صیقل کیا ہوا ہونا، کسی غیر زبان سے آیا۔ شام کی زبان۔

تبَروُز - چوکھٹے میں تصویر یا آئینہ کا ہونا، دیکھو رواز

تبَرّج - ستاروں کے ذریعے پیشینگوئی کرنا، شاید برج سے مشتق ہو۔

تلبی ۔ سینی جس پر ظروف رکھے جاتے ہیں۔ ترکی۔

تَبَعَة ۔ رعایا، تابع کی جمع ہے۔

تَبَعِيّة ۔ قومیت۔ رعایا ہونا۔

تبغ ۔ ترکی خشک تمباکو، ترکی۔

تبکیل ۔ کسی کپڑے میں کلس لگانا ٹس لگانا، البتہ وغیرہ۔

تبلیل ۔ کسی شہر کی آب و ہوا کا موافق آنا کسی شہر کی آب و ہوا کا عادی ہونا۔ ماخوذ از "بلد"

تبلیط ۔ سنگی فرش کرنا۔ تحقیق کے لئے دیکھو "بلاط" کام موقوف کرنا۔

تبییض ۔ قلعی کرنا، سپیدی پھیرنا، مولد۔

ت

تُنُن ۔ یہ لفظ عربی میں دو صدی سے مستعمل ہے۔ ترکی۔

تتویج ۔ تاج پوشی، "تاج" سے مشتق ہے جو فارسی لفظ ہے

ث

مثنیة الاشتراع توراة کی پانچویں کتاب

ج

التجارة الاهلیه ۔ سودیشی بیوپار، ملکی تجارت۔

تجلید ۔ جلد باندھنا، "جلد" سے مشتق ہے جس کے معنی چمڑے کے ہیں۔

تجمید ۔ کسی گیس یا سائل کو جامد بنانا۔

تجهیز ۔ کسی مال کا طیار کردینا، بنادینا۔

ح

تحریر ۔ خط، نوٹ (یعنی یادداشت)

تحریق البحر ۔ دریا کا پانی کم ہو جانا۔ مولد۔

تُحَف ۔ نادر و عجیب چیزیں، اس معنی میں ترکی سے آیا۔

التحویل علی البرید ۔ منی آرڈر کرنا۔

التحویل علی البوسطة ۔ منی آرڈر کرنا۔

التحویل علی المشتری ۔ وی پی کرنا۔

التحیة العسکریة ۔ فوجی سلام

خ

تخت ۔ پلنگ، تخت شاہی، فارسی۔

تختبوش ۔ مردانہ نشستگاہ، فارسی۔

تختة الکتابة ۔ بورڈ جس پر ماسٹر اسکول میں لکھکر سمجھاتا ہے۔

تختروان ۔ تخت رواں، پالکی، فارسی۔

تخت الملك ۔ پایۂ تخت۔

تخرّج ۔ کسی مدرسہ سے سند پاکر نکلنا، فارغ التحصیل ہونا۔

تخریج الثیاب ۔ کپڑا قطع کرنا، اضافت الی المفعول ہے۔

تخریج المدرسة ۔ مدرسہ یا کالج کا فارغ التحصیل طلبہ نکالنا۔ اضافت الی الفاعل ہے۔

التخلیص علی المکتوب ۔ خط پوسٹ کرنا، یہ لفظ

خالصۃ اجرۃ الدین سے نکلا ہے۔

د

تداول - باہمی گفتگو و بحث، اصلی معنی دست بدست لینے کے ہیں۔

تدخین - سگریٹ یا حقہ پینا۔ ماخوذ از دخان

تدلی - جھانکنا، قدیم معنی "لٹکنے" کے ہیں۔

تدویر الساعۃ - گھڑی میں کوک دینا۔

تدھین - وارنش کرنا، روغن پھیرنا۔

ذ

تذکار - یادگار، موتہ۔

تذکرہ - یادداشت، یادگار، ڈاکخانہ، ریل، تھیٹر، موٹر وغیرہ کا ٹکٹ، پروانہ راہداری۔

تذکرۃ الذھاب والایاب - ریٹرن ٹکٹ

تذکرۃ عمومیۃ - سرکلر

تذکرۃ مرور - پروانہ راہداری، پاسپورٹ۔

ر

ترابیزۃ - میز یونانی۔

ترام - ٹریم کار، فرنچ۔

ترامو ی - ٹرمو ے۔

ترانزیت - وہ مال جسکو تیسری جگہ سے ذرا آیا ہوا یا وہ مال جسکی تجارت ممنوع ہو، فرنچ۔

ترسانۃ - سلاح خانہ، کارخانہ جہاز سازی، ترسانہ عربی لفظ دار الصناعۃ ہے جو یورپ میں جا کر ڈارسنا ہو گیا۔ یورپ کی زبانوں سے ترکی میں آکر ترسانہ ہو گیا اور ترکی سے لعینہٖ عربی میں چلا آیا، اور ایک جدید لفظ کی طرح مستعمل ہونے لگا۔

ترسخانۃ - ترسانہ دیکھو۔

ترسینۃ - محل، قصر، ایوان، لاطینی

ترشح - کسی عہدہ یا انتخاب کے لئے امیدوار ہونا اور اسکا اپنے کو اہل سمجھکر اُسکے لئے کوشش کرنا - یہ لفظ تمدن اسلامی کے زمانہ میں پیدا ہوا، اصل معنی اسکے پرورش کے ہیں، اسکا صلہ لام کے ساتھ آتا ہے۔

ترشیح النفس - ترشح، اضافت الی المفعول ہے - یقال فلان یرتشح نفسہ للعضویۃ فی البرلمان یعنی فلاں شخص اپنے آپ کو پارلیمنٹ کی ممبری کے لئے امیدوار بنائے ہوئے ہے۔

ترشیح الماء - پانی ٹپکا کر پانی کو صاف کرنا - ترشیح کے قدیم معنی ٹپکانے کے ہیں۔

ترضیۃ - معافی چاہنا، معافی مانگنا، رضا سے مشتق ہے گویا ترضیہ کے معنی رضا جوئی کے ہوئے۔

ترکیا - ترکی سلطنت، ممالک ترکی۔

ترکیا الفتاۃ - نوجوان ترک، ینگ ترک۔

ترن - ترین کی تعریب

ترنسفال - ملک ٹرانسوال۔

ترنیمۃ - عیسائی مناجات کا گیت، ماخوذ از ترنُّم

تروُّض - باغ کی سیر کرنا مشتق از روض۔

ز

تزویر - حیلہ سازی، جعلی کاغذ بنانا۔ فورجری۔ قدیم معنی ملمع سازی کے ہیں۔

س

تسامح - بے تعصبی، مولّد

تساہل - بے تعصبی۔ مولّد

تسجیر - رجسٹری کرنا غالباً اسکی اصل تسجیل ہے یہ لفظ تسریج ہے۔

تسجیل - رجسٹری کرنا روداد یا رپورٹ مدون کرنا تسجیل سجل سے مشتق ہے جسکے اصلی معنی کاغذ کے ہیں لیکن محاورہ میں رجسٹر اور روداد کے معنی آتے ہیں۔

تسرجن - جلا رجن کرنا، ترکی لفظ سورگن سے مصدر بنالیا گیا ہے۔

تسریج - رجسٹر میں نام لکھنا، ترکی لفظ سرجی سے مصدر بنالیا گیا ہے، جسکے معنی رجسٹر کے ہیں۔

تسمیۃ - کسی خدمت پر تقرری کے لیے نامزدگی، نامیشن مشتق از اسم۔

تسوّس - دانت کی ایک بیماری۔

ش

تشعیث - تحشیہ، پائیٹ کرنا۔

تشریع - قانون بنانا، دیکھو شریعہ۔

تشریفاتی - شاہی بشاشات۔

تشرین الاوّل - رومی مہینہ مطابق اکتوبر۔

تشرین الثانی - رومی مہینہ مطابق نومبر۔

تشکیل - کوئی جماعت بنانا، کتاب پر اعراب لگانا۔

ص

تصادف - اتفاقی ملاقات، اصلی معنی "پانا"

تصادم البوابیر - ریل گاڑیوں کا آپس میں ٹکرا جانا۔

تصبیۃ - عدد کا گھٹا، پنچ۔

تصدیر - برآمد، ملک یا شہر سے مال تجارت کا باہر جانا یا بھیجنا، صدور سے مشتق ہے جسکے قدیم معنی، مویشی کا گھاٹ سے پانی پی کر واپس جانا ہے۔

تصریح - سرکاری طور سے کسی امر کی اجازت کا حکم ہونا

تصفیر الوابور - ریل کی سیٹی۔ دیکھو صفارۃ

تصفیف الحروف - ٹائپ کو کمپوز کرنا۔

تصفیق - چیئر۔ قدیم معنی تالی بجانا۔

تصلیح - درست کرنا، مرمت کرنا، یہ لفظ پہلے اس اس سے مستعمل نہ تھا۔

تصویب - گولی مارنا، نشانہ لگانا، نشست درست

ضرب السدّس الی صدارہ غالباً یہ لفظ صاب السہم سے ماخوذ ہو۔

تصویت ۔ ووٹ دینا ، ہمعنی صوت ،

ط

تَطریز ۔ زردوزی ، زردوزی کرنا ، فارسی لفظ طراز سے مشتق ہے۔

تَطعیم ۔ چیچک یا طاعون وغیرہ کا ٹیکہ لگانا۔

تَطَقّم ۔ پوری پوشاک پہننا ، فل ڈریس میں ہونا ، دیکھو طقم

تَطْقیم ۔ گھوڑے کو لگام و ساز لگا کر طیار کرنا ، دیکھو طقم

ع

تعدیل ۔ کسی قانون یا معاہدہ میں کمی بیشی کرنا ، ترمیم کرنا ، یعنی معتدل بنانا۔

تعدین ۔ کان کنی ، کان میں کام کرنا ، ماخوذ از معدن۔

تعریف ۔ شرح محصول چنگی۔

تَعریفة ۔ ا ، تجارت کا بیجک۔

تعطیل ۔ کسی شے کو وقت معین تک کے لئے بند کر دینا۔

تعلیقة ۔ حاشیہ ، تعلیق لٹکانے کو کہتے ہیں۔

تعلیم ۔ دستخط کرنا ، نشان لگانا ، مولد از علم۔

التعلیم الاجباری ۔ جبری تعلیم۔

التعلیم الفنّی ۔ صنعت و حرفت کی تعلیم۔

التعلیم المجّانی ۔ مفت تعلیم ، مفت تعلیم

التعوید علی المناخ ۔ کسی آب و ہوا کا عادی ہو جانا۔

تعیین ۔ کسی خدمت پر تقرری ۔ مولد۔

تعیین ۔ کسی خدمت پر تقرر کرنا ، مولد۔

غ

التغییر علی الجرح ۔ زخم کی مرہم پٹی کرنا۔

ف

تفتاة ۔ تافتہ کپڑہ ، فارسی۔

تفتیش ۔ کسی خفیہ امر کی تحقیقات کرنا ، معائنہ کرنا ۔ مولد۔

تفریغ ۔ آلہ سے ہوا کا خالی کرنا ، گاڑی سے اسباب اتارنا مولد۔

تفصیل الثیاب ۔ کپڑا قطع کرنا۔

ق

تقاعد ۔ پنشن لینا ، پنشن ، اصلی لفظ معاش تقاعد ہے ، یعنی گھر بیٹھے کی صورت معاش۔

تقدُّم ۔ ترقی ، مولد۔

تقدّم الساعة ۔ گھڑی کا تیز ہونا۔

تقدمة ۔ ڈیڈیکیشن ، تصنیف یا کسی دوسری شے کا کسی کے نام سے معنون کرنا۔

تقدیم الساعة ۔ گھڑی کا تیز کرنا ، سوئی کو آگے بڑھانا

تَقْرِیر - رپورٹ، کسی تجویز کو پاس کرنا۔

تَقْلِید - فرمانِ شاہی - مولّد۔

تَقَالِید - رسم و رواج جو تقلیدی امور ہیں یا جمع تقلید -

تَقْوِیم - جنتری، مولّد۔

تقویم السّنۃ - کلنڈر -

ك

تَکْتَکَۃ الساعۃ - گھڑی کا ٹِک ٹِک کرنا، حکایت صوت سے مصدر بنا ہے۔

تکتبك - بن جنگ، فرنچ۔

تَکُرنُن - کرنتینہ (قرنطینہ) میں لیے کرنا۔ لاطینی لفظ کرنتینہ سے مصدر بنا ہے

تکویر الشکر - شکر کو دوبارہ صاف کرنا

تکلیف ج تکالیف - محصول ٹیکس

ل

تَلَاشِی - معدوم ہو جانا، لاشی ہو جانا، لاشی سے مصدر بنالیا گیا ہے۔

تِلِسکوب - ٹیلسکوب، دوربینا۔

تِلِغراف - ٹیلیگراف، تار، فرنچ۔

التلغراف الاعتیادی - آرڈینری، معمولی تار۔

التلغراف اللاسلکی - بے تار کی تار برقی۔

التلغراف المُستعجل - ارجینٹ ضروری تار۔

تلقیح - چیچک وغیرہ کا ٹیکہ لگانا۔ مولّد از تلقیح النخل۔

تِلْیان - اٹالین، باشندگانِ اٹلی۔

تِلْیانیۃ - موجودہ لاطینی زبان۔

تلیفون - ٹیلیفون۔

م

تِمْثال - تصویر، مجسمہ، اسٹیچو۔

تمثیل - تھیٹر میں ایکٹ کرنا - مولّد۔

تَمْرِیك - نمبر لگانا، نشان لگانا، انگریزی لفظ مارک سے مصدر بنا۔

تمرین ج تمرینات - مشق اصلی معنی عادی کرنا۔

التمرینات الجسدیۃ - ورزش جسمانی

التمرینات العسکریۃ - فوجی قواعد۔

تَمْغہ - کچہری کے کاغذات کا ٹکٹ، ترکی۔

تَمْلِئَۃ الساعۃ - گھڑی میں کوک دینا۔

تَمُّوز - رومی مہینہ مطابق جولائی، سریانی۔

ن

تِن - ٹن، انگریزی وزن مساوی ۲۸ من۔

تنازع الحیاۃ - مسئلہ کشمکشہائے زندگانی۔

التنازل عن حقہ - اپنے کسی حق ملکیت کو چھوڑ دینا۔

تنبل - پان، فارسی۔

تنبالہ ۔ کشتی، کابلی۔ قدیم عربی لغات میں مجھے یہ لفظ نظر نہیں آیا۔

تنباک ۔ ایرانی تنباکو۔

تنبؤ ۔ پیشین گوئی کرنا، نبا سے مشتق ہے۔

تنبیہ ۔ نوٹس۔

تنزیل ۔ قیمت کم کرنا، کمیشن۔

تنشیف ۔ لکھے ہوئے تر کاغذ کو جاذب سے خشک کرنا، اصلی معنی تری کو جذب کرلینا۔

تنشیۃ ۔ کپڑے کو استری کے لئے کڑا کرنا، چونکہ کپڑا "نشا" ڈال کر کڑا کیا جاتا ہے، اسلئے اس عمل کو تنشیہ کہتے ہیں۔

تنک ۔ ٹین، دھات۔

تنکاری ۔ ٹین کا کام کرنے والا۔

تنورۃ ۔ گھنگھرو یا سایہ جو یورپین لیڈیاں پہنتی ہیں۔

تنور الفکر ۔ روشن خیالی۔ مولد۔

تنویم ۔ مسمرازم یا خواب آور دوا کے ذریعہ سے نیند طاری کرنا۔

و

توحش ۔ بے تمدنی، غیر شائستگی۔

توزیع البرید ۔ پوسٹ مین کا ڈاک تقسیم کرنا۔

توظف ۔ نوکری کرنا، نوکر ہونا، تحقیق کیلئے لفظ وظیفہ دیکھو۔

توظیف ۔ نوکری دینا، نوکر رکھنا۔

توقیع ۔ دستخط کرنا، دستخط، زمانۂ تمدن اسلامی میں عرضیوں پر جو مختصر شاہی حکم ہوتا تھا اُس کو کہتے تھے، دستخط کے معنی غالباً ترکی استعمال سے عربی میں آئے۔

توقیف ۔ مجرم کو حوالات میں رکھنا، کسی اخبار یا رسالہ کو بند کردینا۔

تومان ۔ فارسی سکہ مساوی ۹ قرش۔

تونیل ۔ وہ راستہ جو پہاڑ کاٹ کر اندر بنایا جائے، انگریزی۔

ھ

تھاود ۔ ارزانی، نرخ، کمی قیمت، قدیم معنی آہستگی کے ہیں۔

تھریب ۔ کسی ممنوع التجارت شے کی ملک سے درآمد و برآمد کرنا، یا چنگی کا محصول چوری سے نہ ادا کرنا، تہریب کے اصلی معنی بھگانے کے ہیں جو موجودہ معنے کے مناسب ہیں۔

ی

تیاترو ۔ تھیئٹر کا معرب ہے۔ لاطینی یا یونانی۔

تیالوجیا ۔ تھیالوجی، علم الٰہیات۔ یونانی۔

تیپ رایٹر ۔ ٹائپ رائٹر، انگریزی۔

تیفوس ۔ ٹائیفس جو بخار کی ایک قسم ہے۔

تیفوئید - ٹائیفڈ بخار، انگریزی۔

تیقُّظ - بیدار مغزی، بیداری، یعنی عدم غفلت، اصلی معنی عدم خواب کے ہیں۔

تیل - سن، پٹوا۔

باب الثاء

ثانیۃٌ ج ثوانی - سکنڈ، یعنی منٹ کا ساٹھواں حصہ، یہ لفظ عربی ریاضیات میں مدت سے مستعمل تھا مگر عام استعمال میں اب آیا ہے اس کو ثانیہ اسلئے کہتے ہیں کہ گھنٹہ کی منٹ کے بعد یہ دوسری تقسیم ہے، خود سکنڈ کے معنی بھی دوسرے ہی کے ہیں۔

ثالوث - عیسائیوں کا مسئلۂ تثلیث۔

ثرمومتر - تھرمامیٹر کا معرب۔

ثُریّا - روشنی کا جھاڑ، جو صورتاً ثریا ستارے آسمان کے مشابہ ہوتا ہے۔

الثقۃ بالنفس - سلف ہیلپ، اپنی مدد آپ کرنا اپنی ذات پر آپ بھروسہ کرنا۔

ثُکنۃ - اس لفظ کے قدیم معنی جنگی مورچے کے ہیں جہاں فوج لڑائی کے لیے مجتمع ہوتی ہے اب چھاؤنی کے معنے میں مستعمل ہے

ثِنیۃ - بالوں میں باندھنے کی پٹی، اصلی معنی لپیٹی ہوئی چیز۔

ثورۃ - بغاوت، اصلی معنی پریشانی۔

ثُوّار - ثائر کی جمع، باغی۔

ثیوصوفیۃ - تھیاسفی کی تعریب، تصوف۔

باب الجیم

ا

جاثلیق - کیتھولک کا معرب، ایک عیسائی فرقہ ہے۔

جاذبیّۃ - جذب، کشش۔

جاذبیۃ الالتصاق - مادہ کے باہمی اجزا کی کشش۔

جاذبیۃ الملاصقۃ - دو چیزوں کی باہمی کشش۔

جاروفۃ - ایک قسم کا آہنی پنجہ، پھوڑا، کدالی، مولد از جرف۔

(النہر) الجاری - ماہ رواں، ماہ حال

جاز - گاچھ کپڑا، انگریزی۔

جاسوس ج جواسیس - خفیہ پولیس۔

جامعۃ - یونیورسٹی، جامعہ یونیورسٹی کا ترجمہ ہے۔

جامع، جامعۃ، جامعیۃ - وہ عام اشتراکی حالت جو کسی قوم کو متحد بناوے۔

جامکیّۃ - تنخواہ، روزینہ، فارسی سے زمانۂ تمدن اسلامی میں یہ لفظ عربی میں آیا۔

جانخاہ - ایک نشہ آور چیز، وخیل۔

جاندارمۃ - پولیس کے سوار فرنچ

جاویش - سارجنٹ، ترکی۔

چاویش - سارجنٹ، ترکی۔

جاهز - طیار، جو مال دوکان میں طیار ہو۔ دیکھو تجہیز۔

ب

جَبأة - جوتا سازی کا قالب، وخیل

جَبه‌خانه - میگزین، بارود خانہ، کارتوس کا بکس ترکی۔

جَبخانة - جبہ خانہ کا اختصار ہے۔

جِبس - انگریزی کھریا مٹی چونا، انگریزی۔

الجبل الاسود - مونٹی نیگرو (ملک)

جبل النار - آتش فشاں۔

د

جَدول - نقشہ، فہرست، اصلی معنی کھیتوں کی کیاریوں کے ہیں جو اکثر بشکل جدول ہوتی ہے۔

جداول الدروس - کورس، نصاب تعلیم۔

ر

جُرابات - جرابیں، موزے، فارسی

جَرَاندَله - فوجی سپاہیوں کا توشہ دان، اسکی اصل جرابہ ہند ہے۔

جِراحة - فن جراحی، سرجری۔

جِرام - گرام ایک وزن۔

جِرایة - فوجی سپاہیوں کی رسد، غالباً مولد ہے بعضہ الونس، پنشن کو بھی کہتے ہیں۔

جُرثومة ج جراثیم - جرمس، چھوٹے چھوٹے کیڑے جو فضا میں یا چیزوں میں ہوتے ہیں یا وبائی پیدا ہو جاتے ہیں اور خوردبین سے نظر آتے ہیں۔ عربی میں اس لفظ کے معنی "اصل" ہیں۔

جَردة - گارڈ، محافظ، گارڈ کا معرب ہے۔

جَردَق - کیک، ایک قسم کی روٹی، فارسی

جَرّافة - زمین کن کشتی، ایک قسم کی کشتی یا جہاز جو آلات کے ذریعہ سے زمین کو کھود کر دریا یا نہر کو وسیع کرتا ہے۔ یہ لفظ "جرف" سے مشتق ہے جسکے معنی سیلاب کی رو کا زمین کا کھود دینا ہے۔

چَرکس ج جراکسة - سرکیشین قوم۔

جرمانیا - ملک جرمنی۔

جرمانی - جرمن، باشندۂ جرمنی، منسوب بہ جرمنی۔

جُرنال - اخبار، لاطینی۔

جَرنال - جرنیل کا معرب، جو ایک فوجی عہدہ ہے۔

جَریب - جریب آلۂ پیمائش زمین، مساوی ۴۴ گز، فارسی۔

جَریدة ج جرائد - اخبار، عربی میں، اسکے قدیم معنی "نوشتہ" اور "مکتوب" کے ہیں۔

ز

الجزائر - ملک الجیریا۔

جِزدان - جُزدان، فارسی و عربی۔

جُزلان - چھوٹا منی بیگ، ترکی۔

جُزلُك - عینک، ترکی۔

جَزماتی - انگریزی جوتا بنانے والا۔ دیکھو "جزمة"

جَزمة ج جَزمات - جزم انگریزی جوتا، بوٹ، ترکی۔

الجزمة المکشوفة - پمپ شوز۔

جَزمجی - بوٹ ساز، ترکی

جُزء - کتاب یا اخبار یا رسالہ کی جلد اخبار یا رسالہ کا نمبر، مولّد۔

ع

جَعبة - چرمی بیگ، اصلی معنی ترکش۔

جِعة - بیر شراب۔

جُعَیْدِیّ ج جعائدة - بازی گر تماشا گر مسخرہ۔

ف

جِفت - دونالی بندوق. فارسی لفظ جفت سے ترکی کی وساطت سے عربی میں آیا۔

جِفتلك - سلطانی ملکیت جو کرایہ پر دی جائے ترکی۔

ل

جَلالةُ الملك - ہز مجسٹی (شاہی خطاب)

جِلاجی - جلاگر، صیقل گر. عربی و ترکی۔

جَلب - دوسرے شہر یا ملک سے تجارتی مال منگوانا۔ اصلی معنی کھینچنا۔

جُلودی - چمڑے کا کام کرنے والا، مولّد۔

م

جُمباز - جمناسٹک، ورزش بدنی، علم ورزش بدنی اور جمناسٹک کا ماہر، فارسی لفظ جانباز سے ترکی میں جنباز ہوا، عربی میں جمباز ہو گیا۔

جُمرك - چُنگی۔ ترکی۔

جُمرکجی - چنگی کا تحصیلدار، ترکی۔

جُمعة - ہفتہ، مولّد۔

جُمعة الحاش - عیسائیوں کا ایک مقدس ہفتہ۔

جَمعِیّة - انجمن، کمیٹی، مشتق از جمع و جماعت۔

جَمعِیّة دُولیة - سلطنتوں کی سیاسی کانفرنس

جُمهُور - پبلک،

جُمهُوریة - جمہوری سلطنت، ریپبلک۔

ن

جنائنی - باغبان، دیکھو جنینه

جناب - جناب تعظیمی خطاب، جناب کے اصلی معنی

صحن خانہ کے ہیں۔ ابتداءً یہ لفظ اس طرح مستعمل ہوا کہ عجم
میں تعظیماً بجائے ممدوح کے جناب ممدوح کی طرف انتساب
کرنے لگے۔ جسطرح کہ اب بھی آستانہ کی طرف انتساب کرتے
ہیں، رفتہ رفتہ جناب خود لفظ تعظیمی بن گیا اور عجم سے مصر
وشام میں مستعمل ہوگیا۔

جَنْباز۔ پہلوان، نٹ، دیکھو جمباز۔

جَنْدار۔ باڈی گارڈ، فارسی لفظ جاندار۔

جُنْدرمۃ۔ پولیس، فرنچ۔

جُنْدی۔ سپاہی، جنڈ کی ایک فرد۔

جَنْرال۔ جنرل کا معرب۔ سپہ سالار۔

جِنْزار۔ زنگار، زنگار سے زنجار ہوا۔ اور زنجار کا
مقلوب جنزار ہوگیا۔

جَنْزِیر۔ زنجیر کا مقلوب۔

جِنْس۔ قوم، قومیت، یونانی سے ترجمۂ علوم کے زمانہ
میں عربی میں آیا۔

جِنْسیّۃ۔ قومیت، نیشنیلٹی۔

جُنْفِیص۔ کانوس کپڑا۔

جُنَیْنۃ۔ باغیچہ، جنّۃ کی تصغیر، یہ تصغیر پہلے مستعمل نہ تھی۔
جنینۃ کی جمع جنائن، جنائنی اسی کی طرف منسوب ہے۔

جنیفا۔ جنوا، سوئزرلینڈ کا مشہور شہر۔

جُنَیْہ۔ گنی کا معرب، ایک سکہ ہے۔

و

جَواز ج جوازات۔ پاسپورٹ، اصلی معنی گذرنا۔

جواز الامتحان۔ امتحان پاس کرنا، پاس کا ترجمہ
جسکے معنی گذرنے کے ہیں۔

جُوالق ج جَوالِق۔ بورا، تھیلا، ترکی سے آیا ہے۔

جُوخ ج اجواخ۔ بانات، کپڑا، ترکی۔

جَوسق۔ کوشک کا معرب جسکے معنی قصر کے ہیں لیکن اب
جھونپڑے کو کہتے ہیں۔

جوقۃ۔ تھیٹر کے ایکٹرس کی جماعت، قدیم معنی مطلق
گروہ، فارسی۔

جُون۔ خلیج، عرب دریائے جمنا کو بھی جون کہتے ہیں۔

جَوّاخ۔ جُلاہا، پارچہ فروش۔ دیکھو جوخ

ی

جیالوجیا۔ جیالوجی، علم طبقات الارض۔

جَیْروسکوپ۔ آلہ اثبات گردش زمین جو ۱۸۵۲ء
میں ایجاد ہوا۔

جیش الخلاص۔ مکتی فوج جو عیسائی پادریوں کی ایک
جماعت ہے جسکا مقصد اشاعت عیسائیت ہے۔

جیولوجیا۔ جیالوجی، علم طبقات الارض۔

جینیہ۔ گنی ساوی ۲۱ شلنگ۔

باب الحاء

ا

حَاجَۃ۔ باورچن، کھانا پکانے والی دائی، عربی نہیں ہے۔

حاصِلات۔ پیداوار، آمدنی، ماخوذ از حصول۔

حاضِرۃ۔ ملک کا مشہور شہر، پایۂ تخت، حضر سے بنا۔

حاضِنۃ۔ دائی جو لڑکے کو پرورش کرتی ہو، آیا، حضن سے مشتق ہو جسکے معنی گود کے ہیں۔

حافِظۃ الارسال۔ پارسل فارم یعنی وہ کاغذ جسپر مُرسِل مرسَل الیہ کا پتہ اور جنس مال لکھ کر پارسل میں بھیجتا ہو۔

حافلۃ ج حوافل۔ موٹرکار، لفظ عربی ہو، مگر قدیم معنی میں سے کوئی مناسبت نہیں معلوم ہوتی۔

حَاکی۔ فونوگراف، حکایت صوت کی مناسبت سے اُسکو حاکی کہتے ہیں، بعض لوگ ٹیلیفون کو بھی کہتے ہیں۔

حامِیۃ۔ محافظ سپاہیوں کی جماعت، ماخوذ از حمایت۔

حامض۔ ایسڈ، اصلی معنی ترش۔

حان، حانۃ۔ دوکان مے فروشی، شراب خانہ، حانوت کا مخوت ہو۔

حانُوت ج حوانیت۔ دُکان، قدیم معنی شراب خانہ۔

حانیۃ۔ شراب خانہ۔

حاوِی ج حُواۃ۔ سانپ والا، سانپ کا تماشا دکھلانے والا، "حیّۃ" سے اسم فاعل بنالیا ہو۔

ب

حُبّ الذات۔ خود غرضی۔

حُبّ النفس۔ خود غرضی۔

حَبَرۃ۔ ساسن لیٹ (کپڑا) قدیم معنی مطلق کپڑا یا چادر کے تھے۔

الحبر الاعظم۔ پوپ، اصل میں یہودی عالم کو حبر کہتے ہیں۔

ج

حَجّار۔ سنگتراش۔

حَجّاری۔ سنگتراشی۔

حَجَر۔ لیتھو، سنگ طبع۔

حجر الامتحان۔ کسوٹی۔

حجر الحاکوک۔ کوہ آتش فشاں کا پگھلا ہوا مادۂ حجری۔

حجر ج احجار۔ حجارۃ۔ شطرنج کا مہرہ۔

حَجَر السینہ۔ حقہ کی چلم۔

الحجر الصحی۔ قرنطینہ، حجر کے اصلی معنی روکنا، اور صحی منسوب بہ صحت۔

الحُجر علی الجرائد۔ اخبارات پر تشدد، اُن کی نگرانی اور روک تھام۔

حجریّۃ۔ سڑک وغیرہ پر پتھر بچھانے کا فن۔

ر

حَراج - نیلام، محاورۂ شام، مولد، تحریج، نیلام کرنا۔

حَراقة ج حَرّاقات - مادۂ آتش گیر، تار پیڈو کشتی جس سے دشمنوں کے جہاز برباد کئے جاتے ہیں۔

حُراقة - زر کے تار جلا کر جو چاندی یا سونا نکالا جاوے۔

حَرَاك - موشن، مقرر یا ایڈیٹر کی تقریر کے وقت اُسکے اعضا کی حرکت، اصلی معنی ملتی ترس

حَرَام - شال، کمبل۔

حَرَامِي ج حَرَامِيَة ڈاکو، راہزن۔

[illegible] - حریر کی جمع بمعنی [illegible] کپڑے، جمع پہلے مستعمل [illegible]۔

حِزْبِيَّة - محکمہ حربیہ جنگی قوت۔

حُرّ - آزاد خیال، آزاد روش، لبرل، احرار جمع۔ اصلی معنی شریف اور غیر غلام

حُرِّيَّة - آزاد خیالی، [illegible] روی، آزادی۔

حُروف الواحد - حرف بحرف، بعینہ ایک عبارت۔

حُرُوف - حرف کی جمع، [illegible]، مولد۔

حَرَكة - شورش، بغاوت، مولد۔

(علم) الحركة - عوام کا علم طب۔

حَرملة - زنانہ کرتہ۔

حريرى - تاجر پارچۂ ریشمی۔

ز

حِزام - پیٹی، کمر بند، اصلی معنی گھوڑے وغیرہ کے تنگ کہے ہیں۔

حِزْبُ الاحرار - لبرل پارٹی، جو انگلستان کی ایک سیاسی جماعت ہے۔

حِزب الاستبدادیین - کنسرویٹو پارٹی جو انگلستان کی ایک جماعت ہے۔

حِزْبُ المحافظین - کنسرویٹو پارٹی۔

حَزْم - پیک کرنا، پارسل کو ڈاک میں ڈالنے کے لئے باندھنا، اصلی معنی کمر بند باندھنا، مریاتی

حَزِيران - رومی مہینہ، مطابق جون۔

س

حسابُ الزنجیر بک کیپنگ - فن دفترداری۔

حسابُ التمام والتفاضل - ریاضی کی ایک اعلیٰ شاخ۔

حَسْم - قیمت میں کمی کرنا، کمیشن، اصلی معنی کاٹنا۔

حِسِّیّات - جذبات جن کو انسان محسوس کرتا ہے۔

ش

حَشوالبندقية - بندوق بھرنا، بندوق میں گولی بھرنا

ص

حَصالبان - روزمیری ایک انگریزی پھول۔

حَصِیرِی، حُصُرِی - حصیرباف، حصیر فروش -

ض

حَضَارَة - شائستگی، حضر سے ماخوذ ہے -

حَضرَة - ایک تعظیمی خطاب جو نام سے پہلے بجائے جناب کے آتا ہے، اردو میں حضرت سے شانِ تقدس ظاہر ہوتی ہے مگر عربی میں ایسا نہیں ہے -

ف

حُفلَة ج حفلات - جلسہ، محفل اسی سے ہے -

ق

حَقّانیة - محکمۂ عدالت دیوانی جہاں حق کا دعوٰی ہوتا ہے -

حُقوق - قانون، لا، حق کی جمع -

ك

حُكّ - قطب نما، قبلہ نما -

حُكم - سلطنت، گورنمنٹ، قدیم معنی فیصلہ -

حُكمدار - السرائے، عربی و فارسی -

الحُكم الدستوری - پارلیمنٹری گورنمنٹ -

الحُكم العُرفی - اربیٹریری گورنمنٹ جو ملک میں کسی مدوّن قانون نہ ہونیکے وقت یا دو دعویداران سلطنت ہونے کی حالت میں کسی ایک عالت یا جماعت کی نگرانی میں قائم ہوتی ہے -

الحكومة - گورنمنٹ، قدیم معنی فیصلہ

حكیم باشی - انسپرا طبا، دیکھو باشی

ل

حَلّاجی - دُھنیا، صحیح لفظ حلّاج -

حَلَزُونة - وہ مجوف سوراخ جس میں پیچ داخل کیا جاتا ہے -

حَلَزُونی - پیچ دار کیل وغیرہ -

م

حمایة - وہ لوگ جو کسی سلطنت میں رہتے ہوں لیکن انکی رعیت نہوں بلکہ کسی دوسری سلطنت کے زیرِ حمایت ہوں -

حَمُضٌ - ایسڈ، اصلی معنی ترش -

حَمْلة - فوج کا دستہ -

حمّالات البنطلون - پتلون کے تسمے -

ن

حنّاء - وہ رات جس میں بروز شادی جاگتے ہیں -

حَنَفِیة - ٹونٹی، نلی -

و

حَوادثُ مَحَلّیة - لوکل خبریں -

حَوائج - نیلے کپڑے جو دھونے کو دئے جائیں، اسباب، واحد حاجۃ

حَوالة - ہنڈی -

حوالة علی البنك - چک بنام بنک -

حوالة علی الوسطة، علی البرید - منی آرڈر -

حُودِیّ - کوچ بین، گاڑیبان وغیرہ -

حُوش ج احواش - صحن حا - لعلہ مصریۃ بھذا المعنی

ی

حیثیۃ ج حیثیات - عزت و دولت، حیثیت اُردو میں بھی اس معنی میں مستعمل ہے۔

باب الخاء

ا

خاتون - لیڈی، شریف عورت، ترکی

خارجی - غیر، ڈے طالب العلم، جو طالب العلم بورڈنگ میں نہ رہتا ہو۔

خارجیۃ - مدرسہ کے ساتھ جب استعمال ہوتا ہے تو اُس سے مراد وہ اسکول یا کالج ہے جس میں بورڈنگ نہ ہو۔

خارجیۃ - فارن آفس، سلطنت کے بیرونی تعلقات کا محکمہ

خارطہ - روئے زمین کا جغرافی نقشہ، لاطینی،

خاستوفۃ - چمچہ، ترکی۔

خاطِر ج خواطر - تصور، خیال، خاطر (جیسے فلاں کی خاطر)

خاطِر ج خُطّار - آنے والا، اصلی معنی حرکت کرنے والا۔

خالصہ اُجرۃ البرید - پیڈ، محصول ڈاک ادا کیا ہوا۔

خام - سوتی کپڑا، چھینٹ

خان - ہوٹل سرائے، فارسی۔

خانم - ترکی لیڈی کے نام کے ساتھ خطاب تعظیمی، ترکی۔

ب

خَبرۃ - مس، تانبا، انگریزی۔

خِبازۃ - پیشہ نانبائی۔

خُبزًا فرنجیٌّ - پاؤروٹی، نانِ بیضہ۔

خُبز بلدی - دیسی روٹی۔

د

خِدمۃ - نوکری، فرض، آفیشل ڈیوٹی۔

خدیو - شاہِ مصر کا لقب جو ترکوں کی طرف سے عطا ہوا، وائسرائے، نائب السلطنت، فارسی۔

خدیوی - خدیو و منسوب بہ خدیو - جمع خدیویۃ،

ر

خَرجۃ - جھروکا، فارسی۔

خُرجۃ - پورٹمنٹو، پہلے سواروں کے زین میں ایک چھوٹا سا بیگ ہوتا تھا اُسکو کہتے تھے۔

خُردُق ج خرادق - چھترہ، فارسی۔

خُردوات - معمولی اسبابِ تجارت، بساطی کی دوکان کی چیزیں، فارسی، بواسطہ ترکی۔

خُردواتی، خردواتجی - معمولی تاجر، بساطی۔

خِرّیج مدارس - کسی مدرسہ کا سند یافتہ، دیکھو تخریج۔

خرستیان - کرسچین کی تعریب عیسائی۔

خرستیانا - کرسچیانا، ایک تخت ملک ناروے

خرقاہ - خرگاہ، خیمہ، فارسی۔

خُرطوش - کارتوس کی تعریب۔

خَرطوش - تاجروں کے روزانہ فروخت کا کچا چٹھا۔

خُرطُوم - خرطوم، ملک سوڈان کا دار الحکومت۔

خَرِيطة - نقشۂ زمین، دیکھو خارطہ۔

ز

خِزانة السلاح - سلاح خانہ، میگزین۔

خِزانة الكتب - کتب خانہ۔

خزر العين - آنکھ کا کم بین ہونا کہ دور کی چیز نظر نہ آئے، شارٹ سائٹ ہونا، اصلی معنی آنکھ کا چھوٹا ہونا۔

خَزَن دار - خزانہ دار، خزانچی۔

س

خسائر - نقصانات، یہ استنقاق جدید ہے۔

خَستہ خانہ - شفاخانہ، فارسی بواسطۂ ترکی۔

ش

خَشَبُ البندقية - بندوق کا کندہ۔

خشتق، خشتک - کمر کے قریب کی جیب - فارسی

خستفاسنہ - مجوسیوں کا قبرستان۔

خسّابیہ - سہ خانہ، ذلیل مکان، شاہی

ص

خصہ تہ ترا

خصم کمیشن دینا، قیمت کم کرنا، شاید اسکی اصل حسم ہو

مخصوصی اسپیشلسٹ، ماہر علم خاص

خُصُوصی - پرائیویٹ، ذاتی۔

ض

خُضری - سبزی فروش۔

خصم کمیشن دینا، دیکھو خشم۔

ط

خطاب - لکچر، تقریر، خط۔

خِطابة - فن تقریر۔

خُطبة - لکچر، تقریر، اسپیچ، یہ سب الفاظ گو قدیم ہیں مگر مفہوم میں اب کسی قدر تغیر آگیا ہے۔

خُطبة الرياسة - پریسیڈنشل اسپیچ،

الخط الشریف - نوشتۂ سلطانی۔

خُطّة - پالیسی، روش، اصلی معنی خصلت۔

خَطّ - گاڑی کی لائن، اصلی معنی لکیر۔

ف

خفتان - فراک کوٹ، فارسی بواسطۂ ترکی۔

خَفِیر ج خفراء - سنتری، چپراسی، قدیم معنی بدرقہ جو راہ میں مسافروں کے ساتھ حفاظت کی غرض سے ساتھ جاتا ہے۔

ل

خِلاف - سوا۔

خلاص - فارغ ہونا، چھٹی پا جانا، اصلی معنی رہا ہونا۔

خلوص مال طیار کرنا ۔کد۔

ر

خمّار - شراب فروش، مشتق از خمر۔

خمّارة - شرابخانہ

خمل - مخمل کپڑا

ز

خُن - خانہ، مرغی کا دربہ، گاڑی کا ڈبہ، فارسی۔

خُنّ البندیرة - جہاز کے لغت ستول پر پھریرا بلند کرنا۔

و

خواجہ - بجائے مسٹر کے استعمال ہوتا ہے، فارسی بواسطہ ترکی۔

خوان - کھانے کی میز فارسی ہو اسطہ ترکی جسکے معنی اصل میں دسترخوان کے ہیں۔

خُوجة ج خوجات - معلم، اُستاد، ترکی۔

خوری ج خوارنة - پادری، عربی میں قبطی سے آیا۔

خوّام - پارچہ فروش، خام کپڑے کو کہتے ہیں، اسی سے خوام بنا ہے۔

ی

خیّالہ - سوار فوج مشتق از خیل (گھوڑا)

خیش - ٹربوزا، تھیلا تمو کرنج کپڑا قدیم لفظ ہے۔ ایک خاص قسم کے کپڑے کو کہتے تھے۔

خیط القنّب - ولایتی باریک ڈوری جس سے دفتروں میں پلنٹ اور پیدے باندھتے ہیں۔

باب الدال

ا

داخلیؔ - بورڈر، وہ طالب العلم جو بورڈنگ میں داخل ہو۔

داخلیة - وہ درسگاہ جس میں بورڈنگ ہو۔

داخلیة - ہوم ڈپارٹمنٹ، سلطنت کے اندرونی انتظامات کا محکمہ اُس محکمہ کی عمارت۔

دادة - دایہ، ترکی۔

دار الآثار - آثار قدیمہ کا عجائب خانہ۔

دار الأیتام - یتیم خانہ۔

دار التُحَف - عجائب خانہ، میوزیم۔ تحف ترکی میں عجیب چیزوں کو کہتے ہیں۔ تحفہ کی جمع جو عربی ہے۔

دارالسعادة - قسطنطنیہ کو تعظیما کہتے ہیں۔

دار الضرب - ٹکسال جہاں سکہ ضرب ہوتا ہے۔

دارعؔ ج دوارع - زرہ پوش جہاز، درع سے ماخوذ ہے جس کے معنی زرہ ہیں۔

دار العجزة - بیکس خانہ۔

دار الفنون - بڑا مدرسہ، اکیڈمی، (مجلس علمی) یونیورسٹی۔

دار الکتب - کتب خانہ

داسوس - جاسوس، یہ لفظ جاسوس کی تغیر ہے یا "دس" سے بنا ہے جسکے معنی مکر و سازش کے ہیں۔

دالیة ج دوالی - انگور کی شراب، انگور۔

دانیمارك - ڈنمارک (ملک)

دائرة - ڈپارٹمنٹ صیغہ، محکمہ، دائرہ، دسہ کل۔

دائرۃ البلدیۃ - میونسپلٹی کا محکمہ

دائرۃ بلدیۃ - میونسپل کمیٹی

دائرۃ الرسوم - چنگی خانہ -

الدائرۃ السَّنِیۃ - مصری قرضہ -

دائرۃ العلوم - انسائیکلوپیڈیا -

دائرۃ المعارف - انسائیکلوپیڈیا، کتاب معلومات عامہ

ب

دَبَّابَۃ - ٹینک، یعنی مسلح جنگی موٹر، لغوی معنی زمین پر رینگنے والی -

دَبُّوس - الپن، ترکی -

دَبز - الپن، یہ لفظ اہل مغرب بولتے ہیں -

دَبلان - ماڈاپلام کپڑا -

دِبلوما - ڈپلوما، سند -

دبلون - ایک قسم کا سکہ مساوی اٹھارہ پائی -

دبیلوما - ڈپلوما، سند

خ

دَخاخنی - سگریٹ فروش تمباکو فروش دخاخن کی طرف منسوب ہے جو دخان کی جمع ہے -

دُخّان - سگریٹ، تمباکو صحیح لفظ دخان ہے جس کے معنی دھواں کے ہیں -

دَخل - آمدنی، اصلی معنی آمد -

ر

دَرَابزین، دَرَابزون نازک اور خوبصورت ہیئت کی کٹہرا جو زینے کے دونوں طرف یا مسہری اور کرسی کے تکیہ میں ہوتی ہے - فارسی -

دراد نوت - جنگی جہاز، انگریزی لفظ ڈریڈناٹ کا معرب ہے -

دُرّاقن - شفتالو -

دراقون - ترکی سپاہی -

دراکون - ترکی سپاہی -

دُرْج ج اَدراج و دِرَاج - میز کا دراز (دراور) میز کا خانہ، مولد -

دَرَجات الکہنوت - پوپ کے مقدس احکام -

دَرّاجَۃ - بائیسکل، درج سے مشتق ہے جس کے معنی چلنے کے ہیں -

دُرّاق - شفتالو -

درز ج دروز - داغ -

دَرس ج دروس - سبق، تعلیم -

دَرَکۃ ج دَرَکات - پولیس -

دِرکاۃ ج دِرکاوات - برآمدہ، فارسی درگاہ -

دُروزی ج دروز - ایک اسلامی فرقہ جو اسماعیلیہ سے ملتا جلتا ہے، شام کے کوہستانی حصہ میں آباد ہے -

دُروس الموسوعات - انسائیکلوپیڈیا، کتاب معلومات عامہ -

ز

دَزدار - قلعہ دار، فارسی -

دَزّینۃ - درجن، بارہ عدد، انگریزی۔

دَزکاۃ - تاجروں کے اسباب تجارتی رکھنے کی میز۔

س

دَستان - آلات موسیقی کا وہ حصہ جسکے چھونے یا دبانے سے وہ بجتے ہیں۔

دَستۃ - دستہ، بارہ درجن کارڈ کا پیکٹ، دھونے کا پڑہ، فارسی

دَستجہ - دستہ، بنڈل، بار، درجن، عربی میں عجمی لفظ کے ہائے ہوز کو جیم کر دیتے ہیں۔

دَستجۃ - شیشہ کی بڑی صراحی، جگ۔

دُستور - قانون، وزیر، جسٹس، سلطنت قانونی، وہ رجسٹر جسمیں فوجی سپاہیوں کے نام درج ہوں، اجازت، رخصت، فارسی

دَسْاسۃ - خفیہ سازش کرنا، غالبا دسیسہ سے بنایا گیا ہے۔

دسنتریا - اسہال، پیچش، لاطینی۔

دَسیسہ ج دسائس - سازش اصلی معنی پوشیدہ شے۔

ش

دشت - جنگل، ردی کاغذات، بیکار چیز، فارسی۔

غ

دُغری - سیدھا، مستقیم، ترکی،

ف

دَفتر - رجسٹر، حساب، دکتاب کی سی مثنی و یاد داشت کی کاپی، دفتر کی عربی وغیر عربی ہونے میں اختلاف ہے۔

دفتر تقویم الموجودات - فہرست اشیائے موجودہ

دفتر جیب - پاکٹ بک۔

دفترخانہ - محافظ خانہ، وہ محکمہ جہاں کاغذات سرکاری محفوظ رہتے ہیں یعنی ریکارڈ آفس۔

دفتردار - اکونٹنٹ جنرل، ناظر مالیہ، فارسی بواسطہ ترکی۔

دفتر یومی - روزنامچہ، روزانہ اخبار۔

دفتر نقل التحاریر - رجسٹر محاریر یعنی وہ رجسٹر جس میں آفس سے جاری شدہ احکام وخطوط کا خلاصہ درج ہو،

دفتریا، دفتریا - مرض خناق، انگریزی۔

ق

دُفاق - سفوف، پوڈر، اصلی معنی کوٹا ہوا۔

دَفتیریا - ڈائری

دُقتورا - ڈاکٹر کا معرب۔

دَقّاق - باجہ بجانے والا، عربی میں دق سے باجہ بجانے کو دَق کہتے ہیں،

دِقر، دُقّر - چٹخنی کو کہتے ہیں اسی سے مصدر دقر یا چٹخنی لگاکر دروازہ بند کرنا۔

دُقّرۃ - چٹخنی۔

دقیقۃ ج دقائق - منٹ عربی ریاضیات قدیم میں

گویہ لفظ پہلے سے مستعمل تھا مگر استعمال عام میں اب آیا ہے۔

دقیقۃ ج دقائق۔ جوہر فرد، مادہ کے ذرات صغیرہ، اصلی معنی باریک۔

ك

دکتور ج دکاترۃ۔ ڈاکٹر کو کہتے ہیں۔

دُکّۃ۔ وہ الماری جو دیوار کے اندر بنی ہو، بنچ کو بھی کہتے ہیں، اصلی معنی بیٹھنے کا چبوترہ۔

دَکَّ المدفع۔ توپ میں گولہ یا بارود بھرنا، اصلی معنی کوٹنا۔

دُکنجی۔ دوکاندار، ترکی استعمال سے عربی میں آیا ہے۔

ل

دلاّت۔ دَلی، ترکوں کی ایک خاص گذشتہ فوج کا نام ہے، جسکے اصلی معنی ترکی میں دلاور و بہادر کے ہیں

دلغانہ۔ چکنی مٹی، شامی۔

دَلَّکَ۔ پولش کرنا صیقل کرنا، جلا دینا، اصلی معنی مَلنا۔

دلیل ج دُلّاء۔ گائڈ، رہنمائے عمارات، بڑے شہروں میں ایسے اشخاص رہتے ہیں جنکا کام یہ ہوتا ہے کہ شہر کی عمارات و عجائبات دکھلاتے ہیں۔ دلیل کے اصلی معنی راہبر

م

دَمجانۃ۔ شیشہ کی صراحی، جگ، فارسی۔

دِنح۔ عیسائیوں کی ایک عید۔

دَمْعۃ۔ قطرہ، اصلی معنی آنسو کا قطرہ

دَمَغ۔ نشان لگانا، مُہر کرنا، ترکی۔

دَمْغَۃ۔ نشان، مُہر، ترکی۔

دَمَق۔ طوفانِ برف، فارسی۔

دُمَنَۃ۔ لباسِ رقص، لاطینی۔

ن

دُندُرمَۃ۔ برف کی جمائی ہوئی ملائی۔ ترکی۔

دَنَّخَ۔ سردی سے ٹھٹھر کر مرجانا۔ قدیم معنی لغوی۔

و

دوادار۔ سکریٹری، میر منشی، کاتب شاہی، فارسی دوات دار۔

دَوحَۃ۔ دورانِ سر، مولّد۔

دَورَق۔ بڑی صراحی، کوزہ، فارسی۔

دَورِیّ۔ کنجشک، گوریا، مولّد۔

دَوزَنَۃ۔ آلاتِ موسیقی کے ڈھیلے تاروں کو کسنا، راگ بھرنا، ترکی۔

دُوسیہ۔ وکلا کے کاغذاتِ مقدمات، فرنچ۔

دُوطَہ۔ یورپ میں بیوی کی طرف سے شوہر کو جو جہیز ملتا ہے، لاطینی۔

دُوق۔ ڈیوک، یورپ میں شرفا اور نوابوں کا خطاب۔

دُوکہ۔ ڈیوک۔

دُولاب۔ چرخی، پہیہ، پیشہ وروں کی دکان، گردش گن

المارى۔ ایک چھوٹی سی الماری جسکے چاروں طرف کتابوں کا کھلا خانہ ہوتا ہے اور وہ الماری گردش دینے سے گھوم جاتی ہے، فریب، فارسی۔

دَولۃ ج دُوَل۔ سلطنت، اصلی معنی دست بدست ہونے والی شے۔

دَولۃُ (الوالی او غیرہ) گورنر وغیرہ حکام جلیل القدر کے نام کے پہلے یہ لفظ ہز اکسلنسی کی جگہ تعظیماً استعمال ہوتا ہے۔

الدولۃ العثمانیۃ۔ ترکی سلطنت جسکا بانی عثمان غازی تھا۔

الدولۃ السماویۃ۔ چین کی سلطنت۔

الدولۃ العلیۃ۔ دولت عثمانیہ کا تعظیمی نام

دَولتلو۔ صاحب دولت، ہز اکسلنسی، ترکی میں "دا" کی جگہ آتا ہے۔

دولیٌّ شاہی منسوب بہ دولت۔

دُومَا۔ دوما روسی پارلیمنٹ کو کہتے ہیں۔

دُونامہ۔ جنگی جہازوں کا بیڑہ، فوج کا بڑا حصہ، ترکی۔

دُونُم۔ ترکی ایکڑ، مساوی سو فٹ مربع، ترکی۔

دُوّار۔ پھیری والے، خوانچہ والوں کا خوانچہ

دوّار الشمس۔ سورج مکھی (پھول)

دَوّارۃ۔ لٹو جسکو لڑکے نچاتے ہیں۔

دَوّارُ الماء۔ گرداب،

دَوّرَ علی الشئ کسی چیز کو ڈھونڈھا، جدید محاورہ ہے۔

ھ

دِھلیز۔ دروازہ سے اندر گھر تک کا راستہ، گیلری، فارسی۔

دُھن۔ مرہم، اصلی معنی روغن۔

دَھّان۔ روغن پھیرنے والا، وارنش کرنے والا۔

ی

دِیرِکتور۔ ڈائرکٹر، انگریزی۔

دِیسمبر۔ ماہ دسمبر۔

دِیکریتو۔ فرمان شاہی، ترکی۔

دِیموقراطی۔ ڈیموکریٹ، یعنی جمہوری حکومت اور وہ فرقہ سیاسی جو جمہوری حکومت کا طالب ہے، فرنچ۔

دِیموقریطی۔ ڈیموکریسی۔

دِینامیت۔ ڈائنامیٹ۔

دِینامیك۔ علم قواعد حرکت سائلات۔

دِینمرك۔ ملک ڈنمارک۔

دِیوان۔ محکمہ، کورٹ، ایوان شاہی، فارسی۔

دِیوانُ اعیان المملکۃ۔ سینیٹ، شرفائے ملک کی مجلس ملکی

الدیوان العرفی۔ آربیٹریری کورٹ، تحقیق کیلئے دیکھو عرفی

باب الذال

ا

ذات ج ذوات۔ معززین شخص۔

الذات الشاھانیۃُ۔ سلطان کی ذات۔

ذَخِیرۃ ج ذخائر - سامان جنگ، میگزین۔

ذِکر - صوفیوں کا حال قال۔

ذِمّۃ - کانشنس، اعتبار۔

ذِمّۃ - اکثر کتابوں پر لکھا رہتا ہے طبع علی ذمۃ فلان، اسکے معنی یہ ہوتے ہیں کہ فلاں کی نگرانی میں چھپا، فلاں کی ذمہ داری میں چھپا۔

ذوات - ذات کی جمع، اعیان، عمائد۔

ذوات الثدی - وہ حیوانات جو ثدی والے ہیں۔

ذوسنطاریا - اسہال جو زخم معدہ سے پیدا ہو۔ یونانی

الذھب الابیض - پلاٹینم ایک دھات۔

ذَھبیّۃ - دریائے نیل میں چلنے والی کشتی بجلی،

باب الراء

ا

رابط الدرب، رابط الطریق - ڈاکو، راہزن۔ اصلی معنی راستہ کا باندھنے والا۔

راتب ج رواتب - تنخواہ، پنشن۔

راتینج - صنوبر کا گوند ـ ال، فارسی۔

رادیوثرابیا - ریڈیم یا رشمجن کی روشنی سے علاج۔

رادیوم - ریڈیم، جو ایک جدید دریافت عنصر دریافت ہوا ہے۔

ب

رِباط ج رُبُط - مسافر خانہ، قدیم معنی مسافرخانہ۔

رُبّان - جہاز کا کپتان، فارسی۔

رَبْطَۃ ج ربطات - بنڈل، پیکٹ، گلدستہ، گٹھائی، بندش، بندش اصلی معنی ہیں۔

رَبْطَۃ الرقبۃ - گلے میں باندھنے کا رومال، جسکو نکٹائی کہتے ہیں۔

ربطۃ الساق - پاؤں میں باندھنے کی پٹی۔

رَبو - مرض تنفس، لغوی معنی تنگی نفس۔

ربیع ج اَربِعۃ و رِباع - کاشتکار، حصہ دار، دونوں معنی مولد ہیں۔

ت

رُتبۃ ج رُتب - عہدہ، عہدہ کا درجہ جسکو گریڈ کہتے ہیں، خطاب، مرتبہ، پوزیشن۔

ج

راجع ج رواجع - جہاز کا مستول، پال کا ڈنڈا۔

الرجال العسکریون - ملٹری۔

رجال المطافی - آگ بجھانے والے سپاہی، مطافی مطفی کی جمع ہے، دیکھو مطفی

رجال المعیۃ - شاہی ہمراہی، شاہی اشاعت کے لوگ۔

الرجال الملکیون - سولین۔

رَجعۃ - ری ایکشن، ماکسۃ عمل، ایک شے یا مادہ جب دوسری شے یا مادہ پر کوئی عمل یا اثر کرے تو دوسری شے

یا مادہ بھی پہلی شے یا مادہ پر اُسی قسم کا اثر لوٹا دے اسکو ری
ایکشن، یا معاکسہ عمل کہتے ہیں، رسید کو بھی رجعہ کہتے ہیں۔
رَجَعِی - بیویوں کی دوسری فصل۔

خ

رَخت ج رخوت - اثاث البیت، ایک شیشین کپڑا، زین فارسی
رُخصة - چھٹی، نوکری سے رخصت۔

د

الردّ خالص - جس ٹیلیگرام فارم پر یہ لکھا ہو اسکا مقصود
یہ ہو کہ جواب کا محصول بھی ادا ہو، جوابی تار پر یہ لکھدیا جاتا ہے،
دیکھو خالصة اجرة البرید۔
ردّ الزیارة - ملاقات بازدید۔
رَدْهہ ج رِداه و رَدهات - ہال، بڑا کمرا۔
رَدِیف - ریزرو فوج - ج مرادف،

ذ

رُزْداق - پرگنہ جو چند دیہاتوں کا صدر مقام ہوتا ہے،
اصل لفظ رستاق ہے جو فارسی سے عربی میں آیا ہے، جس کے
معنی گاؤں کے ہیں۔
رِزق ج اَرزاق - فوج کی تنخواہ، اصلی معنی روزی۔
رُزنامة - روزنامہ، جنتری، فارسی۔

س

الرَّسائل - حواریوں کے مکاتیب، اعمال۔
رِسالة برقیة - ٹیلیگرام، تار۔
رَسّام - نقشہ کش، مصوّر، فوٹوگرافر، دیکھو رسم
رَسْم - ج رسوم - نقشہ، نشان، فوٹو، محصول، قدیم رسم
فیس، رسم کے اصلی معنی نشان اور آئین کے ہیں، نشان کے
معنی سے نمبر اول کے معنی پیدا ہوئے ہیں، اور آئین کے معنی
سے نمبر دوم کے معنی پیدا ہوئے ہیں۔
رَسْمَال - سرمایہ، راس المال کا مخفف۔
رَسْمَلة - سرمایہ جمع کرنا، رسمال سے مصدر بنایا گیا۔
رَسْمِیّ، رسمیًّا - آفیشل، باقاعدہ، غیر پرائیویٹ،
سرکاری یا سرکاری طور سے۔ رسم کے مفہوم دوم سے یہ
معنی بھی ماخوذ ہیں۔
(علم) رسم الارض - جغرافیہ۔

ش

رشاشة - مشین گن، کل سے گولے برسانے والی توپ لغوی معنی چھڑکنے والی
رَشْمة - کاغذ کا رم جو چوبیس دستہ کا ہوتا ہے۔

ص

رَصاص - بندوق کی گولی۔ اصلی معنی سیسہ جس سے گولی
بنتی ہے۔
رَصیف - چبوترہ، ریل یا جہاز کا پلیٹ فارم، رصف سے مشتق
ہے جسکے معنی عمارت میں ترتیب سے پتھر رکھنے کے ہیں۔
رَصیف ج رُصَفاء - ہم پیشہ، ہمعصر، یہ لفظ عموماً یا ہم

اخباروں اور اڈیٹروں کے متعلق مستعمل ہو۔

ط

رطل ج ارطال، وزن مساوی آدھ سیر۔

ع

رعایة۔ سرپرستی، لفظ تحت کے ساتھ مستعمل ہوتا ہو جیسے تحت رعایة الامیر یعنی فلاں امیر کی زیر سرپرستی۔

ف

رَفت۔ نوکری سے برطرف کرنا، اصلی معنی توڑنا۔

رفتیّة۔ رسید اداے چنگی، شاید ترکی کے واسطہ سے عربی میں آیا ہو۔

رفرف۔ الماری، اخبار کا کالم، اصلی معنی طاق۔

رفیق فی الدرس۔ کلاس فیلو، ہم جماعت۔

ق

رَقّاص۔ پنڈولم، اسپرنگ، گھڑی کے دو پُرزے کے نام۔

رُقعةُ الشطرنج۔ شطرنج کی بساط۔

رُقعَةُ الزّیارة۔ ملاقاتی کارڈ، جمع رقاع الزیارة

رقم۔ نمبر، عدد، اصلی معنی لکھنا، نقش ونگار بنانا۔

ک

رُکّاب۔ راکب کی جمع، پسنجرس ریل یا جہاز کے مسافر۔

رِکوة ج رکاء، رکوات، کافی کی کیتلی، قدیم معنی چرمی کیسہ۔

م

رَمیُ الرصاص۔ گولی چلانا، دیکھو رصاص۔

رَمیُ البندقة، رمی المدافع۔ بندوق چلانا، توپ چلانا۔

رَمِیّة ج رمایا۔ کارتوس، قدیم معنی تیر کھایا ہوا شکار۔ رمیّة اصل میں مَرمِیّة کے معنی میں ہو، مرمیّة کے دو معنی ہو سکتے ہیں جسکو پھینکا جائے اور جسپر پھینکا جائے۔ موجودہ معنی معنی اول سے ماخوذ ہیں، اور قدیم معنی دوسرے معنی سے پیدا ہوئے ہیں۔

ن

رنتجن۔ رنتجن ایک جدید دریافت شدہ نوزائدن عنصر۔

رنداج۔ رندہ، نجاروں کا ایک آلہ، فارسی۔

و

روایة۔ ناول، قدیم معنی کے مناسب ہو۔

روایة تشخیصیة۔ ڈراما، ناٹک، تحقیق کے لئے لفظ تشخیص دیکھو۔

روایة غرامیة۔ عاشقانہ ناول، عموم عشق۔

روایة مُجُونیه۔ کومیڈی، یعنی وہ ناول جس کا خاتمہ مسرت پر ہو۔ مُجون کے معنی شوخی و ظرافت کے ہیں، اس سے دل لگی ہو۔

روایة مُفجعة۔ ٹریجیڈی یعنی وہ ناول جسکا خاتمہ غم پر ہو، مُفجع غمگین کرنے والا۔

رُواق ج أروقة - بڑا کمرہ، گیلری، قدیم معنی بالاخانہ، جامع ازہر کے کمرے جہاں طلبہ رہتے ہیں رواق کہلاتے ہیں۔

روائی - ناولسٹ، ناول نگار، منسوب بہ روایۃ۔

روتر - ریوٹر، خبر رساں کمپنی

رُوح العرق - روح شراب، اسپرٹ کا ترجمہ ہے۔

رُوحانیُّ ج روحانیُّون - مذہبی لوگ، جو روحانی علوم کے ماہر ہیں اور روحانی عالم کے قائل ہیں۔

روزنامة - جنتری، کلنڈر، تقویم، نیشن کا رجسٹر، فارسی

رُوس - روسی قوم۔

رُوسیا - ملک روس، روسی سلطنت،

رَوشن ج رواشن - روشندان، فارسی۔

رَوك - پیمائش زمین، جائداد مشترکہ۔

رومی ج اروام - روم کے قدیم باشندے، رومی۔

رُوماتیزم - مرض وجع مفاصل، فرنچ۔

رُومان - ناول، فرنچ۔

رُومان - رومن قوم۔

رُومانیه - رومن امپائر، رومانی سلطنت۔

رُوملّی - ارض روم، ترکی سے آیا۔

رُومیة - شہر روم واقع اٹلی جہاں پوپ رہتا ہے۔

رُومیة ج روامی - چھت کی کڑی

ه

رَهنامج - راہ نامہ یعنی وہ نقشہ جسکو دیکھکر کپتان جہاز چلاتا ہے، فارسی۔

رَهوان - رہوار گھوڑا، فارسی۔

ء

رئیس - افسر، پریسیڈنٹ،

رئیس الاساقفة - لارڈ بشپ،

رئیس تحریر الجریدة - چیف اڈیٹر۔

رئیس الجمهوریة - جمہوری سلطنت کا پریسیڈنٹ۔

رئیس الضبطیة - افسر پولیس۔

ی

ریال - ڈالر، مساوی ے تقریبًا۔

ریاسة - افسری، صدارت۔

ریشة - انگریزی قلم کی زبان، یعنی نب۔

ریف ج أریاف - کسی ساحل کے قریب کی زرخیز زمین۔ ملک مصر کا حصۂ زیریں، اصلی معنی سرسبز کھیت۔

رَیّ - آبپاشی، اصلی معنی سیراب کرنا۔

ریّس مرکب - ناخدا، اصل رئیس مرکب ہے۔

باب الزاء

ا

زار - بھوت پریت کا عقیدہ، مصری۔

زاروب ج زرادیب - تنگ گلی، عربی الاصل نہیں۔

زَاوِیَۃ ج زوایا - خانقاہ، مسافرخانہ، اصلی معنی گوشہ۔

ب

زَبائن - ہم پیشہ، موکل۔

زَبانیۃ - پولیس، قدیم عربی میں بھی شاہی جاندار کو کہتے تھے۔

زَبّال - بھنگی، مہتر، مشتق از زبل،

زَبون - نیم آستین، صدری، ترکی۔

زُبون ج زبائن، زبونات - گاہک، خریدار،

تقریباً قدیم لفظ۔

ج

زُجاج - لیمپ، لالٹین کی چمنی، آئینہ، اصلی معنی شیشہ۔

زُجاجی - شیشہ فروش۔

زُجاجۃ - شیشی، بوتل۔

زَجّاج - شیشہ کا کارخانہ دار۔

خ

زَخم - طبعیات کی اصطلاح جدید میں زخم قوّتِ محرکہ کہتے ہیں

اصلی معنی دھکیلنا۔

زَخمۃ ج زخمات - آہستہ آہستہ ٹھوکر یا ضرب جیسے

ستار یا ہارمونیم پر بجانے والے کے ہاتھ کے ضربات، پہلے

معنی سے یہ ماخوذ ہے۔

زَخیرۃ ج زخائر - سامان حرب، صحیح لفظ ذخیرہ ہے۔

ر

زِرّ ج ازرار، زرائر - بٹن، قدیم معنی گھنڈی، دوسری جمع

نئی ہے، پہلے مستعمل نہ تھی، ترکی ٹوپی کے پھندنے کو بھی زِر کہتے ہیں۔

زَرَبطانہ - بندوق، عربی نہیں ہے۔

زَرکَشَۃ - طلائی کرنا، زریں کرنا، ... [illegible] زرکشیدن سے

مصدر بنایا ہے، یہ لفظ زمانۂ تمدنِ اسلام میں عربی [illegible] آیا

ع

زِعامۃ - لیڈری، کسی قوم کا لیڈر ہونا، اصلی معنی سرداری۔

زَعیم ج زعماء - لیڈر، رہنمائے قوم۔

م

زمامدار - زنانخانہ کا پاسبان، فارسی لفظ زنانہ دار ہے۔

زمیل ج زُملاء - ہم پیشہ، ایک کام کے دو شریک۔

زمیل اصل میں مرادف ردیف ہے۔

ن

زُنبُرُک - اسپرنگ، گھڑی کا ایک جزء، بندوق کا گھوڑا، ترکی۔

زُنبُلک - دیکھو زنبرک۔

زَنج ج زنوج - زنگی، حبشی۔

زِنجار - زنگار کا معرب، زنگاری رنگ وہ سبز سمی مادہ جو تانبے

پر ہوا یا رطوبت کے استعمال یا ترک استعمال سے پیدا ہوتا ہے۔

زُنجُفر - فارسی لفظ سنگرف سے بنا ہے، شنجرفی رنگ، وہ شے

[illegible]

زَنجَبیل - فارسی [illegible]

زَنك - توتیا، فارسی۔

زَنك الساعة - گھڑی کا باج، فارسی۔

زُنّار ج زنانیر - کمربند، پٹکا، اصلی معنی زُنار کے وہ دھاگا ہیں جسکو بعض بت پرست اور مجوم پرست قومیں گلے میں ڈالتی ہیں۔

و

زوالوجیا - ژ زوالوجی، علم الحیوان،

زط - ہندوستان کی جات قوم۔

ہ

زَهر پاسہ۔

زهر النرد - کانائیں، ایک کھیل

ی

زیت - پہلے خاص روغن زیتون کو کہتے تھے اب مطلق روغن کو کہتے ہیں۔

زیت الخروع - کاسٹر آئل۔

زیت الغاز - کراسن کا تیل۔

زیلاندا - نیوزیلینڈ (مقام)

زیّ ج ازیاء - زینت، وضع، قدیم معنی ہیئت، طریقہ، لباس۔

باب السین

ا

سابحة - جہاز، اسٹیمر، اصلی معنی تیرنے والی۔

ساج - سال کی لکڑی، فارسی، عربی میں مدت سے مستعمل ہے۔

ساخلو - محافظان قلعہ، ترکی۔

ساذج ج سذاجة - سادہ، سادہ دل، سادہ مزاج، خالص شراب، فارسی۔

سارية - سواری، جہاز کا مستول - اصلی معنی ستون،

ساسةٌ - سائس کی جمع ہے، جو سیاست کا اسم فاعل ہے۔ پالیٹکس جاننے والے، ماہرین علم سیاست، دیکھو سیاست۔

ساعاتی - گھڑی ساز، دیکھو ساعة۔

ساعة ج ساعات - گھنٹہ جو ساٹھ سکنڈ کا ہوتا ہے، عام گھڑی۔

ساعةٌ صغيرةٌ - جیبی گھڑی، واچ۔

ساعةٌ عمومیةٌ - گھنٹہ گھر، ٹاور کلاک۔

ساعی ج سُعاة - پوسٹ مین، چٹھی رساں، اصلی معنی دوڑنے والا۔

ساكو - اوورکوٹ۔

سان بطرسبرغ، سان نطرسبرج - سینٹ پیٹرسبرگ، پایۂ تخت روس

سائق - کوچبان گاڑی چلانے والا، اصلی معنے ہانکنے والا۔

سائل ج سوائل، سائلات - بہنے والا مادہ جیسے پانی۔

ب

سُباط ۔ رومی مہینہ مطابق فروری۔

سَبّاط ۔ بے ایڑی کی جوتی، سلیپر، شامی۔

سِبت ۔ چھابہ، ٹوکرا، شاید ترکی۔

سبرمان ۔ وہ آیندہ انسان جو مسئلہ ارتقائی کی رو سے موجودہ انسان سے کمالات علمی و تمدنی میں بدارجہ بالاتر ہوگا۔

سَبِنسة ۔ بریک، وہ آلہ جس سے گاڑی ٹھہراتے ہیں۔

سبیرتو ۔ اسپرٹ کا معرب، روح شراب۔

ت

ستارة ۔ پردہ، تھیٹر کا پردہ، قدیم معنی مایستر بہ الشئی

ست ۔ لیڈی، شریف عورت، ستیدہ کا مخفف ہے، زمانۂ حال سے پہلے عربی میں مستعمل ہے، شریف عورتوں کے نام کے پہلے یہ لفظ لاتے ہیں جیسے الستُّ نفیسہ۔

سُترہ ۔ کوٹ، اصلی معنی پوشش

ستمبر ۔ ماہ ستمبر

ستوکلم ۔ اسٹاک ہوم، پایہ تخت سوئیڈن۔

ج

سِجَارة ج سجائر ۔ سگار، سگریٹ

سجا ۔ جھالر، ترکی۔

سُجّادة ج سجاجید ۔ کارپٹ، قالین، ابتدائً جانماز کے ہی تھے۔

سِجاف ۔ سنجاف، ترکی۔

سُجُس ۔ حرکت، بیداری، شور، مولدالمعنی۔

سِجِلّ ۔ پہلے دستاویز، سند کو کہتے تھے، اب روداد اور سرکاری کاغذات کو بھی کہتے ہیں اور اصل میں مطلق لکھے ہوئے کاغذ کو کہتے ہیں، خفاجی نے نقل کیا ہے کہ عربی ہے، مسٹر آرنلڈ کہتے ہیں لاطینی یا یونانی ہے۔

سُجُوق ۔ فتیلہ جس سے توپ میں آگ دیتے ہیں۔

ح

سحب الحوالة ۔ بل کا روپیہ وصول کرنا، انگریزی محاورہ کا ترجمہ ہے۔

سَحّابة ۔ صندوق، میز کا خانہ، انگریزی لفظ ڈراور کا ترجمہ ہے۔

سَحّارة ج سحاحیر ۔ ظروف اور چائے وغیرہ کے سامان رکھنے کی میز، الماری، بکس۔

خ

سَخْتِیان ۔ دباغت دیا ہوا چمڑا، کمایا ہوا چمڑا۔

د

سَداجة ۔ سادگی، مزاج فارسی لفظ ساد کا مصدر ہے۔

سِدادة ۔ کاگ، صحیح لفظ سِداد ہے۔

سدایم ۔ ایک نہایت لطیف گیس جو اجسام فضا میں پھیلا تھا اور جس سے یہ عالم بنا، سدایم کے اصلی معنی ابر کے ہیں۔

ذ

سَذاجۃ۔ سادگی۔ فارسی، سداجہ سے سذاجۃ کا استعمال زیادہ ہوا۔ بترسب۔

ر

سراح ج سراحات۔ پاسپورٹ، بندرگاہ سے گذرنے کا پروانہ، سراح کے اصلی معنی، رہائی کے ہیں۔

سراح۔ جدید محاورہ یہ ہوا اُطلِق سَراحُہم لفظی ترجمہ یہ ہوا کہ انکی رہائی چھوڑ دی گئی، اور مقصود یہ ہے کہ وہ خود قید سے رہا کر دیے گئے یہ اس قسم کا محاورہ ہے جیسا کہ قدیم محاورہ میں بولتے ہیں خَلّی سَبِیلَہُم،

سِر، سَر۔ سردار، افسر، فارسی بواسطۂ ترکی۔

سَرای۔ قصر، محل شاہی، فارسی بواسطۂ ترکی۔

سرای الحکومۃ۔ گورنمنٹ ہوس۔

سَرَبہ، سرایا ج سرایات۔ دیکھو سرای۔

سَرتسرابیفاتی۔ شاہی حاجیوں کا افسر، ترکی، عربی۔

سِرداب ج سرادیب۔ فارسی سے آیا، قدیم التعریب میں اس کے معنی صرف تہ خانے کے ہیں، اب گنبد اور قبہ کو بھی کہتے ہیں۔

سَرَقۃ ج سَرَق۔ ریشمی کپڑے کا تھان، فارسی،

سَرکی۔ منی آرڈر، بل اف آرڈر، ترکی۔

سَرمُوج، سرموجۃ، سرموزۃ، سرمایۃ۔ جوتی، ترکی۔

سُروجی۔ زین ساز ابرج (زین کی) جمع سروج کی طرف منسوب ہے۔

سریرۃ۔ کانشنس، ضمیر، اصلی معنی راز۔

ع

سعادۃ۔ ایک خطاب جو جلیل القدر اشخاص کے نام یا ضمیر کی طرف مضاف ہو کر، ہز اکسلنسی کی جگہ مستعمل ہوتا ہے، جیسے سعادتہ، ہز اکسلنسی، سعادتک یور اکسلنسی، سعادۃ الصدر الاعظم ہز اکسلنسی وزیر اعظم۔

سعانین۔ عیسائیوں کی ایک عید، جو عید فصیح سے ایک دن پہلے ہوتی ہے۔ دیکھو شعانین۔

ف

سفارۃ۔ سفارت، سفارتخانہ۔

سُفتجۃ ج سفاتج۔ بل آف ایکسچینج، چک، ہنڈی، فارسی۔

سُفرۃ۔ میز، میزپوش، پہلے معنی دسترخوان۔

سُفرجی۔ باورچی، سُفرہ عربی لفظ ہے، دسترخوان کو کہتے ہیں۔ ترکی لفظ نسبت جی کی وجہ سے باورچی کے معنی پیدا ہوئے۔

سفطوجۃ ج سفاطیج۔ دیکھو سفتجہ۔

سَفنج، سُفنج، سَفنجۃ۔ اسفنج جسکو انگریزی میں اسپونج کہتے ہیں، پانی اور سیال شے کو ایک حد تک کرنے والی شے۔

سَفینۃ توربیدیۃ۔ تارپیڈو کشتی۔

سفینۃ مدرّعۃ - زرہ پوش جہاز، درع زرہ -

ق

سِقالۃ - جہاز پر چڑھنے کا مصنوعی زینہ -

سُقّاطہ - کواڑ کی بلی -

سَقف - چھت گیری، اصلی معنی چھت -

سُقوط - پستی، تنزل، زوال، ترقی کا ضد،

السقوط فی الامتحان - امتحان میں ناکامیاب رہنا، فیل ہونا، انگریزی محاورہ فیل (گرنا) کا ترجمہ -

ک

سَکتَۃ - کوما، جو وقف کا انگریزی میں ایک نشان ہوتا ہے -

سکتلندا - ملک اسکاٹ لینڈ -

سِکرتاریۃ - سکرٹری شپ، نظامت -

سکرتیر - سکرٹری، ناظم -

سُکرجۃ - تشتری فارسی -

سَکّ النقود - سکہ ڈھالنا، دونوں لفظ اپنے معنی میں مولد ہیں -

سِکّۃ الحدید - ریلوے لائن، سکہ راستہ کو کہتے ہیں -

السِکّۃ الحدیدیۃ ج السکک الحدیدیۃ - ریلوے لائن -

سُکّرجۃ - تشتری، شکروان فارسی -

سکوتیا - ملک اسکاٹلینڈ -

سِکورتا - بیمہ، لاطینی سے لیا گیا -

سکوندو - سکنڈ کی تعریب ہے -

ل

سَلاطۃ - چٹنی، اچار، لاطینی -

سُلاف العسکر - فوج کا اگلا حصہ، ہراول، سُلاف سلف سے لیا گیا ہے جسکے معنی آگے کے ہیں -

سُلاق - وہ دن جبدن حضرت عیسیٰؑ آسمان پر گئے -

سَلاملک - جمعہ کے دن فوج کی سلامی، سلامی دیکھو سلاملق -

سَلاملق - جمعہ کے دن فوج کی سلطان کو سلامی، لق ترکی میں مصدر بنانے کے لئے آتا ہے -

سَلانیک - شہر سالونیکا جہاں نوجوان ترکوں نے سلطنت میں انقلاب پیدا کیا -

سَلَب - چقندر -

سَلخانۃ - مسلخ، مذبح، میونسپلٹی کی طرف سے جانوروں کے ذبح کرنے کے لئے جو مقام مقرر ہوتا ہے - صحیح مسلخ ہے، سلخ کھال کھینچنے کو کہتے ہیں -

سَلسۃ - شوربا، یخنی، لاطینی -

سِلسلۃ الساعۃ - گھڑی کی زنجیر چین -

سُلطۃ - سلطنت، طاقت حکومت، اختیارات، اصلی معنی زور و غلبہ

سَلطة ۔ دیکھو سلاطة۔

سَلَف ۔ پیشگی، اخبار والے جب لکھتے ہیں کہ قیمت پیشگی لیجائیگی
تو اکثر سَلَفًا یا مُقدمًا لکھتے ہیں، قدیم زبان میں ایک خاص قسم
کی بیع کو کہتے ہیں جس میں قیمت پیشگی دی جاتی تھی۔

السلک البرقی ۔ تار برقی کا آہنی تار، ٹیلیگرام لائن۔

السلک الکھربائی ۔ تار برقی کا آہنی تار، دیکھو کہربا۔

سُلّة ۔ ٹوکری، قدیم لفظ ہے جو پہلے ایک قسم کے ظرف کو کہتے تھے،
جسمیں کھانا کپڑا اور میوہ وغیرہ رکھتے تھے۔

سُلوک ۔ روش، اخلاق، اس لفظ کا ٹھیک ترجمہ چال چلن ہے۔

سلیمانی ۔ سَبلیمیٹ، ایک زہریلا دھات۔

م

سَماحة ۔ تعظیمًا یہ لفظ علماء کے نام یا ضمیر کے پہلے عمومًا اور شیخ
الاسلام کے نام یا ضمیر کے پہلے خصوصًا مضاف ہوکر آتا ہے، جیسے
سماحة شیخ الاسلام یا سماحته یا سماحتک۔

سِماط ج أسمِطة ۔ کھانے کی میز پر بچھانے کا تولیہ، مجازًا
دعوت کو بھی کہتے ہیں، زمانہ وسط میں اسکے معنی دسترخوان کے
تھے، خفاجی کی تحقیق ہے کہ دسترخوان کے معنی اس کے اصلی نہیں
ہیں۔ سماط سمط کی جمع ہے، سمط ہار یا مالا کے دھاگے کو کہتے
ہیں، چونکہ کھانے کے وقت لوگ چاروں طرف حلقہ باندھ کر ہار
کی طرح گول بیٹھتے ہیں اس لئے تشبیہًا اس حلقۂ طعام کو حالتِ جمع
میں سماط کہنے لگے، پھر دسترخوان کو کہنے لگے، اور اب موجودہ
معنی میں مستعمل ہے، اور مفرد سمجھا جاتا ہے۔

سَماوِی ۔ آسمانی رنگ،

سَمَح ۔ یہ عربی میں اب اُس جگہ استعمال ہوتا ہے جہاں ہم موجودہ
اُردو میں "اجازت دینا" بولتے ہیں، جیسے ھل تسمح لی ان افعل
ذلک کیا مجھے یہ کرنے کی اجازت ہے۔ یہ انگریزی طرز ادا ہے، سمح
کے اصلی معنی بخشش کے ہیں۔

سَمَنْسَرة ۔ کافی ہوس، قہوہ خانہ، عربی نہیں۔

سمکة افریل ۔ اپریل فول، یورپین کی تہذیب کے مطابق
ماہ اپریل کی ظرافت۔

سمّاک ۔ ماہی فروش، ماخوذ از سمک۔

سُمُو ۔ والیانِ ریاست کے نام یا ضمیر کے پہلے آتا ہے،
ہزہائینس کے ہم معنی ہے، سمو الامیر سموہ، ہزہائینس،
سمو الامیرة، سموھا، ہزہائنس۔

ن

سنا ۔ سینٹ کی تعریب، اکابر ملک کی قانونی مجلس۔

سِنَاد ۔ رسید، دستاویز، بیعنامہ، ماخوذ از سند۔

سُنْبُک ج سنابک ۔ چھوٹی کشتی، فارسی سے آیا ہے۔
اہل حجاز بولتے ہیں۔

سُنبوق ۔ دیکھو سنبک۔

سنبوک ج سنابیک ۔ دیکھو سنبک

سنتیاغ ۔ سنتیاگو، ملک چلی کا دار الحکومت۔

سنتیمیتر - سنٹیمیٹر، میٹر کا سوواں حصہ ۱/۱۰۰ ۔

سنجاب - گلہری کو کہتے ہیں، دخیل۔

سِنجة - سنگین جو بندوقوں کی نوک میں لگاتے ہیں۔ ترازو کے باٹ، ترکی۔

سَنجق ج سناجق - علم، ضلع، ترکی۔

سَنَد - سارٹیفکٹ، دستاویز، اصلی معنی تکیہ گاہ جس پر ٹیک لگایا جائے۔

سندیک - انسپکٹر، فرنچ۔

سَنَط - ببول، قبطی۔

سنطیر، سَنطور - ایک قسم کا ستار، یونانی سے ترکی کے واسطہ سے عربی میں آیا۔

سَنکرة - کسی لوٹو کو چوکھٹے میں رکھنا۔

سَنکری ج سَناکرة - ٹھٹھیرا، آہنی اور مسی وغیرہ برتنوں کو درست کرنے والا۔

سَنکسار - عیسائی اولیا کے حالات کا مجموعہ جو کنیسوں میں لوگوں کو پڑھ کر سنایا جاتا ہے، یونانی۔

سُنُونو - ابابیل ایک پرندہ، شاید قبطی سے آیا ہو۔

و

سَواری - فوجی سواروں کا رسالہ فارسی۔

سَوجرة - بیمہ کرنا، دیکھو سوکرة۔

سُودان - ملک سوڈان، سودان، اسود کی جمع ہے۔ حبشی چونکہ کالے ہوتے ہیں عرب اُن کو سودان کہتے تھے اور اُن کے ملک کو بلاد السودان کہتے تھے، کثرت استعمال سے اب خود ملک کو بھی سوڈان کہنے لگے۔

سوریة، سوریا - سیریا، اہل یورپ شام کو سیریا کہتے ہیں۔

سُویسرہ - ملک سوئٹزرلینڈ۔

سوشیالی - سوشیلسٹ، اجتماعی زندگی کا قائل اور طرفدار۔

سُوشیالیة - سوشلزم، دیکھو کمونی۔

سَوکرة - بیمہ کرنا، لاطینی لفظ سیکورتا سے مصدر بروزن فعللة سوکرة بنالیا ہے۔ سوکرة کی جگہ کبھی سوجرة بھی بولتے ہیں۔

سولفات - سلفیٹ، ایک دوا۔

سَوّاق - کوچبان، اصلی معنی ہانکنے والا۔

سُویدا - ملک سویڈن کو کبھی سُوید بھی کہتے ہیں اور زیادہ تر اُسکو اسوج کہتے ہیں۔

سویسرا - ملک سوئٹزرلینڈ۔

ہ

سَہم - لاٹری کا ٹکٹ، چٹھی ڈالکر طیبہ بیع کی چٹھی، کمپنی کا شیئر، حصہ، اصلی معنی مطلق حصہ۔

ی

سیاسة - سیاست، پالیٹکس، خفاجی اور مقریزی کی

تحقیق ہی کہ تاتاری زبان سے یہ لفظ آیا ہی، گو دونوں کا اس لفظ

کی وضعیت میں اختلاف ہی۔

سِیاسیؔ - پولٹیکل، سیاسی، منسوب بہ سیاست۔

سیاسیؔ ج ساسۃ، سِیا سِیُّون - پالیٹیشن

ماہر سیاست۔

سبینرسکوپ - سٹیرسکوپ، آلہ مجسم نما، وہ آلہ جسکے ذریعے

سے شے، مجسم نظر آتی ہے۔

سیجارۃ - سگار، سگریٹ سیخ - چہرا، سیخ، فارسی۔

سیر - سر، انگریزی خطاب ہی۔

سیرَج - شیرہ کا معرب، فارسی۔

سِیرۃ - بیوگرافی، سوانح عمری، اصلی معنی طریقہ، وعادت،

محمد بن اسحاق نے اپنی کتاب کا نام جو رسول اللہ کے حالات میں

ہی سیرت رکھا تھا رفتہ رفتہ خود کتاب حالات کا نام سیرت ہوگیا،

تقریر کے مواد و مطالب کو بھی سیرت کہتے ہیں۔

سَیْر - چال چلن۔

السّیر - انگریزی خطاب سر

سِیرنج - شیشم کا تیل۔

سیسنبان - سرکنڈا، فارسی۔

سِیخ سکھ، ہندوستان کی ایک قوم

سیکوریا - بیمہ، لاطینی دیکھو سکوریتاہ، سوکرا

سیلان - سیون جسکو لنکا بھی کہتے ہیں

سینماتوغراف - سینماٹوگراف جس سے تصویریں متحرک نظر آتی ہیں

سَیّارۃ - موٹر کار، اصلی معنی چلنے والا۔

سَیّدۃ ج سیّدات - شریف بی بیوں کے نام کے پہلے بجائے

لفظ بیگم یا لیڈی کے مستعمل ہوتا ہی، جیسے السیدۃ فاطمۃ

باب الشین

شابورۃ - خلیج، کہرا۔

شاد - چیراسی، شاید قطعی۔

شادر - تخت رواں، خیمہ، چھوٹا مکان، فارسی بواسطہ ترکی۔

شادروان - خیمہ، شامیانہ، کنگرہ، فارسی۔

شادکونۃ - بستر، منقّیہ، فارسی۔

شادوف - ڈولچی، چھاگل۔

شَارِکۃ - سُر، لَے، تان، محاورۂ شام، مولّد۔

شَارُوبیم - فرشتہ، عبرانی، مسٹر آرنلڈ نے غلطی سے سادوبیم

لکھا ہی، یہی لفظ ہی جو عربی اور فارسی میں کروبی ہوگیا۔

شاری - لائٹنگ پرٹیکٹر یعنی آلہ جاذبِ برق جو بلند عمارتوں میں

بجلی سے محفوظ رکھنے کے لئے لگایا جاتا ہی۔

شاس - ململ (کپڑا) حاجی نے لکھا ہی کہ ہندوستان کی زبانوں سے

یہ لفظ عربی میں آیا۔

شاغول - بڑا اداماں، رحیل

شَاقُوف - بڑا ہتوڑا، محاورۂ شام

شاقُول - ساہول، جیل۔

شاکِری ج شاکرِیّۃ - چاکر، نوکر، مزدور، فارسی۔

شاکرِیّۃ - نوکری، مزدوری، نوکری یا مزدوری کا معاوضہ فارسی۔

شَال - شال۔

شَالِخ - بے وین اسب محاورہ شام۔

شَالُوف - آبشار، محاورہ شام۔

شَامبِیت ج شَامابِیت - سامان جو کھیتوں کی نگہبانی کرتا ہے، فرنچ۔

شاوِیش - ہیڈ کانسٹبل، سارجنٹ، ترکی۔

شَاھَانی - شاہی، فارسی

شاھِدُ القبر - لوح مزار، مولد۔

شاھد النفی - صفائی کا گواہ جو مدعا علیہ کے الزام کی نفی کرتا ہے۔

شاووش - دیکھو ساویش

شای - چائے، یہ لفظ چینی سے روسی زبان، روسی زبان سے ترکی کی وساطت سے عربی میں آیا۔

شایہ - سایہ، جو یورپین زنانہ لباس ہے، اندلسی۔

ب

شَبَاط، شُبَاط - رومی مہینہ، مطابق فروری۔

شُبَّارَس ج شُبَّارَسَات - دفتر بقایا، یعنی وہ رجسٹر جس میں لوگوں کے ذمہ کی بقایا سند رہ ہو تجارتی اصطلاح، فارسی۔

شَبَّان - دریا کے ساتھ اُلٹے چلنا، مولد۔

شَبَّابَہ - تنہائی ہے - تاخیر یہ لفظ صحیح ہے، فارسی۔

شُبَّاك ج شَبَابِيك - دریچہ، کھڑکی، شبک سے مشتق ہے، شبک کے معنی جال دار کے ہیں - چونکہ کھڑکی جال دار ہوتی ہے اس لیے اسکو شباک کہتے ہیں - مراکش مولدین کے ہاں یہ لفظ موجود ہے۔

شَبْلُوْر ج شَبْلُورَات - شمادان، سرنگا، فرنگی لغت۔

شَبْلُوق - روک کی نمدی، (سادہ پلو) محاورہ شام۔

شَبْرَفَہ - سرحیلہ، بدتر، مولد۔

شَتْرِيَّہ - پیک، ایک قسم کا محل جو آج کل مصر میں مروج ہے، فارسی۔

شَبْرَك - ترکی نمہ جو سپک کی طرح ہوتا ہے، ترکی

شَبْلُوق - دیکھو شَبْلُوك

شَبُّجَز - پروانہ - مولد۔

شَبِيْبِين - شہبالا (دولہا کا مصاحب) کوتوفانو (دیکھو اغراب) سریانی، ترمیم، اندلس، قبطی۔

شَبِيْنَہ - ... ہوتی ... شہتیر ... (دیکھو ...) سریانی

ت

شَتَاء ج اَشْتِيَة - بارش، قدیم موسم سرما، محاورہ قدیم

شَتّی تَشتِیۃً۔ پانی برسنا، مولّد

شَتّل۔ ایک پودے کو ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ لگانا، مولد

شَتْلۃ۔ چھوٹا پودا، وہ پودا جو درخت لگانے کے لئے طیار کیا جاتا ہے، مولد۔

ج

شَجَب۔ سزائے موت، اصلی معنی ہلاکت

شَجّرَ تَشجِیراً۔ قلم لگانا، پیوند لگانا، دیوار پر یا کپڑے پر پھول پھول پتی بنانا، مولّد از شجر۔

شَجَریّۃ۔ باغیچہ، کنج درختاں، ماخوذ از شجر۔

ح

شَحَت۔ نکالدینا، قدیم لغت میں یہ مادہ نہیں پایا جاتا،

شحت الثبۃ بمعنی تیز کرنا حدیث میں ایک لفظ آیا ہے لیکن محققین لغت اسکی اصل شحذ سمجھتے ہیں۔

شحّر تشحیراً۔ کاجل لگانا، کاجل سے کالا کرنا، مولّد۔

شُحّار۔ گل سیاہ، کاجل، (محاورۂ شام) بھبیڑا، (محاورۂ مصر)

شحط۔ دیاسلائی رگڑنا، مولّد۔

شحط فی الانبوب۔ نلی یا پائپ کے ذریعہ سے دودھ یا پانی وغیرہ کو سٹرنیا، مولّد۔

شحّاطہ ج شحّاطات۔ فاسفورک، آتشگیر مادہ، دیاسلائی

شحطَطۃ ایک جگہ سے گھسیٹ کر دوسری جگہ لیجانا، مولّد۔

شَحّفَ تشحیفاً۔ کاٹنا، ریزہ ریزہ کرنا، ثلاثی شحف کے تقشر الجلد کے معنی میں قدیم لغت میں پایا جاتا ہے، مگر تصریح ہے کہ یمنی لغت ہے۔

شحّن۔ گاڑی یا جہاز میں اسباب رکھنا، ڈاکخانہ میں پارسل ڈالنا، اصلی معنی بھرنا۔

شحْنۃ۔ پولیس، کوتوالِ شہر کو پہلے کہتے تھے۔

شَحیم۔ عیسائیوں کی کتاب الادعیہ سریانی۔

شَحیم وشحیمۃ۔ سریانی

خ

شَخْتُور، شَخْتُورۃ۔ چھوٹی کشتی، ڈونگی، ترکی۔

شَخشخۃ۔ روشندان، محاورۂ شام۔

شخشیر۔ ایک قسم کا پائجامہ، ترکی۔

شخص ج اشخاص، شخوص۔ مجسمہ، السیم

اصلی معنی سواد الانسان من بعد

شَخّط۔ دھمکی دینا، دھمکی، مولّد اللفظ۔

شخطور۔ دیکھو شخور

د

شدّۃ۔ بنڈل، پارسل، کارڈوں کا پیکٹ، علامت تشدید (ّ)

شِدْیاق ج شدائقۃ۔ مددگار، ناظم امور دنیویہ، کنیسہ، خادم الدین، انگریزی میں اسکو سب ڈیکن اور کلرجی مین کہتے ہیں۔

ذ

شذرات - شذرۃ کی جمع ہو۔ عربی میں سونے کے ٹکڑوں کو شذرہ کہتے ہیں، مصر کے بعض رسالے استعارۃً متفرق نوٹس کو شذرات کہتے ہیں۔

ر

شراب ج شرابات۔ شربت، قدیم عربی میں اسکے معنی شراب (خمر) کے ہیں اور اسکی جمع اشربۃ ہی، موجودہ عربی میں یہ انگریزی لفظ سیرپ سے لیا گیا ہی حالانکہ سیرپ خود عربی لفظ شراب سے بنا ہوا اور فرق کے لئے بجائے اشربۃ کے شرابات اسکی جمع بناتے ہیں۔

شراباتیؒ۔ شربت فروش، دیکھو شراب، مولّد

شراقی۔ مصر کی وہ زمین جو دریائے نیل کی طغیانی سے بھی سیراب نہیں ہوتی، خفاجی کی رائے ہو کہ یہ لفظ عربی مولد ہے، مسٹر آرنلڈ کہتے ہیں قبطی ہے

شُرب الدُّخان۔ حقہ پینا، سگار پینا، دیکھو دخان، مولد۔

شُرْبُ النُّخَب۔ جام صحت (ٹوسٹ) پینا، دیکھو نخب۔

شُرَبات۔ موزے، پائتابے، جرابیں، جورب کی تراش خراش سے سا ہو، جورب فارسی ہے۔

شُرْبۃ۔ شوربا، عربی میں ترکی سے آیا۔

شَرَبت۔ خلاب، صُراحی، مولّد۔

شربوش۔ کلاہ تتری، فارسی۔

شَرْج۔ خوشگوار مقام، مولّد۔

شَرَّحَ الجسد تشریحًا۔ بدن کو طبی طریقہ سے چیر پھاڑ کرنا، تشریح کرنا، واصل التشریح قطع اللحم عن العضو۔

شَرْد۔ بارش۔

شَرَدَ۔ گمراہ ہونا، بھٹکنا، اصلی معنی جانوروں کا بھاگنا۔

شَرْدَقَ شرقۃً۔ دم گھٹنے کی وجہ سے کھانسنا، یہ مادّہ قدیم لغت میں نہیں پایا جاتا ہی۔ وکانہ ماخوذ من شرق بس نقہ بزیادۃ الدال۔

شَرَّابۃ ج شراریب۔ پھاہا، گالا، طرّہ، کلغی، پھندنا، جھبہ، مولّد۔

شَرَّدَ تشریدًا۔ گمراہ کو ہدایت کرنا، رہنمائی کرنا، اصلی معنی بھگانا، نکالدینا، دیکھو شرد، مولّد۔

شَرَّطَ تشریطًا۔ تار بنانا، فیتہ بنانا، لوہے کے تار سے زنجیر بنانا، دیکھو شریط

شَرَّفَ تشریفًا۔ تشریف لانا، اصلی معنی مشرف کرنا، کیونکہ بڑوں کا آنا مشرف کرنا ہو۔

شَرَّقَ تشریقًا۔ دریائے نیل کا اپنے زمانۂ طغیانی میں زمین شراقی کو سیراب نہ کرنا۔ دیکھو شراقی

شَرَّقَ تشریقًا شکاری کا شکار کو تیغاں چھوڑنا واصل التشریق تقدید اللحم۔

شَرَّكَ مالہ تشریکًا۔ مختلف مقامات میں اپنی مالیت کے استطامات کرنا۔ دیکھو شرکۃ

شَرْح۔ ایک قسم کا دیہاتی جوتا، ترکی۔

شَرشَرَة - پانی، نمد، بھیلی کو نکالنا، سفوف و عسل کو چھینا چھیڑنا۔ (محاورۂ تندہ، گھس، ٹوٹ، گمر ... پھیلنا، (محاورہ مصر) مولد معنی

شَرْنَف ج شَرَاشِف - بالاپوش، پلنگ کی چادر، فارسی۔

شَرْط ج شروط - عہدنامہ، ایگریمنٹ، ماخوذ از شرط معنی عہد و پیمان۔ مولد۔

شِرْطِد - چیتھڑا، دھجی، چیں۔

شَرْطَنَة - عہدۂ مسیحی، کنیسہ کی خدمت ادا کرنا دیکھو شرطونیا۔

شَرْطُوطَة - چیتھڑا، دھجی، گرد جھاڑنے کا کپڑا جسکو ڈسٹر کہتے ہیں۔ یونانی۔

شَرْطِيَّة - اجارہ نامہ، ماخوذ از شرط

شَرْقَة - سخت کھانسی ... دھواں کی وجہ سے آنکھ کی تکلیف، شرق کے اصلی معنی کھے ہیں اچھو لگ جانا، کھانسی کو جسکا لازمہ تھی۔ اسی سے بازو قدیم ... میں آنکھ میں خون جم کر آنکھ کے سرخ ہو جانے کے معنی میں مستعمل ہے۔ دوسرے موجودہ معنی اس قدیم معنی سے مشتق ہیں۔

شَرْقَطَة - آگ سے چنگاریاں اڑانا مولد از شرقطہ۔

شَرْقُوطَة - چنگاری، چنگ۔

شُرُلُغ - ناقص سکہ، ... نقلی سکہ کا مخالف، ترکی۔

شَرِكَة ج شَرِكَات - کمپنی، یعنی وہ تجارتی ادارہ جو چند آدمی کے متحد سرمایہ سے چلایا جائے۔ شرکۃ انگریزی لفظ کمپنی کا لفظی ترجمہ ہے۔

شَرْكَلَة - پھنسانا، تہہ کرنا، مولد ...

شَرْم - مٹی کے برتن کا درز ہو جانا، مولد المعنی۔

شَرْمَطَة - پھاڑ کر پارہ پارہ کرنا، مولد از شرموطہ۔

شَرْمُوطَة - چیتھڑا، گرد جھاڑنے کا کپڑا (محاورۂ شام) ... مصر دخل۔

شَرْنَقَة - ریشم کے کیڑے کا ریشم تننا۔ مولد المعنی۔

شَرْنَقَة ج شَرَانِق - ریشم خام (کوکون) مولد المعنی۔

شَرِيط، شَرِيطَة ج شُرُط - ڈوری، تار، فیتہ، تسمہ، لیمپ یا لالٹین کی فیتہ نما بتی، آہنی پٹری، قدیم معنی کھجور کی بٹی ہوئی رسی۔

شَرِيعَة ج شَرَائِع - عام قانون سی، قدیم زبان میں آسمانی اور مذہبی قوانین ... کو شریعت کہتے تھے۔

شَرِيعَة - عیسائیوں کا ... مقدس دریائے یردن۔

شَرِيف ج اشراف، شرفاء - تعظیماً سادات کو شریف کہتے ہیں یہ استعمال عربی میں غالباً دور عباسی سے پیدا ہوا، اور چونکہ حاکم مکہ معظمہ عموماً سادات ہوتے ہیں اسلئے حاکم مکہ کو شریف کہتے ہیں۔

شَرِيك ج شُرَكَاء - کسی کمپنی کا حصہ دار، دیکھو شرکت۔

ش

شَشْخَانہ ۔ ایک خاص قسم کی بندوق فارسی بندوق کی
دیکھو شیشخانہ

شَشْخَمۃ ۔ پاخانہ، ترکی۔

شِشْنَرَۃ ۔ نمونہ، فارسی۔

ط

شَطْبَۃ ۔ وہ خط جو کسی غلط لفظ یا غلط عبارت کے کاٹنے کے لئے
کھینچا جاتا ہے، خفاجی نے اس لفظ کو نقل کیا ہے، لیکن اصل نہیں
بتائی۔ شاید شطب السیف سے ماخوذ ہوگا جسکے معنی تلوار میں روشنی
کی چمک سے جو سبز لکیریں نظر آتی ہیں، اُسکے ہیں۔

شَطَحَ ۔ آوارہ گرد پھرنا، منڈلانا، آرامی۔

شَطَرَ شطارۃً هو شاطِر ۔ دہوکا دینا، دغا دینا۔ فریب
کرنا، قدیم معنی، شوخی و بیباکی۔

شَطَّاب ۔ ہرکارہ، پوسٹ مین، فارسی۔

شَطَّبَ تَشْطِیبًا ۔ غلط لفظ یا عبارت کو قلم زد کرنا، چمڑا
کاٹنا، دیکھو شطبۃ، دوسرے معنی پہلے معنی کی مشابہت سے پیدا ہوئے ہیں۔

شَطَّطَ تَشْطِیطًا ۔ جہاز کا خشکی پر یا ریت پر چڑھ جانا۔ جہاز کا
ساحل کے نزدیک کنارہ چلنا، قدیم لفظ شط (ساحل) سے مصدر
بنایا گیا ہے۔

شَطَّفَ تَشْطِیفًا ۔ لکڑی تراشنا یا لکڑی چھیلنا ہونا۔ شاید
اس لفظ کی اصل شتف ہو، تشطیف کے معنی مصر کی زبان میں بغیر
صابون کے دھونے کے بھی ہیں لیکن زبیدی نے تاج العروس
میں اس لفظ کو اس معنی میں مادۂ ش ط ف میں لکھا ہے اس معنی میں یہ لفظ
آرامی الاصل ہے۔

شَطْفَۃ ۔ ترکی ارکڑی، دیکھو شطّف۔

شُطْفَۃ ۔ کپڑے کا ایک سبز ٹکڑا جسکو سادات عمامہ یا ٹوپی کے
اوپر بطور علامت سیادت باندھتے ہیں، گو یہ مانی لفظ ہے لیکن
شعرائے متاخرین نے اس کا استعمال کیا ہے بعض لوگ اس لفظ کو
فارسی سے معرب سمجھتے ہیں لیکن ہمارے خیال میں یہ عربی ہے اور موجودہ
معنی مشابہتہً پیدا ہوئے ہیں، شُطفۃ عربی زبان میں چھوہارے کے
درخت کی ہری اور سبز شاخ کو کہتے ہیں۔

ع

شَعْب ج شُعوب ۔ قوم، جمہور، پبلک، قدیم معنی قبیلہ کے
ہیں، مصر میں سنگ مرجان کو بھی کہتے ہیں جو سمندر کی تہ پر نمایاں رہتا ہے۔

شُعْبَۃ ج شُعَب ۔ کسی بڑی دوکان یا کارخانہ کی شاخ (برانچ)،
پھیپڑے کی نلی، اصلی معنی شاخ درخت۔

شَعْرِیَّۃ ج شعریّات ۔ جالی جسکو کھڑکیوں میں لگاتے
ہیں یا جو پردہ کی جگہ لٹکائی جاتی ہے، چونکہ جالی کے دھاگے بال (شعر)
کی طرح ہوتے ہیں، اسلئے اُسکو شعریّۃ کہتے ہیں، شعریۃ آتشدان
اور انگیٹھی کو بھی کہتے ہیں۔

شَعْشاع ۔ انگور کی بیل عربی نہیں ہے۔

شَعْشَعَۃ ۔ چمکنا، درخشاں ہونا۔ قدیم معنی پراگندہ ہونا

موجودہ معنی اس لفظ کے اس طور سے پیدا ہوئے ، شعرائے مولّدین نے روشنی کی صفت میں اس لفظ کو پہلے استعمال کیا علامہ شامی کا شعر ہے :-

نشاهد فی عدنٍ ضیاءً مشعشعًا

یزید علی الانوار فی النور والهدیٰ

ضیاء مشعشع یعنی بہ ضیاءً امنتشرًا ، اس استعمال سے رفتہ رفتہ چمکنے کے معنی پیدا ہو گئے ۔

شَعَّط - آگ سے کپڑے کا رنگ بدلجانا ۔ آگ کا تیزی سے بھڑکنا ، قدیم لغت میں لفظ شعط موجود نہیں ہو زبیدی نے مستدرکات میں شعوط کو ذکر کیا ہو جسکے معنی ، زخم کا دوا سے جل جانا ، لونگ کی تیزی کا زبان میں لگنا ۔

شَعَانِینة ج شعانین - تاڑ اور کھجور کا درخت ، درخت کی شاخ ، پام سنڈے جو عیسائیوں کی ایک مذہبی عید ہو اُسکو اسلئے عید الشعانین کہتے ہیں کہ اُس دن حضرت عیسیٰؑ کے شہر میں داخل ہونے کیلئے راستہ میں تاڑ یا کھجور کے پتے بچھائے گئے تھے ، انگریزی میں پام سنڈے بھی اسی مناسبت سے کہتے ہیں ، عبارت بالا سے ظاہر ہوگا کہ یہ لفظ عیسائی زبانوں سے آیا ہو ۔

شَعِیْرِیَّة - سویاں ، شعیر (جو) کیطرف منسوب ہو ۔

ف

شِفْرَة - درانتی ، ج بج ، مِک ، قدیم عربی میں شفرة دیار کو کہتے ہیں ۔

شَفَّعَه تَشْفِیعًا - قاضی یا جج کا کسی کو حق شفعہ عطا کرنا ، یہ لفظ اس معنی میں قدیم لغت میں اس باب سے نہیں آیا ۔

ق

شقشقة - برتن یا کپڑوں کو دھونا ، مولّد المعنی ، محاورہ شام ۔

شَقِطِیَّة - سر کے بالوں کی چوٹی ، غیر عربی ۔

شَقَّع - ڈھیر لگانا ، ڈھیر ، مولّد المعنی ۔

شَقَف - کشتی ، یونانی ۔

شَقَفَ شقفًا ، شَقَّفَ تشقیفًا - لکڑی یا پتھر کو کاٹنا ، تراشنا ، شاید یہ فارسی لفظ شگاف کی تعریب سے بنا ہو ۔

شَقَّ علی المریض - مریض کی عیادت کرنا ، مولّد ۔

شَقَّع لهٗ بِهٖ - بدزبانی کرنا ، مولّد ۔

شَقَل - اُٹھانا ، چھڑی سے ناپنا ، پہلے معنی تو بالکل مولّد ہیں ، دوسرے معنی کے متعلق دو صورتیں ہیں (۱) شقل کے قدیم معنی ، نقد سکّہ کو تولنا ہیں ، موجودہ معنی [illegible] معنی کی وسعت سے پیدا ہوئے ہیں ، (۲) شقل ، شاقول سے مشتق ہو ۔

شقلبة - منتشر کرنا ، مولّد اللفظ محاورہ شام ۔

شقیف - چٹان ، پتھر کا ٹکڑہ ، دیکھو شقف ۔

شقیفة - سادہ نمک ، مولّد ، محاورہ مصر ۔

ک

شَکَارَة ج شکائر - زمین کا ایک مختصر قطعہ ، محاورہ شام ، غیر عربی ۔

شَکَارۃ - آتشدان، یونانی -

شُکْشُوکۃ - ناز سے چلنے والی عورت، محاورہ مصر، غیر عربی -

شَکَّكَ المرءَ تَشْکِیکاً - کسی آدمی کو بدنام کرنا، اسکو لوگوں کی نگاہ میں مشکوک کرنا، مولد المعنی -

شَکَّكَ الشئَ تَشْکِیکاً - کسی چیز کا اُدھار خرید فروخت کرنا، مولد المعنی -

شَکَّلَ الکتاب - کتاب میں زیر زبر لگانا -

شَکَّلَ الثوبَ تَشْکِیلاً - کپڑا قطع کرنا، چونکہ لباس کی شکل قطع کرنے سے ظاہر ہوتی ہے اسلئے اُسکو تشکیل کہتے ہیں، مولد المعنی -

شِکْلیٌّ - زود رنج، تنک مزاج، غیر عربی، محاورہ شام -

شِکْمَجِیَّۃ - کپڑا رکھنے کی خانہ دار چرمی الماری، بڑا صندوق، ترکی -

شَکُوج - بڑا ہتوڑا، فارسی بواسطہ ترکی -

ل

شَلْبِی - شریف، مہذب، حجام کو بھی کہتے ہیں، ترکی -

شَلْبنۃ - منڈانا، خط بنوانا، اصلاح بنوانا، غالبًا یہ ترکی لفظ "شلبی" سے بنا ہے -

شَلْت - گوندھے ہوئے آٹے کو برابر کرنا، محاورہ شام، مولد اللفظ -

شِلْتَۃ - پتلی چٹائی، ترکی -

شَلْتَتَہ - چور کا تمام اسباب چُرا کر لیجانا، مولد اللفظ -

شِلْس ج شُلُوس - جڑ، دخیل

شِلْفٌ - آہنی سلاخ، دخیل -

شِلْفَۃ - چھوٹی زنبیل، دخیل -

شَلْغَطَۃ - بدخط لکھنا، لکھنے میں عیب نکالنا، مولد اللفظ

شَلَق شلقا - دیوار گرنا، مولد المعنی -

شَبْلك - ولایتی توت - ترکی -

شَلّ - صدمہ، انگریزی -

شُلّ - زین پوش، ترکی لفظ چول سے بنا ہے اور خود چول قدیم عربی لفظ جُل کی متغیر صورت ہے -

شَلّال ج شَلّالات - آبشار، یہ لفظ شلشلہ سے بنایا گیا، جسکے معنی پانی گرنے کے ہیں - یقال ماءٌ ذو شلشال -

شَلَّح تشليحا - ڈاکہ ڈالنا، ڈاکو کا تمام مال و متاع لوٹ لے جانا (یہاں تک کہ ننگا کر دینا) فیروز آبادی نے تشلیح کے معنی ننگا کرنا لکھا ہے اور تصریح کی ہے کہ یہ لغت سوادیہ ہے، ازہری نے اس لفظ کے معنی موجودہ معنی کے قریب لکھے ہیں اُس کی تحقیق ہے کہ یہ نبطی لفظ ہے -

شَلَّس تشليسا - جڑ کا بہت دور تک پھیل جانا، دیکھو شلس -

شَلَّی تَشْلِيۃً - کسی گرم سائل چیز کو سرد کرنے کے لئے اُنڈیلنا، مولد اللفظ -

شَلْم - پریشان کرنا، مولد اللفظ -

شِلِن، شِلِنك، شِلِین - شلنگ مساوی آدھ آنہ -

شَلَنْدِی - ایک قسم کی جنگی کشتی یا جہاز - یونانی -

م

شَماَ سِشاَئِر۔ کپڑے جو دھوبی کو دھونے کے لئے دئے جائیں، ترکی،

شَماَطَة۔ ہنگامہ، شور و شر، ترکی۔

شِماَهة۔ وہ غلہ جسکی تخم ریزی فصل گذرنے کے بعد کی گئی ہو، اور اچھی طرح نہ اُگا ہو۔ قبطی

شمبانیا۔ شمپنی۔ ایک شراب کا نام،

شَمبِيط ج شَماَبيط۔ باغبان، نگہبانِ کشت، فرنج۔

شَمسَة ج شَمسَات۔ دھات کی کوئی چھوٹی سی مدور تختی قفل کی پلیٹ، محاورۂ شام۔

شَمسيَّة ج شمسيّات، شماسِئ۔ چھتری شمسیہ اسلئے کہتے ہیں کہ شمس یعنی دھوپ سے بچاتی ہو، دوسری جمع اصولِ عربیت سے غلط ہو، شمسیہ مصر میں روشندان کو بھی کہتے ہیں۔

شَمشَمة۔ کسی چیز کو بار بار سونگھنا، قدیم لفظ شَمّ (سونگھنا) کی تکریر سے یہ لفظ بنا ہو۔

شَمط شَمطَا۔ بچہ یا پودے کا یک بیک بڑھ جانا، مولّد یمنی۔

الشّمع الاحمر۔ لاکھ جس سے مہر کرتے ہیں۔

شمعدان ج شمعدانات۔ شَماَعِدُ۔ شمعدان، چراغدان فارسی۔

شَملة ج شَمَلات۔ لفہ۔ چھوٹا عمامہ۔

شمّ النّسيم۔ مصر میں ایام بہار کی تعطیل،

شمُّ الهواء۔ ہوا کھانا، سیر و تفریح کرنا۔ مولّد،

شَمّاس ج شمامسة۔ پیشوائے مذہب عیسوی کا ایک عہدہ جسکو ڈیکن کہتے ہیں، مددگار امام نماز عیسوی، سریانی۔

شَمّاع۔ شمعدان، شمع فروش، شمع ساز۔

شمّاع، شمّاعة۔ کپڑوں کی کھونٹی، مولّد۔

شمّس تشميسًا۔ ڈیکن ہو جانا۔ دیکھو شمّاس۔

تَشمّس ل تشميسًا۔ بحیثیت ڈیکن ہونے کے امام نماز کی مدد کرنا۔ دیکھو شمّاس۔

شَمُّوط ج شماميط۔ گانٹھ، گرہ، دخیل۔

شَمُّول ج شماميل۔ رسبری، مکبری (دو ولایتی پھل) دخیل۔

شَمَندَار، شَمَندُور۔ لنگر نما (لکڑی کا ایک ٹکڑہ جو سطح آب پر لنگر بتانے کے لئے تیرتا رہتا ہو) ترکی۔

شَمَندُفر، شَمَندُوفر۔ انجن، ریل گاڑی، غالبًا فرنچ۔

شَوَف۔ دیکھنا، شُف (امر) دیکھو، قدیم معنی اوپر سے منتظرانہ تاکنا۔

ن

شِناَن۔ سفوف، مولّد یمنی۔

شَناَن۔ گھنی سبز دیا سرکو صبور کرتے ہیں، فارسی، جوالیقی نے اسکی صحیح عربی اُرماث بتائی ہے،

شَنَب ج اَشناَب۔ مونچھیں، مولّد، شام

شَنَر۔ دائرہ، سیاہ ریشمین رومال جو عرب عورتیں یا

بعض عرب مرد سر پر باندھتے ہیں، فارسی

شُنْبُل ج شنابل - ایک آلۂ پیمائش۔

شَنْتَة - چرمی بیگ، پورٹمنٹو، ترکی،

شِنْتِیان - زنانہ گھیردار پائجامہ، ترکی۔

شِنْدِی - ابھی، فوراً، ترکی،

شَنَط - باندھنا، محاورۂ مصر، مولد اللفظ،

شَنْطَة - دیکھو شنتہ۔

شَنَق - پھانسی دینا، قدیم معنی چوپایہ کی گردن میں رسی باندھ کر اسکو درخت کی شاخ یا دیوار میں کھونٹی میں باندھنا، چونکہ پھانسی کی حالت اس حالت کے مشابہ ہوتی ہے اس لئے اُس کو شنق کہتے ہیں۔

شَنَك - پرہیز کرنا، باز رکھنا، (محاورۂ شام) بھڑک دار پوشاک پہننا، (محاورۂ مصر) مولّد اللفظ۔

شِنْگان - ایک خانہ بدوش قوم، نٹ، ترکی۔

شَنْكَل - ہُک، مچھلی کے شکار کا کانٹا، کپڑوں کی کھونٹی، کواڑ کی سٹکنی، فارسی بواسطۂ ترکی۔

شَنْكَلَة - ہُک لگا کر کسی چیز کو جوڑنا، (دیکھو شنکل) محاورۂ شام، ٹھڑ کر کھانا، محاورۂ مصر، مولد اللفظ۔

شَنْلِك - آتشبازی، ترکی۔

شنکول - سکہ مساوی پانچ فرنگ، اتیالین۔

شنکولیة - بحری ڈاکوؤں کا جہاز، ز۔ن۔ سی۔

شُنْلُك - اظہار خوشی کے لئے چند توپوں کا یکبارگی سَر، ترکی۔

شَنْلَك تشنیکًا - سر اُٹھانا، محاورۂ شام - مولد اللفظ،

شَنّن تشنینًا - سفوف چھڑکنا، دیکھو شنذن۔ مولد۔

شَنْيَرة - کسی سکہ کا مضروب کرنا، مولد اللفظ،

شَنِيف - گھاس وغیرہ کا کھارا یا جالی، غیر عربی۔

و

شُوَال ج شَوَالات - بڑا تھیلا، بورا، ترکی۔

شَوْب - گرمی، حرارت، مولد المعنی۔

شُوبَاصِی - پاسبان۔ کھیتوں کا محافظ جسکو پاسی بھی کہتے ہیں، ترکی۔

شَوْبَاش، شَوْبَش - شاد باش، مرحبا، فارسی بواسطۂ ترکی۔

شَوْبَصَة - کھیتوں کی حفاظت و نگرانی کے لئے پاسبان مقرر کرنا - دیکھو شوباصی۔

شُوحِيّة ج شَوَاحِی - کڑی، دہنی، دخیل۔

شُوربَاجة - شوربا، ترکی۔

شَوْرَة - کارچوبی کا رومال، گل بوٹہ بنا ہوا رومال۔

شوری الدولة - کونسل آف اسٹیٹ۔

شَوْكَة - کانٹا جس سے یورپین کھاتے ہیں، اصلی معنے کانٹا (خار)

شُوْنَة - گدام، مخزن، نشونیش، گدام میں کسی چیز کو رکھنا، قبطی

شوّافة - جھاوا (ایک قسم کی زیادہ پکی ہوئی اینٹ یا پتھر)

شوّس - صحت خراب ہوجانا، اصلی معنی کام غیر منتظم ہوجانا۔

ھ

شہادة - سرٹیفکیٹ، سند، اصلی معنی گواہی۔

شہبندر ج شہبندریان - سفیر، کونسل، فارسی بواسطۂ ترکی

شہیّة - اشتہا، کھانے کی خواہش، مولّد۔

ء

شؤون - امور، جمع شان

ی

شیالة - مزدوری کا پیشہ۔ شیالة شول سے نکلا ہے، جسکے معنی اُٹھانے کے ہیں۔

شیت - چھینٹ، سنسکرت بواسطۂ فارسی۔

شیراز ج شیرازات - جما ہوا دودھ، فارسی۔

شیش - سیخچہ، توپ بھرنے کا گز، جھلملی (جو دروازوں یا دریچوں میں ہوتی ہے) فارسی۔

شیشہ - سگریٹ کا پایپ، حقہ کی چلم، فارسی۔

شیشخانة - وہ توپ یا بندوق جسکو پیچھے سے بھرتے ہیں، انگریزی میں برچ لوڈر کہتے ہیں، فارسی بواسطۂ ترکی۔

شیکاغو - شہر چیکاگو واقع امریکہ۔

شیلی - ملک چلی واقع امریکہ۔

شیّال - قلی، مزدور، دیکھو شیالة

شیوعیّة - بالشوازم، روسی اشتراکیت۔

باب الصاد

ا

صابح - تازہ، تازہ روٹی، مولّد از صبح۔

صابورة - پتھر وغیرہ جس سے جہاز کا وزن درست کرتے ہیں تاکہ ہلتا نہ رہے، مسٹر آرنلڈ اسکو اٹالین سے منقول بتاتے ہیں، نہیں ہمارے نزدیک یہ عربی مادۂ صبر سے مشتق ہے جسکے معنی دبانے کے ہیں۔

صابوریّة ج صابوریات، صوابین ٹوکرا، زنبیل۔

صاحب ج اصحاب - اس لفظ کے اصلی معنی ساتھی کے ہیں پھر دوست کے معنی پیدا ہوئے، پھر مالک کے معنی پیدا ہوئے، یہ دو پچھلے مولّد

صاحب السعادة - آنریبل، ایک خطاب ہے جو معززین ملک کو گورنمنٹ سے ملتا ہے۔

صادر ج صادرات - برآمد، ملک یا شہر سے جو مال تجارت یا ڈاک وغیرہ باہر جائے، آمدنی اور ملک کی پیداوار کو بھی کہتے ہیں، مولّد از صدور۔

صادو - درزی، اٹالین۔

صاری ج صواری - جہاز کا مستول، اصلی معنی ستون

اورکشتی کا بلّہ۔

صاغ۔ ایماندار آدمی، فوج کا ایک مختصر حصہ، ترکی

صَاغ۔ پورا سکہ، خالص، ترکی۔

صاغقول آغاسی۔ فوجی عہدہ دار جسکو ایجوٹنٹ میجر کہتے ہیں، ترکی۔

صافورۃ۔ بجانے کی سیٹی، صفر سے مشتق ہی، دیکھو صفر

صافور۔ سنگ شکن آلہ، کُدالی، لاطینی۔

صاکو۔ اوورکوٹ، لاطینی۔

صالۃ۔ بڑا ہال، غیر عربی

صالون۔ برآمدہ، غیر عربی۔

ب

صَباحیّۃ۔ بڑے دن یا نوروز کا تحفہ، مولّد

صَبَہبد۔ فوج کا افسر، سپہ سالار، فارسی۔

ح

صِحافۃ۔ فن اخبار نویسی، پیشۂ اخبار نویسی، صحیفہ سے ماخوذ ہے۔

صِحافیٌ ج صِحَافیون۔ اخبار نویس۔

صُحبۃُ وردٍ۔ گلدستہ۔

صَحن۔ رکابی، پلیٹ، پہلے بڑے طبق کو کہتے تھے۔

صَحیفہ ج صحف۔ پرچہ جو اخبار اور رسالہ دونوں سے عام ہی، صحیفہ پہلے کتاب کو کہتے تھے۔

صحیفۃ ج صحائف۔ صفحہ۔

د

صَدَارۃ۔ صدر اعظم کا دفتر وزارت، وزارت، مولد

الصدر الاعظم۔ ترکی وزیر اعظم، چونکہ صدر انسان کے دھڑ کا اول اور اعلی حصہ ہی اسلئے صدر اول اور اعلی کو کہتے ہیں۔

صَدرۃ۔ صدری، ویسٹ کوٹ۔

صُدور۔ کسی اخبار یا رسالہ کا نکلنا، حکم جاری ہونا، صدر کے قدیم معنی گھاٹ سے اونٹ کا واپس آنا عجمی زبانوں میں صدور کے معنی آنے اور صادر ہونے کے پیدا ہوگئے، اور اسی سے موجودہ معنی نکلے ہیں، صدور جب اخبار نکلنے کے معنی میں ہوتا ہی تو فی کے ساتھ صلہ آتا ہے جیسے المجلات العربیۃ تصدر فی مصر۔

صُدَیریہ۔ صدری، ویسٹ کوٹ۔

ر

صرب۔ ملک سرویا۔

صُراتی۔ کامدانی۔ صَرْمر۔ چمڑا۔ فارسی،

صِرمر، صرما، صرمایۃ ج صَرامی دیسی جوتی فارسی

صِرماتی، صِرمایاتی۔ پاپوش ساز۔

صُرنایۃ۔ سُرنائی، ایک آلہ موسیقی۔

ع

صعید مصر۔ مصر کا بالائی حصہ، صعید زمین کو کہتے ہیں۔

ف

صفارۃ البابور - ریل گاڑی کا سیٹی دینا، دیکھو صفیر۔

صفّ ج صُفوف - کسی درسگاہ کا کلاس، درجہ، مناسبت معنی حقیقی کے ساتھ ظاہر ہے، مولّد۔

صفیحۃ ج صفائح - کسی معدنی شے کی بنی ہوئی پلیٹ، جیسے گراموفون کی پلیٹ، پریس کی پلیٹ وغیرہ، اصلی معنی بھی موٹی عریض تختے۔

صفیر - سیٹی، صفیر حقیقت میں پرندوں کی آواز کو کہتے ہیں، سیٹی کو بھی مشابہتِ صوت کی وجہ سے صفیر کہتے ہیں اور اب آمین اشتقاقات پیدا ہو گئے ہیں۔

ق

صَقَالۃ - وہ زینہ جسکے ذریعہ سے جہاز سے بندر پر اُترتے ہیں، مچان کو بھی کہتے ہیں، اٹالین۔

صَقلیۃ - عرب جزیرۂ سسلی کو کہتے ہیں۔

ک

صکّ ج صکوک - چک، دستاویز، فارسی۔

ن

صَنجۃ - پ سنگِ ترازو، فارسی۔

صنجق - علم - جھنڈا، ترکی۔

صُندوق ج صنادیق - ٹرنک، بکس، فنڈ، مولّد۔

صُندوق البوسطۃ - لیٹر بکس

و

صَوت ج اَصوات - ووٹ، اصلی معنی آواز،

صُودا - سوڈا کا معرّب

صُورۃ - تصویر، نقل، یقال صورۃ ماکتبہ الفاضل،

صُول - افسر جانبِ میسرہ، ترکی۔

صَولَجان ج صوالجۃ - بیٹ، بلّا، نشانِ شاہی، دخیل

صُوفیرۃ - سیٹی، بانسری، مشتق از صفیر۔

صُوفِیۃ - شہر صوفیا، بلگیریا کا پایۂ تخت۔

ی

صَیدلۃ - دوا فروشی، دوا سازی، زمانۂ تمدن میں عربی میں آیا۔

صیدلانی ج صَیادلۃ - دوا فروش، دوا ساز، عطّار، دخیل۔

صَیدلی - دوا فروش، دوا ساز، عطّار۔

صَیدلیّۃ - دوکان دوا فروشی، دوکان دوا سازی، عطار خانہ، ڈسپنسری۔

صِین - ملکِ چین کو عرب کہتے ہیں۔

صِینیّۃ - سینی، طبق، کشتی، شاید عرب میں یہ چیز پہلے چین سے آئی ہوا۔

باب الضاد

ا

ضَابِط ج ضُبّاط - فوجی افسر، افسر پولیس، ضبط کے

اصلی معنی کسی چیز کی خبرداری کے ساتھ حفاظت کرنے کے ہیں، موجودہ تمام معانی اسی معنی کے تناسب سے پیدا ہوئے ہیں۔

ضابطة ج ضوابط ۔ قاعدہ، قانون، ضابطہ۔

ضابطة ۔ بریک، وہ آلہ جس سے ریل یا کسی دوسرے متحرک کو روکتے ہیں

ضابطیّ ج ضابطیّة ۔ پولس مین۔

ضَبْط ۔ درستی، تحقیق، حفاظت، کسی چیز کو گورنمنٹ کا ضبط کر لینا، لفظ پر حرکات لگانا، لفظ کے حرکات کو منضبط کرنا، منہ کتابٌ مضبوطٌ۔

ضبطبة ۔ پولس، دیکھو ضابطہ۔

ضَرْب ۔ مدتن کے ساتھ، توپ داغنا، ضربت المدافع جرس کے ساتھ گھنٹی بجانا ضربت الجرس رنگ کے ساتھ مائل ہونا ضرب الی السواد، سیاہی مائل۔

ضرب التلفون وضرب التلغراف ٹیلیفون دینا، تار دینا

ضربخانة ۔ و الضرب ٹکسال، جہاں سکے ڈھلتے ہیں ضرب کے معنی سکے ڈھالنے کے ہیں۔

ضرافة الباب ۔ کواڑ کا [illegible]

ضريبة ج ضرائب ٹیکس، محصول، مقررہ ۔ ضرب کے معنی [illegible] کرنے کے [illegible] معنی [illegible]

ضَغْط [illegible] جسم کا دباؤ لفظ [illegible]

[illegible]

[illegible]

ضَمَم ۔ وہ رات جس میں شادی کے قبل جاگتے ہیں۔

ضَمِیر ۔ کانشنس، اخلاقی قوت۔

ضَوْء ۔ لیمپ۔

ضَیْعَة ج ضیاع ، ضِیَع ۔ جائداد، گاؤں، قدیم معنی زمین کاشت۔

باب الطاء

ا

طابة ۔ گیند، غبارہ، ترکی

طابَع ج طوابع ۔ خط کا ٹکٹ، اسٹامپ، اصلی معنی مہر۔

طابعة ۔ ٹائپ ۔ رائٹر۔

طابَق ۔ مکان کی منزل مشتق از طبقہ۔

طابور ۔ زمین کو ٹیک [illegible]، دستاویز، ترکی۔

طابُور ج طَوَابِیر ۔ رجمنٹ، فوج کا ایک [illegible]

طاحون ۔ چکی کو کہتے ہیں قدیم لفظ ہے طاحون الہواء [illegible] طاحون ہواء یکی جو ہوا سے چلتی ہو طاحون [illegible] جو چکی انجن کے ذریعے سے چلتی ہو۔

طابیة ۔ قلعہ، ترکی

طارة ۔ لوہے کی گول پٹری ہو پہئے [illegible] ہی، اور درمیں سکو بال کہتے ہیں۔

طارمة ۔ لکڑی کا مکان، جو نکا بالا، گمرہ، داری۔

طاولة ۔ [illegible] تمام لغات کے

تفحص سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکے اصلی معنی ایک حصہ کے ہیں۔ مضاف

الیہ کی مناسبت سے اسکے معنی قرار دیے جاتے ہیں۔ مثلاً

طاقہ ریحان، پھول کا یک حصہ یعنی گلدستہ، طاقہ بناپ

کپڑے کا ایک حصہ یعنی تھان۔

طاقة ج طاقات، طیقان کھڑکی، اصلی معنی محراب

وغیرہ کی طرح کا ... عورت، فارسی

طاقم ج طقومة - سوٹ ... لڑی، سٹ،

(۱۲ عدد) گھوڑے ... ساز، یونانی بواسطہ ترکی۔

طاقیة ... ٹوپی کی سوتی ٹوپی شام میں بولا جاتا ہے۔

طاولة - کھانے کی میز، اٹالین۔

ب

طباعة - فن - پیشۂ طبع کتب۔

الطباعة على الحجر - لیتھوگرافی یعنی تیری چھاپنے کا کام۔

لطباعة ... حروف ٹائپ سے چھپنا۔

طاجنة ... سی۔

طبهجة - ... فارسی کھانے کی ایک قسم، فارسی۔

طبشی - ... چھوٹی سینی، ترکی۔

طبع - چھاپا، طبع کرنا، قدیم معنی ... کرنا۔

طبعة - اڈیشن۔

طبقة - مکان کی منزل۔

طبل، طبلة - ٹیبل، بنچ، لاطینی۔

طبنجة - تپنچہ، پستول فارسی۔

طبوغرافیة - ٹاپوگرافی، علم تخطیط الارض

طبیعة - نیچر، فطرت۔

طبیعی - نیچرل، فطرتی ... ،

ح

طحینة - ... تیل ...

ر

طرابزون - ... بڑی میز، یونانی دیکھو

درابزون۔

طرابیزة - میز، یونانی۔

طراز - ... چکن ... فارسی معنی ... و

نگار ... علم ... ہے

طربیزة - میز، یونانی۔

طرنبیل - ... دوہرا حتی آلہ جس سے ... کی جاتی ہے۔ لاطینی۔

طرحة - ترکی برقع، شام کی زبان۔

طرحیة ج طراحی - پیپر سیٹ، کاغذ کا ایک تختہ،

یک فرد۔

طرخان ج طراخنة - افسر، رئیس، شہزادہ،

ترکی۔

طرد ج طرود - پیکٹ، بنڈل، بندھا ہوا اسباب،

طُرّۃ ج طُرر۔ پیشانی، جبہ، اصلی معنی پیشانی کے بالوں کی لٹ۔

طُرّاحۃ ج طرائح۔ مربع توشک، گدا جس پر بیٹھتے ہیں، محاورہ میں فرش بچھانے کو طرح (ڈالا) بولتے ہیں۔ دعا طرح للاماجد والسادۃ، اسی محاورہ سے اہل شام نے طراحہ کا لفظ نکالا ہے۔

طرّاد، طرادۃ۔ چھوٹا معمولی جنگی جہاز، قدیم معنے چھوٹی کشتی۔

طرّادۃ۔ کوارٹر کی سیکنی

طرز۔ دیکھو طرنہ۔

طُرشون۔ صافی یعنی وہ کپڑا جس سے برتن صاف کرتے ہیں فرنچ۔

طُرنی۔ احمپ ر، فارسی بواسطہ ترکی۔

طُرنبہ۔ آگ بجھانے کا انجن، پمپ اٹالین۔

ع

طُغراءۃ ج طغرا دات۔ ترکی شاہی نشان جو فرمان کے سرنامے پر ہوتا ہے ... ترکی۔

طابۃ ج ... ف۔ یادرہے کہ اس کے معنی یہ کہتے ہیں، خدا ... فرشتے ... بکاتے ہیں، ... والوں کی جماعت ... کے معنی جماعت ... کہتے ہیں۔ گروہ ...

مذہب عیسوی، فرشتگان، یونانی۔

ق

طُقس ج طُقوس۔ عیسوی مذہبی فرائض کے اوقات، فصل، موسم آب و ہوا، یونانی

طُقم ج طقومۃ۔ دیکھو طاقم۔

ل

طَلاء۔ وارنش، قدیم معنی ادب سے جو چیز ملی جائے

طلب ج طلبۃ ج طلبات۔ درخواست خریداری کتاب خط درخواست خریداری، فرمائش۔

طَلحیّۃ ج طلاحی۔ پیپر شیٹ، کاغذ کا ایک تختہ۔ فرد، پرت۔

طَلری۔ ایک سکہ مساوی چار شلنگ۔

طَلَنۃ ج طلمات۔ صندوق یا توپ کا فیہ دیکھیے اطلاق۔

طُلُمبجی۔ آگ بجھانے والا سپاہی۔ دیکھو طُلمبہ

طُلُمبہ، طلومب، طلونبۃ۔ آگ بجھانے کا انجن۔

... بواسطہ ترکی، ... آتی ہے۔

طُلوباخ ... وزن مساوی ... من تراز و، ... سیر۔

اطلمان۔ موجودہ ... قوم، ... نمی

طلیانیة - موجودہ اٹالین زبان، اٹلی کی گذشتہ قدیم زبان لاطینی یا لیٹن کہلاتی ہے۔

م

طماد - برش، کھریا، مصر کی زبان۔

طماطم - ولایتی بیگن، انگریزی۔

ن

طن - ٹن، انگریزی وزن مساوی ۲۸ من۔

طنان، طنانة - غلط انداز، مضمون یا نظم کی صفت میں آج کل مستعمل ہے، مثلاً قصیدة طنانة، مقالة طنانة یہ استعمال ترکی سے آیا ہے۔ عربی میں طنین مکھی کی بھنبھناہٹ یا طست وغیرہ کی جھنجھناہٹ کو کہتے ہیں، لیکن ترکی میں شور وغل و آواز کے معنی میں آتا ہے۔

طنبور - ایک جدید زراعتی آلہ جس سے کھیت سیراب کئے جاتے ہیں اور جو بشکل تنبو ہوتا ہے، فارسی۔

طنطور - مخروطی شکل کی زنانہ ٹوپی - دنیل۔

و

طوبی ج طوبیة - [illegible] اینٹ، مصر

طوب ج اطواب - توپ [illegible]۔

طوبجی - توپ [illegible]

طوغری - سیدھا [illegible]

طوکیو - [illegible] جاپان۔

طونلاطة، طونولاتة - دیکھو طلوناطہ۔

(کفر) الطونة - نہر ڈانوب۔

ی

طیّار - ہواباز، ہوائی جہاز پر اڑنے والا۔

طیّارة - پتنگ، غبارہ، بیلون، ہوائی جہاز، اصلی معنی اڑنے والے۔

طیّارجی - ہواباز، ہوائی جہاز پر اڑنیوالا، جی ترکی علامت فاعلی۔

طیّة - پاؤں میں باندھنے کی پٹی، طیّ (لپیٹنا) سے مشتق ہے۔

طیوری - چڑیا فروش۔

باب الظاء

ظرف ج ظروف - خط کا لفافہ، خط لفافہ میں بند کرنا۔ [illegible]ت و موقع، اصلی معنی وہ شے جس کے اندر کوئی دوسری شے ہو۔

ظرف الساعة - گھڑی کا کیس،

ظرف القهوة - کافی پینے کی دھات کی پیالی۔

ظهارة - زین پوش، قدیم معنی بالائی کپڑا۔

باب العین

ا

[illegible] - عورتوں کے ماہواری ایام۔

عادی ج عادیات - قدیم یادگاریں، نادر چیزیں [illegible] قوم عاد کی طرف منسوب ہے، جو قدامت، عظمت اور

تعجب انگریزی کے لحاظ سے عرب میں شہور تھی۔

عاصِمۃ ج عواصم۔ پایۂ تخت، دارالحکومت، پہلے یہ لفظ شہر کی صفت کے طور پر مستعمل تھا، پھر شہر کے معنی میں مستعمل ہوا اب خاص دارالحکومت کے شہر کو کہتے ہیں۔

عاطفۃ ج عواطف۔ جذبات، اصلی معنی میلان۔

عالمۃ ج عوالم۔ مُغنّیہ، رقاصہ، مصر کی زبان۔

عائدۃ ج عوائد۔ کسٹم، محصول، کسٹم (رسم عادت) کا ترجمہ ہے

عامود۔ کالم، وہ خط جو صفحہ کو دو حصّوں پر تقسیم کردیتا ہے، دیکھو عمود۔

عامّیّۃ۔ اتحاد، اتفاق۔

عائلۃ ج عائلات۔ بیوی، فیملی، خاندان، مولد۔

ب

عُبّ۔ ویسٹ کوٹ یا صدری کی جیب۔ قدیم معنی آستین۔ شام کی زبان۔

عبدلیّ۔ عبداللاوی۔ خربزہ کی ایک قسم، مصر کی زبان۔ یہ پھل چونکہ مصر میں سب سے پہلے عبداللہ بن طاہر لایا تھا جیسے اس پھل کا نام عبداللہ کی طرف منسوب ہوکر [illegible] گیا، عوام عبداللاوی کہتے ہیں [illegible] للاوی کو [illegible] عبدلی [illegible] سمجھنا چاہیے۔

ت

عتّال ج عتّالۃ۔ قلی، بیگار، عتل سے مشتق ہے جسکے معنی زور سے کسی چیز کو اُٹھانے کے ہیں، پہلے عتّال کی جگہ عتیل مستعمل تھا۔

عِتالۃ۔ بیگاری، قلی کا کام، باربرداری۔

ث

عثمانیّ۔ ترکی رعایا، ترکی سلطنت کی طرف منسوب، دیکھو الدولۃ العثمانیۃ

عثمانلی۔ ترکی سوار، ترکی۔

ج

عَجَلۃ ج عجل، عجال، اعجال، عواجل۔ گاڑی پہیہ۔ قدیم معنی دولابِ چاہ، جسکے مناسب پہیہ ہے اور پہیہ سے گاڑی کے معنی پیدا ہوئے۔

د

عدَسۃ، عدَسیۃ۔ محدّب شیشہ، عینک کی دال اصلی معنی مسور کی دال جسکے مشابہ یہ شیشہ ہوتا ہے۔

عَدَد۔ اسکے قدیم معنی شمار کے ہیں، اسی مناسبت سے اخبار یا رسالہ کے نمبر کو بھی کہتے ہیں، نمبر۔

عَدلیۃ۔ محکمۂ عدالت، ترکی حکومت میں مستعمل ہے۔

عَدِیلۃ۔ بنڈل، بیگ، بورا، قدیم لفظ عدل ہے، باربردار جانوروں کی دونوں طرف جو دو بوجھ ہوتے ہیں، اُن میں سے ہر ایک کو عدل کہتے ہیں، عدل کے اصلی معنی برابر اور مقابل کے سمجھنا چاہیے جس سے عدیل بنا ہے

چونکہ ہر بوجھ دوسرے بوجھ کا برابر اور مقابل ہوتا ہی اسلئے اُس کو عدل کہتے ہیں۔

عَلَامِیٌّ ج علامیّون ۔ نہلسٹ ، انارکسٹ ، مخالف سلطنت فرقہ جکا آلہ کوشش ، سلاطین اور حکام کو قتل کرنا ہی ، اسی مناسبت کی وجہ سے اُن کو علامیّون کہتے ہیں۔

ذ

العَذْراء ۔ عذراء عربی میں کنواری عورت کو کہتے ہیں عیسائی عذراء سے حضرت مریم کو مراد لیتے ہیں۔

ر

عَرَبَة ، عَرَبانَة ، عَرَبِیَّة ۔ گاڑی ، ترکی لفظ اربہ کی تعریب ہے۔

عَرَبَجی ۔ کوچبین ، گاڑی بان ۔ ترکی۔

عَرَّابہ ۔ گوڈفادر ، جب کسی مرد کو بپتسمہ دیا جاتا ہے تو عیسائی رسم ہی کہ اُس وقت ایک مقدس شخص اُسکا باپ بنتا ہی وہ گوڈفادر ہے۔

عَرَّابة ۔ گوڈمدر ، اور ایک شخص اُس وقت ماں بنتی ہے وہ گوڈمدر ہے۔

عَرَّادہ ۔ ایک منگ انداز آلہ جس سے قلعے توڑے جاتے ہیں ۔ توپ ۔ گاڑی ، پہیہ ، پہلے معنی زمانۂ وسطے میں پیدا ہوئے۔

عَرْض ۔ جائزہ لینا ، کسی چیز کو نمائش میں پیش کرنا عرض سے مشتق ہی جسکے معنی صرف پیش کرنے کے ہیں۔

عرضحال ج عرضحالات ۔ عرضی ، درخواست جو بڑوں کی خدمت میں دی جاتی ہی ، عرض حال ، ایک مرکب لفظ کو واحد کا حکم دیا گیا ہی۔

عُرْفِیٌّ ، عُرْفِیَّة ۔ آربیٹریشن ، پنچایت ، حکومت جو بحالت بدامنی وخانہ جنگی بقاعدۂ قوانین عامہ و رسوم سابقہ ایک مدت کے لئے قائم کی جائے۔

عُرْفِیَّة ۔ کہاوت ، ضرب المثل ، عُرف عام۔

عُرُوس ج عرائس ۔ کسی ناول یا قصہ کی ہیروئن ، اصلی معنی دُلہن۔

عَرِیضَة ۔ عرضی ، گذارشنامہ۔

عریضة الشکوی ۔ نالشنامہ۔

ز

عزبة ج عِزَاب ۔ پُروا ، چھوٹا گاؤں جو مزدوروں اور کاشتکاروں کے لئے بسایا جا[illegible] [illegible]روی۔

عِزَّة النفس ۔ خودداری ، سِلف ر[illegible] جکلیٹ۔

عزّتلو ۔ آنرایبل کی جگہ مستعمل ہی [illegible] ، ترکی۔

عَزْقَلَة ۔ لباس میں نزاکت وصفائی ہونا ، مولد اللفظ معلوم ہوتا ہی ۔ قدیم لغت میں نہیں یہ لفظ [illegible] مصر میں [illegible]تعمل ہے۔

عَزِیمَة ۔ کھانے کی دعوت ، بُلاوا ، قدیم معنی ارادہ۔

س

عساکوضبطیہ - پولس مین، عساکر، عسکر (فوج) کی جمع ہی جو فارسی لشکر کا معرب ہی۔

عَسْکریؐ - سپاہی، منسوب بہ عسکر۔

عسکریۃ - فوجی خدمت، فوجی طاقت، فوجی صیغہ۔

ش

العشاء السّری - عیسائیوں کے ایک شام کا مذہبی کھانا جسکو انگریزی میں لارڈس سپر کہتے ہیں۔

عُشّۃ - جھونپڑا، اصلی معنی آشیانہ۔

عَشّیؐ - باورچی، لفظ ترکی، لنسبت عربی۔

عَشّی - باورچی، لفظ و لنسبت ترکی۔

عَشُور - ہر قسم کی سوسائٹی میں جلد مجانے والا، ماخوذ از عشرت و معاشرت۔

عشوری، عشورا، عاشوری، عاشورا - اس میں محرم کی ۹ - ۱۰ کو کہتے ہیں اور چونکہ محرم اسلامی سال کی ابتدا ہی، اسلئے ان الفاظ سے سنہ ہجری کا نو دہ نہ مراد لیتے ہیں۔

ص

عُصبَۃ الاُمم - لیگ آف نیشنس یعنی مجلس اقوام۔

عصریؐ، عصریۃ - موجودہ، زمانہ حال کے، مثلاً العلوم العصریۃ موجودہ علوم، زمانۂ حال کے علوم، عصر کے معنی زمانہ۔

عَصرُونۃ - پنچ، شام کا ناشتہ، وقت عصر سے بنا ہی۔

ض

عُضو ج اَعضاء کسی مجلس یا سوسائٹی کا رکن، ممبر انگریزی ممبر کا لفظی ترجمہ ہی۔

ط

عِطارۃ - بنیا پن، بنیا کا پیشہ۔

عَطّار - بنیا - اصلی معنی عطر فروش۔

عُطل - نقصان، تاوان۔

عَطورات - عطریات۔

عُطوس - تمباکو کی ناس، ماخوذ از عطس۔

ف

عَفارم - آفریں، شاباش، فارسی۔

عَفشۃ، عَفشؐ - اسباب، ردی چیز، ترکی۔

عَفّش - عفش کو باب تفعیل میں استعمال کیا ہی، ردی چیزوں کو چھانٹنا، مختلف اقسام کے کھانے کھانا۔

ق

عِقال ج عُقل - عربوں کا سر پر رومال رکھکر باندھنے کی پھندنے دار ریشمی ڈوری، اصلی معنی جانور کے پاؤں باندھنے کی رسی۔

عقرب ج عقارب - گھڑی کی سوئی، عقرب الساعۃ مستعمل ہی، غالباً بہ نظر تشبیہ گھڑی کی سوئی کو عقرب کہتے ہوں گے۔

عقیلۃ ج عقائل - لیڈی، شریف بی بی، لیڈی، مسز کی جگہ عربی میں کتخدا عورت کا لقب شوہر کے نام کے ساتھ جیسے عقیلۃ داؤد، لیڈی داؤد، مسز داؤد، قدیم معنی خوبصورت عورت

ل

عَلَّام - چاند ماری، نشانہ، نشانہ بازی، ایک سیاہ خط یا دائرہ بنا کر اُس کو نشانہ بناتے ہیں اُس نشان کو عَلَّام کہتے ہیں، ماخوذ از عَلَم بمعنی نشان۔

عَلَّمَ عَلیٰ - کسی چیز پر دستخط کرنا، ریمارک کرنا، ماخوذ از عَلَم

عِلمُ الادب - علمِ اخلاق، لٹریچر۔

علم الاقتصاد - پولٹیکل اکانمی۔

علمِ الحقوق - علمِ قانون۔

علمِ رسم الارض - جغرافیہ۔

عِلمُ الصَّیدلۃ - علمِ دواسازی، کمپونڈری۔

عِلمِ اللاھوت - علمِ الٰہیات۔

عِلمُ وظائف الاعضاء - فزیالوجی۔

عَلمانیٌّ - دنیادار شخص جو پادری نہ ہو، دنیوی۔ شام کی زبان۔

عُلوان - مضمون کی سُرخی، خط کا پتہ، کتاب کا عنوان، عنوان کی جگہ علوان قدیم لغت میں بھی موجود ہے۔

عَلوَنَۃٌ - کسی مضمون یا کتاب کا عنوان لکھنا، خط پر پتہ لکھنا، دیکھو عنوان۔

م

عماد، عمادۃ - بپتسمہ، یعنی وہ مقدس غسل یا رسم جو عیسائی بناتے وقت دیتے ہیں، تحقیق کے لئے دیکھو عمد۔

عَمارۃ - جہازوں کا بیڑا، عمارۃ البحر

عُمدۃ - گاؤں کا چودہری، مکھیا، کسی کمیٹی کا ٹرسٹی، پراکسی، نائب، اصلی معنی معتمد۔

عَمَّدَ - بپتسمہ دیا، عَمَّدَ بپتسمہ دینا، عیسائیوں کا ایک تالاب ہے جسکو عرب معمودیہ کہتے ہیں، اسی میں غوطہ دیکر عیسائی بناتے تھے یا بچے جب بڑے ہوتے تھے تو رسمًا اُس میں اُن کو نہلاتے تھے اسی معمودیہ سے عربی زبان میں عمد اور تعمید وغیرہ کا لفظ پیدا ہوا۔

عُمران - آبادی، یا پاپولیشن، تہذیب، شائستگی، مولد۔

عَمَلٌ ج اعمال - کارنامہ، کارروائی، دستکاری، مولد

عُمْلَۃٌ - زرِ نقد، سکۂ رائج الوقت، سرمایہ۔

عَمَلِیّۃ - اپریشن، زخم کی تشریح، چیر پھاڑ، ماخوذ از طبی اصطلاح عمل بالید (سرجری)

عَمَّدَ - بپتسمہ دیا، مصدر تعمید، دیکھو عمد و عماد۔

عَمَّرَ - مکان تعمیر کیا، عمارت بنوائی۔ تعمیر اس معنی میں قدیم عربی میں مستعمل نہیں۔

عمود ج عمدان، عُمُد - اخبار یا کتاب کا کالم، اس لفظ کے اصلی معنی ستون کے ہیں چونکہ دو سطر صفحہ میں کالم کا خط ستون سے مشابہ ہوتا ہے اُسکو عمود کہتے ہیں۔ انگریزی میں کالم بھی ستون کو کہتے ہیں۔

عُمُولَۃ - ایجنٹ کا کمیشن، کام کی اُجرت، مشتق از عمل۔

عُمومیٌّ، عمومیّۃ - عام۔

عَمیل ج عُملاء - ایجنٹ، آڑھتی، شریک عمل۔

ن

عَنْبَرٌ ج عَنَابِر - کارخانہ، مخزن، انبارخانہ، مال خانہ، گدام، شاید یونانی، یا انبار فارسی سے ماخوذ ہو،

عَنْتَرِیٌ - صدری، جاکٹ، شام میں بولتے ہیں۔

عَنْثَرِی - دیکھو عنتری۔

عُنْصُر ج عَنَاصِر - عربی میں کسی غیر زبان سے آیا، پہلے عنصر، آب و باد و خاک و آتش کو کہتے ہیں، جس سے اُس زمانہ میں جسم مرکب سمجھا جاتا تھا، اب مادہ یا جسم کے جزو ترکیبی کو عنصر کہتے ہیں، اسکے علاوہ خاندان، قوم، قومیت کو بھی عنصر کہتے ہیں۔

عَنْصَرَة - یہودیوں کی ایک عید جسکو عید خمسین کہتے ہیں۔

عُنُق ج اَعْنَاق - درخت کا تنہ، مولد۔

عُنْوَان - مضمون کی سرخی، کتاب کا سرنامہ، خط کا پتہ، اور شان، عنوان ہر اُس شے کو کہتے ہیں جسکو دیکھ کر اندر کا حال معلوم ہو جائے،

عَنْوَنَة - عُنوان لکھنا، دیکھو عنوان۔

و

عَوَائِد - محصول، جمع ہے، واحد عائدۃ، اصلی معنی نفع۔

عَوَزٌ - ضرورت رکھنا، حاجت رکھنا، عوز بمعنی حاجت، قدیم عربی میں غیر مشتق تھا، مشتق ہونے کی حالت میں اسکے معنی مفلس ہونے اور نہ پانے کے تھے۔

عَوَّلَ عَلیٰ - ارادہ کرنا، قصد کرنا، قدیم معنی کسی چیز پر اعتماد کرنا تعویل مصدر،

عَوَّمَ - جہاز کو دریا میں چھوڑنا، ڈالنا، چلانا، عوّم کے معنی تیرنے کے ہیں اُسی سے تعویم بنا۔

عُوَیْسِبَةٌ - چاقو، قلمتراش، وخیل۔

عُوَیْنَةٌ ج عُوَیْنَاتٌ - عینک، دیکھو عینیۃ۔

ھ

العَھْدُ الجَدِیدُ - نیوٹسٹمنٹ، یعنی انجیل۔

العَھْدُ العَتِیقُ - اولڈ ٹسٹمنٹ، یعنی توریت۔

ی

عِیَادَةٌ - کسی ڈاکٹر یا طبیب کا مطب جہاں دیدہ مریضوں کو دیکھتا ہو، اصلی معنی بیمار کی عیادت کرنا۔

عِیَارٌ - بندوق یا تپنچہ کی گولی۔

عِیَارٌ نارِیٌ ج عیاراتٌ نارِیّةٌ - آتشین اسلحہ۔

عیارۃ الشَعْر - مصنوعی چوٹی لگی ہوئی زنانہ ٹوپی (یعنی عاریۃ کے بال مصنوعی بال)

عِیدُ النَعَانِیْن - پام ڈے، ایک مسیحی عید۔ پام ڈے کا لفظی ترجمہ ہے۔

عِیدُ الفَصْحِ - الیسٹر، ایک مسیحی عید۔

عِیدُ الفِطِیرُ - ایک یہودی عید۔

عِیدُ الغِطَّاس - ایپفنی کے بپتسمہ کی یاد میں جنوری کو ایک مسیحی عید

عِیْدُ المِیْلَاد ۔ کرسمس ڈے، روزِ پیدائش حضرت مسیح

عِیْدِیَّۃٌ ۔ کسی عید یا تہوار کے دن کا باہمی تحفہ۔

عُیَیْشٌ ۔ ارالائی، مصر میں بولتے ہیں۔

عَیْلَۃٌ ۔ فیملی خاندان، قدیم معنی ضرورت، احتیاج، جدید معنی گویا عائلہ اور عیال سے لئے گئے ہیں۔

عَیْنٌ قِزَازٍ ج عُیُوْنُ قِزَازٍ ۔ عینک، انگریزی لفظ آئی گلاس کا ترجمہ ہے،

عَیِیٌّ ج اَعْیَاء ۔ اَعْیِیَاء، اَعْیِیَۃٌ ۔ بیمار، اصلی معنی عاجز۔

عَیَّاشٌ ۔ نان فروش، عیش، روٹی کو کہتے ہیں۔

عُیَیْنَۃٌ ۔ عینک، عین (آنکھ) کی تصغیر۔

عَیِّنَۃٌ ۔ نمونہ، مولّد۔

باب الغین

ا

غَاز ۔ گیس کا معرب، گیس، مٹی کا تیل، پٹرول، فرنچ۔

غَازِیَۃٌ ج غَوَازِی ۔ زنِ رقاصہ، مصر میں بولتے ہیں۔

غَازِیْتَۃٌ ۔ گزٹ کا معرب، گزٹ، اخبار، فرنچ۔

غَالٌ ج غَالَاتٌ ۔ تالا، قفل، شام میں بولتے ہیں۔

غَالَاتِیٌّ ۔ قفل ساز۔

غَالَط ۔ بندوق وغیرہ کے نشانہ میں نشانہ خطا کرنا۔ کسی کھیل کے کھیلنے پر کسی فریق کا کوئی چال چلنا، حکمت کرنا، مصدر مُغالطہ۔

ب

غَبَاشَۃٌ ۔ ضعف بصر، ماخوذ از غبش بمعنی تاریکی، شام کی زبان۔

غِبْطَۃٌ ۔ بشپ، پیٹریارک یا کسی اور بڑے پادری کے نام کے پہلے اضافت کے ساتھ تعظیماً بولتے ہیں، جیسے غبطۃ الحبر الاعظم، انگریزی میں اُس کے مقابلہ میں ریورنڈ اور ہزبی ٹی چیوڈ کا لفظ ہے۔

د

غَدَاء ج اَغْذِیَۃٌ ۔ قدیم معنی صبح کا کھانا۔ لیکن اب انگریزی لفظ ڈنر کے مقابلہ میں مستعمل ہے۔

غَدَّارَۃٌ ج غَدَّارَات ۔ پستول، طپنچہ، مولّد

غِدَانٌ ۔ کپڑوں کے رکھنے کی انگریزی کھونٹی، قدیم معنی وہ بانس جس پر کپڑا لٹکایا جائے۔

ر

غِرَامٌ ۔ گرام کا معرب ہے جو ایک وزن ہے مساوی،

غراماطیق ۔ گرامر کا معرب، علم صرف و نحو، یونانی۔

غِرَاموفون ۔ گراموفون۔

غَرَّاف ۔ پن چکی، اصلی معنی دریا یا کنوؤں سے بہت پانی لینے والا۔

غِرْش ج غُرُوش ۔ غرش پیاسٹر، ایک مصری سکہ

مساوی ۲۰

غَرَضِیَّۃ ج غَرَضِیّات - خود غرضی ، مولد

ز

غَزَتَۃ - گزٹ کا معرّب -

غَزّار - بید ، بے ، مولد -

غَزَلِیَّۃ - سوت اور ریشم کا کپڑا ۔ غزلیۃ غزل سے ماخوذ ہو ، غزل کے معنی کاتنے کے ہیں -

غَزِیَّۃ - جنگی ٹیکس ، غزیۃ ، فارسی گزیت کی موجودہ تعریب ہے ، قدیم عربی میں اُسکی تعریب جزیہ کی گئی تھی ، یا ممکن ہے کہ غزیۃ عربی لفظ غزوۃ سے مشتق ہو ، جسکے معنی لڑائی کے ہیں -

س

غَسّال - دھوبی -

غَسِیل - کپڑوں کی دھولائی - دھونے کے پہلے کپڑے -

ط

غِطاس - بپتسمہ ، غطاس غطس سے ماخوذ ہے جس کے معنی غوطہ دینے کے ہیں -

غِطاءُ الطّاوِلَۃ - میز پوش -

غَطّس - بپتسمہ دیا ، مصدر تغطیس ، دیکھو غطاس -

ف

غِفارَۃ - نگہبانی ، صحیح لفظ خفارت ہے -

غَفِیر - نگہبان ، صحیح لفظ خفیر ہے -

ل

غِلادَ سْتُون - گلیڈ سٹون ، ایک مشہور سیاسی انگریزی وزیر کا نام

غِلاف ج غُلُف ، غُلُف ، غُلُف - خط کا لفافہ ، کتاب کا ٹائیٹل پیج

غَلاقَۃ - اختتام ، انجام ، باقی ، شام کی زبان ہے

غَلاقَۃ حِساب - حساب کا فاضل باقی -

غَلّایَۃ - کیتلی ، سماور ، مشتق از غلیان -

غَلَّفَ - مصدر تغلیف ، خط کو لفافہ میں بند کرنا ، دیکھو غلاف -

غَلَّنَ - مصدر تغلین ، سمندر کا ساکت ہونا ، ساکن ہونا ، دیکھو غلینۃ

غِلِّینَۃ - غیر متحرک سطح آب ، صدف سطح ، یہ لفظ یونانی ہے ، عربی میں آیا اور اس سے تغلین وغیرہ اور مصادر مشتق ہوئے -

غِلِیسِرِین - گلیسرین ، ایک دوا کا نام -

غلیوم - فرنچ نام ولیم کی تعریب -

غَلْیُون ج غلایین ، غلاوین - حقہ ، سگریٹ کا پائپ ، یہ لفظ فارسی سے عربی میں ترکی کے واسطہ سے آیا -

م

غُمْر ، غُمْرَۃ ج اغمار - کٹھا ، پولا ، ہاتھ بھر کی مقدار ، شامی -

غَمّازَۃ - گڈھا ، چاہِ زنخدان ، شامی -

غُمَّیضَۃ - آنکھ مچول ، بچوں کا ایک کھیل ہے - ماخوذ از غمض ،

ن

غَنْدَاق - بندوق، توپ، ترکی۔

غَنْدَارَة - لباس میں ظاہرداری اور نمائش کرنا، شامی۔

غَنْدَق - بندوق، توپ، ترکی۔

غَنْدَقْجی ج غَنْدَقْجِیہ - بندوق ساز، توپ ساز، ترکی۔

غَنْغَرِینَة - داد (مرض) انگریزی

و

غُوْل - شام میں اب سانپ کو کہتے ہیں، قدیم زبان میں صحرائی بھوت چڑیل کو کہتے تھے۔

غَوْش - مصدر تغویش، بیہودہ بکنا، مصری۔

غُوَیْشَات - کانچ کی چوڑیاں، شامی۔

ی

غِیَار - صحت کا متغیر ہوجانا، بیمار رہونا۔

غَیْرَة - جوش حمیت، الغیرة الوطنیة، الغیرة الجنسیة
قدیم زبان میں عربی لفظ غیرة کا وہ مفہوم تھا جو اردو لفظ غیرت کا ہے۔ یقال غار الرجل علی اھلہ فاحذ منہ، غار الرجل علی وطنیتہ وعلی جنسیتہ۔

غَیْلِیَّة - غیر متحرک سطح آب، اصات مطبع ہیچ لفظ غلّینة دیکھو۔

غَیُور - پرجوش، قدیم معنی غیرتمند۔

غَیَّار - مضطرب۔ دیکھو غیار۔

غَیَّبَ - مصدر تغییب، زبانی یاد کرنا، حفظ کرنا، یہ لفظ اس محاورہ سے پیدا ہوا ہے، قرءہ غیبًا۔

باب الفاء

ا

فَائِدَة ج فَوَائِد - سود، بینک کا منافع۔

الفَائِدَة المُرَکَّبَة ج الفَوَائِد المُرَکَّبَة - سود در سود۔

فَائِض - سود، شام کی زبان ہے۔

فَابْرِیقَة - کارخانہ، فیکٹری، اٹالین۔

فَاتُورَة - تجارتی کپڑوں کا نمونہ، اٹالین۔

فَاتِیَة ج فَوَاتِی - بازاری عورت، رنڈی، مصر کی زبان ہے۔

فَاثُور - میز، قدیم معنی دسترخوان۔

فَاخُورَة - دوکان ظروف گلی، فاخور چکنی مٹی کو کہتے ہیں جس سے برتن وغیرہ بنتے ہیں۔

فَاخُورِیّ - کمہار، مٹی کے برتن بنانیوالا، دیکھو فاخورة۔

فَادِمٌ ج فَوَادِم - ناپنے کی ڈوری، ساہول انگریزی۔

فَادِنٌ ج فَوَادِن - ناپنے کی ڈوری، ساہول، متغیر از فادم۔

اَلْفَادِی - نجات دہندہ، عیسائیوں کے محاورہ میں اس سے مراد حضرت عیسیٰ ہیں۔

فَارَة - ایک آلہ نجاری جسے رندہ کہتے ہیں۔

فَارِخ - بدرنگ (کپڑا) سوتہ۔

فَاکُوْرَة ج فَوَاکِیر - سٹکنی، بلی۔

فَال ج فُؤُل، اَفْؤُل - توہم، اصلی معنی فال جس کے

توہم پرستی سے تعلق ہو، اس سے مصدر بھی بنے ہیں۔ تفاعُل
افتئال، استفالۃ، توہم پرستی کرنا، توہم پرست ہونا۔
فَالِیَۃ۔ بندوق کا وہ سوراخ جہاں کارتوس یا ٹوپی
رکھی جاتی ہے۔
فامیلیا۔ خاندان فیملی کا معرب، انگریزی۔
فَانلَۃ۔ فلالین (کپڑا) فرنچ، یا لاطینی۔
فانیلۃ۔ بنیائین، فرنچ۔
فَاوِرِیقۃ۔ دیکھو فابریقہ۔
فَاگیٰ۔ نشتر دینا، نشتر لگانا، اصلی معنی پھاڑنا۔

ب

فبرائر۔ ماہ فروری، سلیاتان اندلس کے عہد میں معرب ہوا۔
فَبرِیقۃ۔ دیکھو فابریقہ۔

ت

فَتَّح۔ مصدر تفتیح، آنتوں کو صاف کرنا، طبی اصطلاح ہی۔
فَتَّح (اللَّون) ہلکا رنگنا۔ ہلکا رنگ ہونا، جدید محاورہ ہی۔
فَتَّح (سعر) قیمت لگانا، سودا کرنا، جدید محاورہ ہی۔
فَتَح۔ سادہ دل، صاف دل، انگریزی محاورہ (اوپن مائنڈ)
کا ترجمہ ہے۔
فُتَّلَۃ۔ مصر میں دھاگا کو کہتے ہیں، مشتق از فتل
فُتُنَۃ۔ ببول کا پھول، شام کی زبان۔
فَتِیل، فَتِیلَۃ ج فتائل، فتیلات۔ گیس یا کسی دوسرے
سیال شے کے رکھنے کی شیشہ کی صراحی یا قرابہ، فتیلہ بتی کو بھی
کہتے ہیں مگر اس معنی میں قدیم لفظ ہے۔

ج

فجاعۃ۔ لبسیارخوری، قدیم کتب لغات میں اس لفظ کے یہ
معنی نہیں ہیں، شام میں یہ لفظ اس معنی میں مستعمل ہی۔
فَجٌّ۔ تنک مزاج، زود رنج، اصلی معنی خام۔
فَجعَۃ۔ لبسیارخوری، دیکھو فجاعۃ۔
فَجَمَ، فَجَّمَ۔ چاقو کا کند ہونا۔

ح

فَحَّام۔ کوئلہ فروش۔
فَحَّام، فَحَّامَۃ۔ فریمیسن کو کہتے ہیں، اور اصل میں یہ ترجمہ
ہو کاربونرو کا جو اٹلی میں ایک فرقہ تھا۔
فَحمٌ حَجَرٌ۔ پتھر کوئلہ۔
فَحمٌ حَجَرِیٌّ۔ پتھر کا کوئلہ۔

خ

فَخفَخَۃٌ۔ اصلی معنی کاغذ اور نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ کے
ہیں بعد میں مجازاً تفاخر بالباطل کے معنی پیدا ہوئے اب
نمائش و نمود کو کہتے ہیں۔
فَخِیرَۃ۔ سوراخ، قدیم لغت میں یہ معنی نہیں، مصر کی زبان،

د

فَدَاوِیٌّ ج فِدَاوِیَّۃ۔ بہادر انارکسٹ، حسن بن صباح

کی وہ خفیہ جماعت جو اپنی جان فدا کر کے مخالفین کو چھپ چھپ کر قتل کرتی تھی، اسی مناسبت سے موجودہ زبان میں بماذر کے معنی پیدا ہوئے ہیں۔

فَدّان، فَدّان ج فدادین ۔ ایکڑ، رقبہ، کھیت، ایک دن کی محنت، قدیم معنی قلبہ، قلبہ رانی کے دو بیلوں کا جوڑا۔

ر

فُرَانَة ۔ ریزگاری، خُردہ، کم قیمت سکے صحیح لفظ فراطہ ہے۔

فِرَاجَة ۔ فِرَاجِیّة ۔ ترکی خاتون کا برقع، زنانہ لبادہ، ترکی۔

فَرَاش ۔ چکی کا پہیہ، پہیہ کا حال (آہنی حلقہ) قدیم معنی حلقۂ لگام و حلقۂ قفل کے ہیں۔ غالباً اسی معنی سے موجودہ معنی منقول ہیں۔

فُرَاطَة ۔ ریزگاری، کم قیمت سکے، قدیم لغت میں اسکے مناسب کوئی معنی نہیں ہیں، شام کی زبان۔

فَرْتُونَة ۔ دریائی طوفان، اٹالین۔

فُرْشِیکَة ۔ کانٹا (جس سے یورپین کھانا کھاتے ہیں) شاید انگریزی لفظ (فارک) کا معرب ہو۔

فِرْجَار ۔ پرکار کا معرب، فارسی۔

فُرْجَة ۔ تماشا، منظر، دیکھو تفریح۔

فَرْجِیَة ۔ ترکی خاتون کا برقع، ترکی۔

فَرَح ج أفراح ۔ (شادی بیاہ وغیرہ کی) تقریب خوشی، تقریب خوشی کی دعوت، اصلی معنی مطلق خوشی۔

فَرْخُ وَرَقٍ ۔ کاغذ کا تختہ، مصر کی زبان۔

فَرْد ج فُرُود، فَرُودَة ۔ پستول۔

فَرْدَة ج فِرَاد ۔ فی کس ٹیکس، فرد سے ماخوذ ہے، چونکہ ہر ہر فرد سے لیا جاتا ہے، اس لئے اُس کو فردہ کہتے ہیں۔

فَرْدَة ج فَرْد ۔ تھیلا (مصر کی زبان)، گٹھیا (شام کی زبان)

فَرَّاش ۔ خادم، سوداگر، سامان آرایش مکان، دیکھو فرش۔

فَرَّام ۔ سگریٹ کا تمباکو تراشنے والا، دیکھو فرم۔

فَرَّج ۔ مصدر تفریج، تفریح کرانا، تماشا دکھلانا۔ اصلی معنی غم دور کر دینا۔

فَرَّس ۔ ہمت دلانا، ابھارنا، مرادف تشجیع، تفریس، فروسیت سے مشتق ہے جسکے اصلی معنی گھوڑے کی سواری میں مہارت کے ہیں، لیکن مجازی معنی بہادری اور شجاعت کے ہیں، تفریس شجاعت دلانا، ہمت دلانا۔

فَرَّس ۔ پلاسٹر کرنا، گچ کرنا، تفریس فُرس سے مشتق ہے، دیکھو فُرس

فَرَّش ۔ مصدر تفریش، قدیم معنی فرش بچھانا، بعد میں تفریش کے معنی عمارت میں پختہ فرش کرانے کے ہوئے، آجکل تفریش، مکان کو فرنیچر اور سامان سے آراستہ کرنے کو کہتے ہیں۔

فَرَّش ۔ مصدر تفریش، ریشم کے کیڑے کا تتلی بنکر کوکون سے باہر نکلنا، غالباً یہ لفظ تفرش الطائر (پرندہ کا اپنے پر کو پھیلانا) سے ماخوذ ہے۔

فَرَّمَ ۔ مصدر، تفریم، ٹکڑا ٹکڑا کرنا، سگریٹ کے تمبا کو تراشنا، گوشت کا قیمہ بنانا، لڑکے کا دودھ کے دانت گرنا، معنی اول قدیم لغت میں نہیں پائے جاتے، معنی ثانی کا قاموس میں اسقدر ذکر ہے الافرم المتحطم الاسنان۔

فَرِّیْسِیٌ ۔ ایک متعصب فرقۂ یہود، عبرانی۔

فَرْزَان، فَرْزَن ۔ شطرنج کا مہرہ فرزین، فارسی۔

فَرْزَنَة ۔ غور سے دیکھنا، نظر ڈالنا۔ صلہ فی کے ساتھ ہے، یہ مادّہ قدیم زبان میں نہیں پایا جاتا، شام کی زبان۔

فَرْزُوم ۔ جوتے کا قالب، پشمینہ کی چادر، یونانی۔

فُرْسٌ ۔ گچ کرنے کی چکنی مٹی، چونا، غیر عربی۔

فَرْشَحَ ۔ برش سے کپڑے وغیرہ کو صاف کرنا، مصدر از فرشہ۔

فِرْشَاخ ۔ تاش کھیلنے میں شرط، غیر عربی، شام کی زبان۔

فُرْشَة، فُرْشَاة، فُرْشَايَة ۔ برش جس سے کپڑوں اور جوتوں کو صاف کرتے ہیں، عربی میں ترکی سے آیا۔

فُرْس ۔ فورس، زور، فریخ۔

فُرْصَة، فُرَص ۔ تعطیل کا دن، اصلی معنی فراغت از کار، موقع۔

فَرَط ۔ ارزانی، ارزان، اصلی معنی "حد سے گذرنا"

فَرَخْطٌ ۔ کم قیمت سکے، محاورۂ شام۔

فَرْطُونَة ۔ طوفان بحری، اٹیالین۔

فرع ج فروع ۔ کسی صدر محکمہ کی شاخ، برنچ، اصلی معنی شاخِ درخت۔

فَرْفُورِی ۔ چینی سامان، اسکی اصل فغفوری ہے، منسوب فغفور کی طرف جو شاہِ چین کا لقب ہے۔

فَرْفِیْر ۔ بنفشی رنگ، ارغوانی رنگ، یونانی۔

فِرْقَة ج فِرَق ۔ اسکول یا مدرسہ کا درجہ، کلاس، جماعت، وفی اصل اللغة الفرقة جماعة من الصبیان۔

فِرْقَةٌ ج فِرَق ۔ بری یا بحری فوج کا دستہ، اصلی معنی گروہ، ٹکڑہ۔

فَرْقَعَةٌ ۔ کسی آتشین یا جوش زن مادّہ کا پھوٹنا، تڑاقہ ہونا، اصلی معنی انگلیوں کو توڑنا اور اس سے آواز پیدا ہونا۔

فَرْکَشَة ۔ ٹھکرانا، شام کی زبان۔ قدیم لغت میں یہ مادّہ نہیں پایا جاتا۔

فَرَمَ ۔ ٹکڑا ٹکڑا کرنا، دیکھو فرّم۔

فَرَمَان ج فَرَامِیْن ۔ ڈپلوما، پروانہ۔ فرمان، فارسی۔

فَرْمَاسُون ۔ فریمیسن کا معرّب۔

فَرَمَة ۔ گوشت کا ٹکڑا، پنیر ٹکڑا، دیکھو فرّم۔

فَرمة ۔ پختہ فرش کو مزین کرنے کے سنگریزے، اتیالین ۔

فُرمة ۔ حُقہ، چلم، لاطینی ۔

فَرمة ۔ جوتے کا قالب، فرما، دخیل ۔

فِرمة ۔ دستخط، اتالین ۔

فِرنج، فِرنجة ۔ فرنگی، یورپین، دیکھو افرنج ۔

فَرَنسا ۔ ملک فرانس ۔

فَرَنساوِیٌّ، فَرَنسِی، فَرَنسَوِی، فِرَنسِیس ۔ فرنچ
منسوب بہ فرانس، باشندگان فرانس، فرنسوی، شام میں
اور فرانسیس مصر میں مستعمل ہے ۔

فِرنک ۔ ایک فرنچ سکہ جو مصر میں مستعمل ہے، ساوی
دس آنہ ۔

فَرنیش، فِرنیش ۔ وارنش کا معرب

فَرودیه ۔ زنانہ دوپٹہ، شام کی زبان ۔

فَروتیه ۔ پوستین، صحیح لفظ فرو ہے ۔

فَرِیدة ج فَرائد ۔ کاغذ کا دستہ، مولد

فریق ج اَفرِقاء، اَفرِقة ۔ جنرل ایجیف، بیجر جنرل
کان معناه صاحب فرقة

ز

فزع علی ۔ حملہ کرنا، اصلی معنی گھبرانا، بلا صلۂ علی ۔

فِزیک ۔ فزیکس، فلسفہ، طبعیات، یونانی ۔

س

فَس ۔ ترکی ٹوپی، ترکی

فُستُق، فُستَق، فِستَق ۔ پستہ، پستہ کا درخت،
پستہ کے معنی میں تعریب قدیم ہے ہی، اب درخت پستہ کو بھی کہتے
ہیں ۔ فستق کے دو پہلے اعرابی اشکال صرف مستعمل تھے،
بکسرِ اوّل مستعمل ہے، فارسی ۔

فِستَقی ۔ پستئی رنگ، پستئی رنگ کا کپڑا، فارسی ۔

فُستُقِیة ۔ فوارہ دار حوض، لاطینی ۔

فُستان، فُستان ج فَساتین ۔ زنانہ پوشاک ۔
لہنگا، سایہ (ایک لباس) ترکی ۔

فُسحة ۔ سیر کرنا، سیر، معاف کرنا، معافی، اصلی معنی
وسعت، کشادگی، خلاف تنگی و ضیق، چونکہ سیر و تفرج سے دل کی
تنگی و ضیق اور عفو سے حالت کی تنگی و ضیق دور ہوتی ہے اسلئے فسحہ
کہتے ہیں ۔

فُسحة ج فُسَح ۔ تعطیل کا روز چھٹی کا دن، دیکھو فسح ۔

فَسَّح ۔ مصدر تفسیح، کلیسیا کا کسی سے فرائض کو معاف کردینا،
مذہبی اعمال سے مستثنیٰ کردینا ۔

فَسفُور ۔ فاسفورس ۔

فَسفوسة ج فَسافیس ۔ پھوڑا، پھنسی، قدیم لغت میں
یہ لفظ نہیں پایا جاتا، شام کی زبان ۔

فِسقِیة ۔ فوارہ دار حوض، لاطینی ۔

فَسلُوجیة ۔ فزیالوجی، یونانی ۔

فَسُولِیَة - فرانس کی لوبیا (باقلا) ایتالین۔

فَسِیخ - چھوٹی چھوٹی خشک مچھلی، شام کی زبان۔

فَسِیخ، فَزِیخ - سارڈنس، ایک قسم کی نمکین مچھلی۔

فُسَیْفِسَاء ، فُسَیْفِسَة (عمارتوں میں) پچی کاری، قدیم لغتوں میں بایں معنی یہ لفظ موجود ہے الوان من الخرز یرکب فی حیطات البیوت۔ یونانی۔

ش

فُشَار - غرور، دھوکا، ضعیف عقل، ہذیان، یہ لفظ آٹھویں صدی میں عربی میں آچکا تھا، قال الفیروزآبادی - والفُشار الذی تستعملہ العامة بمعنی الھذیات لیس من کلام العرب، فارسی۔

فَشَح - اپنا مذہب ترک کرنا، قدیم معنی (عدل عن الطریق) سے مجازاً ماخوذ ہے۔

فَشَخ - لمبے قدم اُٹھانا، قدیم لغت میں یہ معنی نہیں پائے جاتے، شام میں مستعمل ہے۔

فَشْخَة - قدم، دیکھو فشخ۔

فَشَرَ ، فَشَّرَ - غرور کرنا، فخاری کرنا، بیہودہ بکنا، فشار سے مصدر بنایا گیا ہے، دیکھو فُشار۔

فَشَّار - مغرور، بیہودہ گو، دیکھو فشر۔

فَشَّاط - بجائے نشّار مستعمل ہے۔

فَشْفَشَة - گرجنا، کڑکنا، قدیم لغت میں یہ معنی نہیں پائے جاتے شام کی زبان۔

فِشْك - گھوڑے کی لید، عربی نہیں ہے، دخیل۔

فَشَكَة ج فَشَك - کارتوس، ٹوٹا، ہوائی، ترکی۔

فَشَنْك ، فَشِيْك - دیکھو فشک، ترکی لفظ فشک ہے۔

ص

فِصَادة ج فصائد - نکسیر، لتشبیہہ بالفصد فی سیلان الدم۔

فَصْفُور - فاسفورس۔

فَصَل ج فصول - شک وشبہ، مکروحیہ، شام کی زبان، موسم اور باب کے معنی بھی مولد ہیں۔

فَصَل البضاعة - اسباب تجارت کی قیمت مرتب کرنا۔ ای فصل اثمان بعضہا عن بعض

ض

فِضَّة - ایک سکہ جسکو بارہ کہتے ہیں، قرش کا چالیسواں حصہ ہوتا ہے۔

فَضِی فَضَاوة - خالی ہونا، فضا سے بنا ہے جسکے معنی وسعت کے ہیں، پہلے اس معنی میں یہ لفظ مستعمل نہ تھا۔

فَضّی تفضیة - خالی کرنا، دیکھو فضی۔

فَضوة ، فضاوة - سست ہونا، بیکار رہنا، قدیم لغت میں یہ لفظ نہیں پایا جاتا

ط

فَطَاطِري ج فَطَاطِرِيّة - حلوائی، مصر کی زبان، دیکھو فطیرہ۔

فَطْحَل ج فطاحِل - ہیرو، فاضل، اُستاد، اصلی معنی مرد جسیم، جس سے مجازاً محاورۂ قدیم میں مرد شریف وبہادر مراد ہوتا تھا، اسی مناسبت سے موجودہ معنی میں پیدائشی استعمال ہوا

فَطُورَة - نمونۂ اشیاء، بیع نامہ، دستاویز، اتیالین۔

فَطُور، فُطور، فَطُوری - ناشتہ، حاضری، قدیم معنی روزہ دار کی افطاری۔

فَطِیرَة ج فطائر - سموسہ، پراٹھا، معنی غالباً فطور (حاضری) سے پیدا ہوئے تھے۔

ظ

فَظَاعَة - پہلے بہ ادنیٰ و باطنی زشتی کو کہتے تھے، اب ظاہری زشت روئی و بدصورتی کو بھی کہتے ہیں۔

ع

فَعَّرَ صَوتُہٗ - آواز بلند کرنا، قدیم لغت میں یہ معنی نہیں پائے جاتے۔

غ

فَغْفُورِیّ - چینی، مال منسوب بہ فغفور، بادشاہ چین۔

ق

فَقَسَ - پیچ کا ڈھیلا کرنا یا ڈھیلا ہونا، بندوق کا سر کرنا، یا سر ہونا، کسینہ مکھن، قدیم لغت میں نہیں پایا جاتا، شام کی زبان۔

فَقْسَة - پیچ کا ڈھیلا، بندوق کا سر، تاثر شدید، مولّد۔

فَقَشَ - آتشین مادہ کا پھوٹنا، تڑاکا ہونا، لکڑی کا پھٹنا، موجوں کا ٹوٹنا، قدیم معنی انڈا یا ڈلی کو توڑنا۔

فَقَعَ - آتشین مادہ کا پھوٹنا، قدیم معنی انگلی توڑنا (فرقعہ)

فَقَعَ - غم سے مرجانا، قدیم معنی شدت گرمی سے مرجانا۔

فَقَّسَ - مصدر تفقیس، گھی یا مکھن کو صاف کرنے کے لئے پگھلانا، مولّد اللفظ والمعنی

فَقَّشَ - مصدر تفقیش، پھس توڑنا، دیکھو فقش۔

فَقَّطَ - مصدر تفقیط، کسی قسم کی میزان لفظوں میں لکھنا مولّد۔

فَقِه، فَقِیه ج فُقَهاء - معلم، اُستاد، قدیم معنی دانا، عاقل۔

فُقَّیْع - انجیر شام، مولّد۔

ك

فِکَشَ - موچ آجانا، جوڑ اکھڑ جانا، قدیم لغت میں یہ مادہ موجود نہیں، عربی کا قدیم لفظ اس معنی کے لئے وثاء ہے۔

فَکٌّ ج فُکوك - مصر میں لگام کی زبان کو بھی فک کہتے ہیں، اصلی معنی جبڑا، اس معنی کے لئے قدیم لفظ شکیمۃ ہے۔

ل

فَلَا - فضا، کرۂ باد، اٹموسفیر۔ لفظ خلا کی متغیر صورت ہے

یا فلا (یعنی صحرائے وسیع) سے منقول ہے۔

فَلَانَلّا۔ فلالین۔ فرنچ یا لاطینی۔

فَلَانِیلا، فَلَانِیلَۃ۔ بنیان، فلالین، فرنچ یا لاطینی۔

فَلْتٌ۔ چنگی نہ ادا کرنے کی نیت سے مال تجارت کو چھپا کر لے جانا، محصول چرانا، اصلی معنی کسی شے کو کسی کے ہاتھ سے چھڑا لے جانا، مصر کا محاورہ۔

فَلِتیّ ج فَلَاتی۔ پاجی، بدمعاش، شام کی زبان۔

فِلْتَر۔ زمین بقدر یک جریب، یونانی۔

فِنْجان ج فَناجِین۔ چھوٹی پیالی، کافی یا چائے کی پیالی، صحیح لفظ فنجان ہے۔

فَلْتَش۔ کپڑے کی تہ کو کھولنا، قدیم لغت میں نہیں پایا جاتا۔

فَلْفَلَۃ۔ کسی مجمع سے حاضرین کا یکے بعد دیگرے اٹھ جانا، قدیم لغت میں نہیں پایا جاتا۔

فَلَق۔ تلووں میں مار کر سزا دینا (ایک مشرقی سزا)، اصلی معنی پھاڑنا، تھوا پھٹنا، مولّد المعنی

فَلَق، فُلْقَۃ ج اَفْلاق۔ پھانسی کی لکڑی جو سزا دیتے وقت مجرم کے پیر رسی سے باندھتے ہیں یا سیر تخت پر کھڑا کرتے ہیں، مولد المعنی۔

فَلَکِیّ ج فَلَکِیُّون۔ ماہر علم الافلاک، پیشین گو، نیز منسوب بہ فلک۔

فَلّ۔ بچے کا، مزدور یا طالب علم، یا نوکر کا کام کے بعد گھر واپس آنا، مولد المعنی۔

فَلّ، فِلّ۔ چنبیلی کا پھول، اسمیں، مولد المعنی

فَلّاح۔ بدخلق، درشت مزاج، اصلی معنی کاشتکار، دیہاتی۔

فَلّۃ۔ کام سے واپسی، فرار، مولد المعنی۔

فَلَّکَ۔ مصدر تفلیک، پیشینگوئی کرنا، فلک سے مشتق ہے جسکو دیکھ کر پیشینگوئی کیجاتی ہے۔

فَلَّلَ۔ مصدر تفلیل، نوکر یا مزدور یا طالب علم کو کام کے بعد گھر واپس کرنا، مولد المعنی۔

فَلِّین، فَلِّینَۃ۔ کاگ، بوتل یا شیشے کا سر بند، یونانی۔ عربی میں اس معنی کے لیے سداد ہے۔

فَلِمَنْک۔ ملک بلجیم، ہالینڈ، فرانس، قوم بلجین قوم، فلیمش قوم، یہ اقوام اور ان کے یہ ملک تقریباً متحد ہیں، ترکی میں فلیمش سے فلمنک ہو گیا اور ترکی سے عربی میں آیا۔

فُلُوَرَۃ ج فَلَاوِرَۃ۔ [illegible] فارسی ترکی میں یہ [illegible] صیغہ جمع [illegible] ہے۔

فُلُوکَۃ ج فَلَائِک۔ چھوٹی کشتی [illegible] صحیح لفظ فُلْک ہے عربی سے یورپین زبانوں میں جاکر فلوکہ ہوا اور پھر عربی میں [illegible] ہو گیا۔

فلپائن۔ جزیرۂ فلپائن۔

فلیوت۔ گوبر، [illegible] معنی کے لئے دیکھو [illegible]

م

فَمیلة ، فَمیلیة ، فِمیلیا ۔ خاندان فیمیلی، بیوی،
اتیالین۔

ن

فَنَاد ج فنارات ۔ لالٹین ، روشنی خانہ جو شکل منار
دریا میں جہاز کو، پہاڑ وغیرہ دکھانے کے لئے روشن رہتا ہے۔
انگریزی میں اُسکو لائٹ ہوس کہتے ہیں ، یونانی ۔
فَنْتَازِیَۃ ۔ جلوس ، موکب ، اتیالین، مسرت ، یونانی۔
فَنْتَزِیہ ۔ تفرجگاہ ، اتیالین ۔
فَنْتسیة ۔ خوشی ، مسرت ، یونانی ۔
فُنْتق ۔ دیکھو فندق ۔
فِنجان ج فَنَاجِین ۔ چائے یا کافی کی پیالی ، فارسی
فَنْجرة ۔ سخی ہونا ، دریا دل ہونا ، مصری محاورہ ، مولد اللفظ
فِنْدُ الشمع ۔ موم بتی ، مولد۔
فُنْداق ۔ کھاتہ حساب ، رجسٹر ، قدیم لغت میں یہ لفظ
موجود ہے ، یونانی ۔
فِنْدُق ج فنادق ۔ ہوٹل ، قدیم لغت میں سرائے
کے معنی میں یہ لفظ موجود ہے ، یونانی۔
فِنْدُقْلِی ۔ ہوٹل کا منیجر ، لی ، ترکی میں حرف نسبت ہے۔
فَنَزَنج ۔ ایک قسم کا رقص جسمیں جیناک ایک دوسرے
کے ہاتھ میں ہاتھ ڈالکر ناچتے ہیں۔

فنطاسیا ۔ حس مشترک ، یونانی ۔
فَنَک ۔ ایک قسم کی لومڑی ، پوستین ، سمور ، فارسی ۔
فنّ ج فنون ۔ اقسام علوم ، صنعت و حرفت (آرٹ)
قدیم معنی قسم ، شاخ ، التعلیم الفنّی ، صنعت و حرفت کی تعلیم
فَنِیلۃ ۔ فلالین ، فرنچ یا لاطینی ۔

و

الفوائد المرکّبة ۔ سود در سود ، دیکھو فائدہ ۔
فوتوغراف ۔ فوٹوگراف ، تصویر ۔
فَوَرِیقه ۔ کارخانہ ، فیکٹری ، اتیالین ۔
فَوْمَش ۔ تیرنا ، شامی محاورہ ، مولد ۔
فَوضَوِیّ ۔ سوشیلسٹ ، کمیونسٹ (یورپ کا ایک اقتصادی
فرقہ جسکا مقصد دولت کو تمام افراد انسانی میں برابر تقسیم کرنا
اور حکومت اور افسری کو مٹاکر مساوات پیدا کرنا ہے) مشتق
از فوضی ، فوضی کے معنی بے شاہی اور بے حکومتی کے ہیں،
یقال امرھم فوضیٰ بینھم ، یعنی اُن پر کوئی حاکم نہیں ہے ،
وہ آزاد ہیں ۔
فَوضَوِیّة ۔ سوشلزم ، یعنی مذہب فوضوی ۔
فُوطَه ج فُوَط ۔ مخطط لنگی ، تولیہ ، سنسکرت ، قدیم
لغت میں ہے ثیاب تجلب من بلاد السند و
ما ذر مخططة ۔
فوطة السُّفرة ۔ کھانے کی میز کی چادر ، جو اکثر

تولیہ ہوتا ہے۔

فوتوغراف - فوٹوگراف، تصویر۔

فُون - ہنس، راج ہنس، مصری زبان، مولد۔

فونوغراف - فونوگراف۔

فَوّارة - فوارہ، طوفان بحر چین مشتق از فور بمعنی جوشیدن۔

فَوَّتَ تَفْوِيتًا - پھول کا مرجھا جانا، مولد۔

فَوَّشَ تَفْوِيشًا - کسی چیز کو تیرانا، مولد۔

ہ

فِهْرِست، فِهْرِس ج فهارس - فہرست، فہرست ابواب کتاب (انڈیکس) فہرست اشیائے تجارت (کیٹلاگ) فارسی

ی

فِيَاشَة - شیشہ خورد، اتیالین۔

فَيْج - گروہ، شاید اسکی اصل فوج ہو۔

فَيْج ج فُيُوج - قاصد، سفیر، فارسی پیک۔

فَنْطَقُوس - آرام و آسائش، تعطیل کا روز، شامی محاورہ، شاید یونانی۔

فَيْسَرَوا، فَلِيسَرْوا، فَيْس روا - وائسرائے، نائب السلطنت، فرنچ۔

فَيْسِيْل - حیوانات کی تشریح کا سامان، شاید لاطینی۔

فیسیولوجیا - فزیالوجی - یونانی۔

فَيْلَج، فَيْلَجَة ج فيالج - کوکون یعنی وہ ریشم خام جو ریشم کا کیڑا ابھی بنا رہا ہو، فارسی۔

فیلق ج فیالق - پانچ ہزار کی پلٹن (ایک فوجی تقسیم ہے) قدیم معنی مطلق فوج۔

فَيْنَا - شہر وائنا، دار الحکومت آسٹریا۔

فَيْنَة - بخل و حرص، مولد۔

فَيْنُو - بہتر، خوب، اتیالین۔

فِينِيقِية، فِينِيقِيَا - فینشیا، ایک قدیم مشہور تجارتی ملک کا نام جو بحر ابیض کے ساحل پر آباد تھا۔

فِينِيقِي - فینیشین قوم جو فینشیا میں رہتی تھی جو تجارت اور سفر میں نہایت مشہور تھی۔

فِيه - ہے کی جگہ پر لغت دارجہ میں مستعمل ہے۔

فَيَّدَ تَفْيِيدًا - سود پر اُدھار دینا، لفظ فائدہ سے مصدر بنالیا ہے، دیکھو فائدہ، مولد۔

باب القاف

ا

قَابِلِيَّة - اشتہائے طعام، مولد۔

قَابُودَان - جہاز کا کپتان، محاورۂ مصر، اتیالین۔

قاثاطِير - قانيطِير - بول کش، ایک آلہ جس کے ذریعہ سے عسر بول کی حالت میں پیشاب نیچے اُتارا جاتا ہے۔ یونانی۔

قادن - صحیح لفظ خاتون ہے، بیگم، ترکی۔

قاذوذہ - لیمونیڈ، فریج۔

قارَہ ج قارات - برِّ اعظم، ترکی۔

قارَشَ مُقارَشَةً - چھیڑ چھاڑ کرنا دست درازی کرنا۔ بھوتوں کا ستانا، ترکی لفظ قارشمق سے ماخوذ ہے۔

قازمة - تیشہ، کُدال، ترکی۔

قَازُوزہ ج قوازیز - بوتل، قدیم معنی کاسہ، جام۔

قاسیة - برتن، محاورۂ مصر۔

قاشانی - کاشانی پردہ - فارس کے شہر کاشان کی طرف منسوب ہے۔

قاصدٌ رسولیٌّ - حواریین حضرت عیسیٰؑ کے نائب اور قاصد۔

قاضی ج قضاة - جج، قدیم معنی میں مذہبی حاکم کو قاضی کہتے تھے۔

قاضی القضاة - چیف جج۔

قاطِرۃ ج قواطر، قاطرات - ریلوے ٹرین، دیکھو قطار۔

قاعَةٌ ج قاعات کمرہ، ہال، قدیم معنی صحن خانہ۔

قاعدۃ ج قواعد - قاعدہ قانون، اصلی معنی بنیاد، ستون جدید معنی تشبیہاً پیدا ہوئے ہیں۔

قاعدۃ البلاد۔ قاعدۃ الملک - دار الحکومت، پایۂ تخت، دیکھو قاعدہ۔

قاموس ج قوامیس - ڈکشنری، لغت کی کتاب، قاموس کے قدیم معنی سمندر اور بحرِ اعظم کے ہیں، مجد الدین فیروزآبادی نے اپنی کتاب لغت کا نام القاموس المحیط رکھا تھا، اس کتاب کی شہرت اور قبول عام کا یہ اثر ہوا کہ خود کتاب لغت کا نام قاموس ہو گیا۔

قانجة - چھوٹی کشتی جو دریائے نیل میں چلتی ہے، ترکی۔

قانون ج قوانین - قانون و آئین، رسم و رواج، بربط (ایک باجہ) یہ معانی اسلامی دورِ تمدن میں پیدا ہو چکے تھے۔ قدیم آلۂ موسیقی بربط کی مناسبت سے اب پیانو کو بھی قانون کہتے ہیں، بحالت جمع یعنی قوانین ٹیکس اور محصول کے معنی میں بھی آتا ہے، عربی لغت میں ان معانی میں اسکا مادہ قنن قرار دیا گیا ہے، یونانی سے ترجمۂ علوم کے زمانہ میں عربی میں آیا، یونانی میں اسکے معنی صرف قاعدہ و دستور کے تھے یہ تمام معنی عربی میں تشبیہاً اور استعارةً پیدا ہوئے ہیں۔

قانون ج قوانین - (عیسائیوں کا) کف، دُگناہ، سزائے کفارۂ گناہ، نفس کشی، اس معنی میں اس لفظ کا مادہ قون قرار دیا گیا ہے۔

القانون الاساسی سلطنت کے قواعد اولیں جن پر دیگر قوانین متفرع ہوں، اساسی، اساس (بنیاد) کی طرف منسوب ہے۔

قانون الجزاء - پینل کوڈ، یعنی مجموعۂ قانون تعزیرات، دیکھو قانون۔

قَانُونِی ۔ کونسلی، بیرسٹر، دیکھو قانون۔

قاورمۃ ۔ قورمہ گوشت۔

قاووق ج قوادیق ۔ ججوں کی ٹوپی جو عدالت میں پہنتے ہیں ترکی میں اصل میں لمبی ٹوپی کو قاوق کہتے ہیں۔

قاوون ۔ سردہ، خربزہ، ترکی۔

قائد ج قُوّاد، قادۃ ۔ سپہ سالار، کمانڈر، سرِ افواج اصل لغت کی رو سے قائد اُس شخص کو کہتے ہیں جو خود آگے چل رہا ہو، پیچھے سے گھوڑے کی باگ کھینچکر گھوڑے کو کھینچے لئے جا رہا ہو اس مناسبت سے مقتدائے گروہ کے معنی پیدا ہوئے اس معنی میں حضرت علیؓ کا قول موجود ہے، زمانہ عباسی میں اسکی مناسبت سے سردار فوج اور سپہ سالار کے معنی پیدا ہوئے۔

قائد ۔ گائڈ کا گو معرب ہے لیکن عربی لغت کے اعتبار سے بھی یہ لفظ صحیح ہے اور کیا عجب ہے کہ گائڈ عربی لفظ قائد سے بنا ہو، رہنمائے عمارات، گائڈ۔

القائد الاوّل، الفاعل العام، کمانڈر انچیف امیر الجیوش

قائد العربۃ ۔ گاڑیبان، کوچ مین، دیکھو عربہ۔

قائد لواء ۔ بریگیڈیر جنرل (ایک فوجی عہدہ)، دیکھو لواء۔

قائد المشوار ۔ وزیر تجارت، بلاد مغرب میں مستعمل ہے۔

قائق ۔ کشتی، ترکی۔

قائمۃ ج قوائم، قائمات ۔ فہرست، رجسٹر، بجک، ہنڈی یا نوٹ، قدیم معنی حساب فروخت اشیاء۔

قائمۃ ج قوائم، قائمات ۔ تار برقی کا ستون، اصلی معنی تخت یا میز کا پایہ۔

قائمقام ۔ لفٹننٹ کرنل (ایک فوجی عہدہ) محاورۂ مصر و شام ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر (ترکوں کا محاورہ) صحیح لفظ قائم مقام ہے مگر دونوں لفظ مکرر بحذف احد ہمین ایک لفظ ہو گیا ہے اور اب بحیثیت اعراب، مفرد کے حکم میں ہے،

قابس مقابستہ ۔ چھت کی کڑی درست کرنا، مولد المعنی

قابش ۔ استرہ تیز کرنے کا چمڑا۔

ب

قَبَاق ۔ جنگی جہاز، پال، ترکی۔

قِبَانۃ ۔ تولنے کا پیشہ، دیکھو قبّان

قبّان ۔ ایک پلہ کی آہنی ترازو، جوہری نے تصریح کی ہے کہ معرب ہے، فارسی سے آیا ہے اب اسٹیشنوں پر مال تولنے کی جو خاص قسم کی ترازو رہتی ہے اُس کو قبان کہتے ہیں، موجودہ زبان میں اس لفظ سے اشتقاقات بھی پیدا ہو گئے ہیں۔

قبّانی ۔ ترازو والا، تولنے والا۔

قُبّۃ ج قُبَب وقباب ۔ اصلی معنی تو گنبد کے ہیں، مینارہ اور لاٹ کو بھی کہتے ہیں۔

قُبّۃ ۔ کالر جو گلے میں لگاتے ہیں، قبۃ، قبّ سے ماخوذ ہے جسکے معنی ابن سیدہ نے مخصص میں ما یدخل فی جیب القمیص من الرقاع لکھا ہے۔

قُبَّعة - انگریزی ٹوپی، ایک خاص قسم کی مخروطی الشکل زنانہ ٹوپی جسکو انگریزی میں بونٹ کہتے ہیں، قبعہ عربی لفظ ہو واصل القبّعة خرقه تخاط يلبسها الصبيان۔

قَابَن تَقْبِينًا - تولنا، ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا، دیکھو قبان۔

قُبُّوعة ج قبابيع - ادنی ٹوپی، ایک خاص قسم کی ٹوپی جسکو انگریزی میں ہُڈ کہتے ہیں۔

قُبُر - مشک باجہ ایک فوجی باجہ ہو جسکو بیگ پائپ کہتے ہیں، ترکی

قُبْرُص، قُبْرس - عرب جزیرہ سائپرس کو کہتے ہیں۔ قبرصی پیسہ کو بھی کہتے ہیں جو پہلے قبرص میں رائج تھا۔

قُبُشَة - ٹہک اور اُس کی آنکھ (یعنی جس میں ٹہک کو اٹکاتے ہیں) ترکی۔

قبطان - کپتان کا معرب، اتیالین، محاورہ شام۔

قبطري - ریشم اور اون ملا ہوا کپڑا، دخیل۔

قُبَع - ہُڈ، ٹوپی، دیکھو قبعہ۔

قِبْلِيّ - جانب جنوب، جنوبی ہوا، مصر بالائی، مولّد۔

قَبْو ج أقبية - گنبد، تہ خانہ، مولّد۔

قبودان - جہاز کا کپتان۔ اتیالین۔

قبوص - سارنگی، ترکی۔

قبوط - اُونی لبادہ، فرنچ، چھوٹی مڈی کو بھی قبوط کہتے ہیں، غیر عربی۔

قَبُونة - تولنا۔ تول، وزن، دیکھو قبان۔

د

قَدّ ج قُدُود، عام پسند سرود، مقبول عام لحن،

قُدّاس ج قداديس، رومن کلیسا کی عبادت مشتق از قدس،

قَدَّ ايش، قَدّاي - کتنا، کسقدر، یہ دونوں لفظ قد ای شئ کے مخفف ہیں۔

قَدَّرَ تقديرًا - کسی چیز کی حرمت کرنا، قدر کرنا، مشتق از قدر بمعنی شرف وعظمت، قدیم لغت میں اس باب سے نہیں آیا، فرض کرنا، قیمت ٹھہرانا، خرچ تشخیص کرنا (ماخوذ از تقدیر بمعنی اندازہ و قیاس کردن۔)

قَدَّسَ تقديسًا - (رومن کلیسا کے موافق) دُعائے عبادت پڑھنا، دعائے عبادت سُننا، دیکھو قُدّاس۔

قَدَّسَ تقديسًا - روٹی اور شراب کی نذر یا تبرک کرنا، تقدیس مسیحی اصطلاح کا لفظی ترجمہ ہو، انگریزی میں اس مسیحی مذہبی رسم کو Consecrate کہتے ہیں۔

قِدّيس ج قديسون - سینٹ جو عیسائی ولیوں اور بزرگوں کے کے نام کے پہلے بطور تعظیم آتا ہے۔ ماخوذ از قدس

قُدُس، قُدْس، قُدْاسه - ریورنس کی جگہ عربی میں پادریوں کے نام یا ضمیر کیطرف مضاف ہوکر آتا ہو مثلاً قال قدْاسة (ہز ریورنس نے فرمایا) قال قدْاسنك (یور ریورنس نے فرمایا) قال قدْاسة يوحنا (ریورنڈ جان نے فرمایا) ریورنس مصدر اور ریورنڈ صفت ہو بمعنی معظم و مکرم۔

قَدَم ج اقدام - انگریزی لفظ فٹ (ایک پیمائش) کا لفظی ترجمہ۔



قَرابینہ - بندوق، اتیالین۔

قرار ج قرارات - رزیولیوشن، تجویز، حکم، دیکھو قرۃ، مولّد۔

قراع ج قراعات - چھوٹے قلعہ کی صورت میں ایک مضبوط و مستحکم مکان، جس میں تین چار کمرے سے زائد نہیں ہوتے اور جس میں صرف بیس پچیس آدمی کی گنجائش ہوتی ہے، قدیم عربی نہیں ہے۔

قَراغول، قَراقول - سنتری، محافظ، پولیس اسٹیشن، تھانہ، ترکی۔

قَراکوز - کٹھ پتلی، ترکی۔

قَرال - بادشاہ، جرمن بواسطۂ ترکی۔

قِران - بیاہ، مفاعلۃ سے مصدر ہے یعنی باہمی قرب و ملاقات، مولّد۔

قِران - ایک ایرانی سکہ ہے۔

قِرباتی ج قرباتات - نٹ، کنجر (ایک خانہ بدوش قوم) خیل،

قربان بیرام - عید الضحیٰ، ترکی۔

قُربانۃ - بندوق، اتیالین۔

قَربیشوش - اسباب خانہ، اثاث البیت، یونانی۔

قرداح - سلاح، ہتھیار، ترکی۔

قَرداحی، قردحجی ج قرادحہ ہتھیار ساز، ہتھیار فروش، ترکی۔

قَردَحَۃ - سلاح ساز یا سلاح فروش ہونا، دیکھو قرداح۔

قَرّ قراراً - اقرار کرنا، اعتراف کرنا، صلہ ب اور ل کے ساتھ ہے، قدیم عربی میں باب افعال سے آتے ہیں۔

قرّ الرای - رائے قرار پانا، مشتق از قرار بمعنی ثبوت و سکون، قدیم محاورہ استقر الرای ہے۔

قیراط ج قراریط - پہلے دینار کے چوبیسویں حصہ کو کہتے تھے، اب شام میں انچ کو کہتے ہیں، اور مصر میں نصف گز (ایک انگریزی پیمانہ) کو کہتے ہیں، یونانی۔

قرّظہ و علیہ تقریظاً - کسی اظہار یا واقعہ یا بیان کو قلمبند کرنا، اصل معنی کسی چیز کو ثابت کرنا۔

قرّظ علی الکتاب تقریظاً - کسی کتاب کی تعریف کرنا، کسی تصنیف پر تقریظ لکھنا، واصل التقریظ مدح الانسان وھو حی۔

قرسطون - روپیہ تولنے کی ترازو، یونانی، زبیدی نے اس کو مرادف قبّان لکھا ہے۔

قِرش ج قروش - قرش، پیاسٹر، ایک ترکی سکہ جو مساوی ڈھائی آنہ - جرمن

قرصان ج قراصین - بحری ڈاکو، بحری ڈاکوؤں کا جہاز، اٹالین۔

قرصنۃ - بحری ڈاکہ ڈالنا، دیکھو قرصان۔

قرّط - لفظ کی ادائے مخرج ثقیل ہونا، قدیم عربی نہیں ہے۔

قرف جنۃ - عرب کا رتیج قوم کو کہتے ہیں۔

قرطاس ملی ج قراطیس مالیۃ - پرامیسری نوٹ۔

قرطاس - کاغذ، عربی میں یونانی سے آیا۔

قرطل - ٹوکری، بوجھ، صحیح لفظ قرطلۃ ہے۔

قَرْطَنَة - قرنطینہ میں رکھنا، دیکھو قرنطینہ۔

قَرْطِیل - راس یعنی خشکی کی وہ نوک جو کسی دریا میں دور تک چلی گئی ہو، یونانی۔

قُرْعَة ج قُرَع - لاٹری یعنی چٹھی ڈالکر لوگوں کے فوج میں داخل ہونے کے لئے اسم نویسی، اکثر سلطنتوں میں یہ طریقہ رائج ہے، مولد۔

قَرْق - ایک قسم کا جوتا، اسپینی۔

القَرْم - کریمیا واقع روسی ترکستان۔

قِرْمِز - ابریشم سرخ، سنسکرت، بواسطہ فارسی۔

قِرْمِزِی - سرخ زرد رنگ مشابہ قرمز، گلناری رنگ۔

قِرْمِزِیَّة - سرخ بخار، بخار کی ایک قسم، دیکھو قرمز، محاورہ مصر۔

قَرْمُوس، قَرْمُوص - پزاوہ جسمیں کمہار برتن پکاتے ہیں، یونانی۔

قَرْمُوسِی، قَرْمُوصِی ج قرموسیّة، قرموصیّة - کمہار، کوزہ گر، دیکھو قرموس۔

قِرْمِیَّة ج قَرَامِیّ - درخت کا تنہ، یونانی

قروزہ ج قروزات - کروزر جہاز، کروزر کی تعریب ہے۔

قَرَه - بر، ضد بحر، ترکی۔

قَرَه غُوْل، قَرَه قول - تھانہ، پولیس اسٹیشن، ترکی

قَرِینَة ج قرائن - بیوی، اصلی معنی ساتھی، قرینہ اس معنی میں جدید لفظ نہیں ہے لیکن اب اسکا خاص استعمال یورپین لوگوں کے ساتھ شوہروں کے نام یا ضمیر کیطرف مضاف ہوکر ہوتا ہے جسکا ترجمہ کا: لیڈی یا لیڈی، در عام لوگوں کے تھا اس کے تھا ہے، مثلاً اللورد و کرزن و

قرینته (لارڈ کرزن اور لیڈی کرزن) المستر روز فلت و قرینته (مسٹر روزویلٹ اور مسز روزویلٹ)

القَرِیم - کریمیا واقع روسی ترکستان۔

ز

قَزَاز - شیشہ، شیشہ گر، قاذوفة قدیم عربی میں شیشہ کے پیالہ کو کہتے ہیں، قزاز یا تو اس کا مخفف ہے یا زجاج کا محرف ہے۔

قَزَازَة - شیشی، بوتلی، دیکھو قزاز۔

قَزَان - تانبے کا بڑا تپیلہ، ترکی۔

قَزْدِیر - قلعی، دیکھو تصدیر۔

قَزَّاز - شیشہ فروش، دیکھو قزاز، تاجر پارچہ ریشمی، قز سے بنا ہے جسکے معنی ریشم کے ہیں، اخیر معنی میں قدیم لفظ ہے۔

قَزْمَة ج قِزَم - کدالی، ترکی۔

س

قَسَّم علی المجنون - جھاڑ پھونک کرنا، مولد۔

قَسْطَر ج قَسَاطِر - سٹی کا حقہ، یونانی۔

قَسْطَل ج قساطِل - فوارہ، نل، یونانی۔

قِسْم ج اقسام - ڈیپارٹمنٹ، سیکشن، صیغہ، دائرۃ الاعمال اصلی معنی حصہ۔

قسموغرافیة، قسموغرافیا - کسموگریفی، یعنی علم تکوین الکائنات، یونانی۔

قسیمۃ ج قسائم - رسید کا وہ حصّہ جو رجسٹر سے پھاڑ کر دوسرے کو دیا جائے

ش

قشاط - چرمی تسمہ، تاش کھیلنے میں فریق مخالف، پچھلی قدیم عربی نہیں، محاورۂ شام -

قشب ج اقشاب - چمڑے میں شگاف،

قشدۃ - بالائی، ملائی، قدیم معنی مکھن -

قش ج قشوش - گھونسلا، جھونپڑا، لفظ عش کا محرّف ہے -

قشّب تقشیبًا - چمڑے میں شگاف ہونا، مولّد -

قشّط تقشیطًا - ڈاکو کا لوٹنا، چھین لینا، اصلی معنی درخت کا چھال چھیلنا، جانور کی کھال کھینچنا،

قشطۃ - بالائی، ملائی، قال الزبیدی قشطۃ لغۃ فی قشدۃ -

قشلاق - اسپتال، بارک، یعنی کمروں کا سلسلہ جو اکثر فوج وغیرہ کے لئے بنایا جاتا ہے -

قشلۃ - اسپتال، بارک یعنی کمروں کا سلسلہ، ترکی -

قشوۃ - ملائی، بچھین، اصل لفظ قشدۃ -

قشا قشوًا، تشّی تقشیۃً - دودھ سے ملائی بنانا -

ص

قصب - چاندی یا سونے کا تار، مولّد -

قصب السکّر - قصب مفص - گنّ، پونڈا، قصب بانس، شکر رس مفص (چوسنا)

قصدیر - قلعی (ایک دھات) یونانی -

قصرمل - ریختہ، یہ لفظ دو لفظوں سے مرکب ہے، قصر (کوٹنا)، مل (خاکستر گرم) چونکہ یہ خاکستر ریختہ کاری میں عمارتوں میں کام آتا ہے، اسلئے اُس کو قصرمل کہتے ہیں -

قصریّہ - پیشاب کرنے کا طشت، قصریہ، انگریزی اصطلاح چیمبر پاٹ (ظرف خانہ) کا ترجمہ ہے -

قصّاب - زمین کی پیمائش کرنے والا، مولّد -

قصّب تقصیبًا - سونے چاندی کے تار سے کام بنانا، زردوزی کرنا، دیکھو قصب -

قصف - عیش ولہو، مولّد،

ض

قضاء ج اقضیۃ - تحصیل جو ضلع کے تحت میں ہوتی ہے، مولّد -

قضیب ج قضبان - ریل وغیرہ کی پٹری، چھڑ، اصلی معنی شاخ درخت،

ط

قطار ج قُطُر، قُطُرات، قطارات - ریلوے ٹرین، ریلوے گاڑیوں کا سلسلہ، قطار اصل لغت میں اُن اونٹوں کو کہتے ہیں جو مسلسل قصد و قطار قافلہ کے ساتھ سفروں کو لیکر چلتے ہیں

یقال جاءت الابل قطارًا ای مقطورۃ

قطار البضائع - مال گاڑی، دیکھو قطار اور بضائع -

القطار الخصوصی - اسپیشل ٹرین، خصوصی (خاص اسپیشل) کا ترجمہ ہے -

قطار الرکاب - پسنجر ٹرین، سواری گاڑی، دیکھو قطار اور رکاب -

جمع راکب۔

قطاعۃ ج قطائع - اہل کتاب کا چالیس دن کا روزہ۔

قَطْر الوابور - ریلوے گاڑیوں کو جوڑنا، واصل القطر قوب

الابل بعضها الی بعض علی نسق۔

قُطر ج اقطار - ملک، داخل القطر اندرون ملک، خارج القطر

بیرون ملک واصل القطر الناحیۃ والجانب۔

قطرمیز - مرتبان، قرابہ - یونانی۔

قَطع - کتاب کی تقطیع، سائز، ماخوذ از قطع بمعنی (کاٹ)

قِطع - قطعہ کی جمع ہے، ریزگاری، خردہ، اصلی معنی ٹکڑے۔

قطع التذکرہ - ٹکٹ چیک کرنا۔

قَطمارُس - عیسائیوں کی کتاب الادعیہ۔

ع

قَعَادۃ - پلنگ، چارپائی، قال الزبیدی القعادۃ السریر یمانیۃ

یمنی محاورہ تھا اب عام طور سے بولتے ہیں۔

ف

قَفَّان - ترازو، دیکھو قبان۔

قَفدان و قفدانۃ - چینی عطروان، فارسی۔

قفشلیل - کفگیر، فارسی۔

قفص - ٹوکری، مولد المعنی۔

قفص الاتہام - عدالت میں مجرم کا کٹھرا۔

قفطان - زنانہ لباس، گون، فارسی۔

قُفَّۃ - ٹوکرا، اندلسی۔

قَفَّص الطیر تقفیصًا - پرندہ کو قفس میں بند کرنا، مولد۔

قفقاز - کوہ قاف، واقع سرحد روس۔

قفورہ، قفافیر - بڑا ٹوکرا، محاورہ شام۔

قفیز ج اقفزۃ و قفزان۔

ل

قَلاوُز، قلاغوز - سوراخ کرنے کا ایک آلہ مثل برما، رہنمائے

جہاز، ترکی۔

قلفۃ - پیشوا، میر مجلس، قلفہ، عربی لفظ خلیفہ ہے، خلیفہ یورپین

زبانوں میں Khalifah ہوگیا - یورپین زبانوں سے ترکی میں کلفہ

ہوا، ترکی سے عربی میں قلفہ ہوا۔

قَلْفَۃ - حرم کی پاسبان عورت، جسکو قلماقن کہتے ہیں، ترکی۔

قلفطۃ - نئی کشتی کے سوراخوں اور درزوں کو بند کرنا۔

قلفاط - درست کنندہ کشتی کو کہتے ہیں، اسکا اصل ماخذ یونانی ہے،

یونانی Kalafates ہے، قدیم عربی میں اس سے جلفاط اور

جلفطہ ہوا، قدیم عربی سے ترکی میں قلفات ہوا، یا خود موجودہ دور

میں یونانی سے ترکی میں آکر قلفات ہوا، ترکی سے عربی میں قلفطۃ

ہوا، عربی قدیم میں اسی معنی میں قلفت بھی ہے۔

قلفطیری ج قلفطیریات - تعویذ، یونانی۔

قُلْفُونۃ - رال، دخیل۔

قَلَق (دل کی) بے چینی، ایجیٹیشن، بے خوابی، واصل

القلق ان لا یستقر الشئی فی مکان واحد

قُلقاس، قلقاص۔ آلو، یونانی، آلو جدید دریافت شدہ چیز ہے اس سے پہلے بھی عربی میں قلقاس ایک نبات کی جڑ کو کہتے تھے۔

قَلقَل ج قَلاقِل۔ مشکلات، بدامنی، قلقلہ کے اصلی معنی حرکت کے ہیں۔

قِلاّیۃ ج قلالی، قلاّیات۔ عیسائی درویشوں کا تکیہ خانقاہ لاطینی، قدیم عربی میں اس لفظ کی تعریب قلیّۃ تھی۔

قِلّیس۔ عیسائیوں کا کنیسہ۔ یونانی۔

قَلَم ج اقلام و قِلام۔ رسم الخط، طرز و اسلوب، ترتیب شمار صیغہ یا محکمہ، مخطط کپڑوں کا خط یا دھاری، تھپیڑ، طمانچہ، مولّد۔

قَلّم الثوب فھو مُقلّم۔ کپڑے کو خط دار، دھاری دار بنانا مقلم مخطط کپڑا، مولّد۔

قَلَم حجر۔ سلیٹ کی پنسل۔

قَلم الرصاص۔ کاغذ کی پنسل جو اکثر رصاص یعنی سیسے کی ہوتی ہے۔

قلم المطبوعات۔

قُماش ج اقمشۃ۔ کپڑا، ترکی۔

قُماش مُطلّیٰ بالشمع۔ موم جامہ۔

قُمباز۔ بڑا جبہ، گون، دخیل۔

قُمبلہ۔ بمب، گولہ، ترکی۔

قَمَری۔ ایک چھوٹا نقرئی سکہ۔

قَمَریّۃ۔ قلعہ کی برجی کی کھڑکی جس سے پہرہ دینے والے اُدھر اُدھر دیکھتے ہیں، قلعہ کی دیواروں میں ترچھے سوراخ جن میں بندوق رکھکر اہل قلعہ غنیم کو گولی مارتے ہیں، چور دروازہ۔

قَمشۃ۔ قمچی، کوڑا، ترکی۔

قُمقُم۔ قمقمہ، گلاب پاش، فارسی۔

قَمّاش۔ بزاز، سوداگر پارچہ۔ دیکھو قماش۔

قُمُّس ج قمامس، قمامسۃ۔ مشہور و معروف رئیس ذکر الفیروز آبادی القمس و القامسۃ بالجمع و لم یذکر الواحد فسرہا الکلمۃ بالبطارقۃ، لاتینی

قُمُّص۔ قبطی مذہبی پیشوا، سریانی۔

ن

قناۃ ج قنوات، قناء، قنی (مصنوعی) نہر جو کھود کر کسی دریا سے ملائی جاتی ہو، قدیم زبان میں اسکے معنی یہ تھے کہ چند کنوئیں قریب ملا کر اس طرح کھودے جائیں کہ مل ملکر ان کی ایک تالاب کی شکل پیدا ہو جائے، اس خاص لفظ کے مستعمل ہونے کی وجہ یہ ہوئی کہ نہر کو انگریزی میں کینال (نہر) کہتے ہیں، اہل مصر اسکو قنال کہنے لگے چونکہ قنال اور قناۃ قریب قریب کے لفظ تھے۔ فصحائے مصر نے قنال کی تصحیح قناۃ کے ساتھ کر لی۔ قناۃ کے معنی پائپ کے بھی آتے ہیں، قدیم معنی نرکل کے ہیں۔

قناق ج قناقات۔ جائے قیام، عہدہ داروں کا جائے قیام (کوارٹر) ترکی۔

قناقنا۔ کونین کی تعریب۔ (ایک دوا)

قنال۔ نہر، انگریزی۔

قنادیز- ایک مضبوط ریشمی کپڑا جسکو انگریزی میں اسٹرنگ کہتے ہیں۔

قُنبازَ- بڑا جبہ۔ دخیل۔

قُنبرۃ ج قنابر، قُنبلہ ج قنابل- بمب، توپ کا گولہ، ترکی۔

قَنجَۃ ج قناج- چھوٹی کشتی، ڈونگی، ترکی۔

قُنْد ج قُنود- افسر، فرنچ۔

قِنْداق، قِنْدق- یونانی کلیسا کی کتاب الادعیہ کتاب قانون مذہبی، یونانی۔

قَنْداق، قَنْدَق- بندوق کا کندہ، توپ کی گاڑی، ترکی۔

قَنْدلفت- گرجے کا ایک عہدہ دار، خادم ہیکل، یونانی۔

قُنْسُل، قنسلوس- کونسل، سفیر، لاطینی۔

قُنْصُل ج قَناصِل- کونسل، نائب السلطنت، لاطینی، یہ لفظ میں نے عربی میں نویں صدی کے لٹریچر میں دیکھا ہے۔ لاطینی۔

قُنْصُلِیّہ- کونسلیٹ، کسی کونسل کا مکان یا دفتر۔

قُنْصُلاتو- دیکھو قنصلیہ۔

قِنطار- قدیم لغت میں ایک وزن کثیر کا نام تھا جسکی تخصیص میں اصحاب لغت بہت مختلف الاقوال میں آجکل سو پونڈ کے وزن کو قنطار کہتے ہیں۔ لاطینی۔

قنطرمۃ- ایک قسم کی لگام۔ ترکی۔

قُنٌّ- مرغی کا ڈربہ۔ خ نہ سے خُنّ ہوا خُنّ سے قُنّ ہوا، فارسی۔

قَتّق تَقنیقاً- اقامت کرنا، کسی سرکاری جائے قیام میں ٹھہرنا، دیکھو قناق۔

قِنّینۃ ج قنانی، قنانن- پہلے شراب کی بوتل کو کہتے تھے، اب ہر قسم کی بوتل اور شیشی کو کہتے ہیں، یونانی۔

قنیطۃ- معمولی قسم کا بسکٹ، فرنچ۔

و

قُواس- بندوق کی گولی، ترکی۔

قُوتی، قُوتیۃ، بکس، یونانی۔

قُوس- تار برقی میں مصطلحہ رموز کے ذریعہ سے خبر دینا، ہتھیار، ترکی

قورخانہ- اسلحہ خانہ، ترکی۔

قَوردون- ناکہ بندی، یعنی پولیس یا فوج کا کسی مکان یا راہ کی احاطہ بندی، فرنچ۔

قُورسیلہ- زنانہ سینہ بند، انگریزی۔

قوش ج اقواش- دُمچی جو گھوڑے کی دُم میں لگائی جاتی ہے، ترکی

قُوش قَنمار-

قُوقیاہ- آلو، یونانی۔

قوناز، قوقاس- کوہ قاف واقع سرحد روس۔

قوقۃ، قوقع، قوقعہ۔ قوقن۔ گھونگھا، یونانی۔

قُول- فوج کا بازو، ترکی۔

قُول اغاسی- ایجوٹنٹ میجر، ایک فوجی عہدہ، ترکی۔

قولون- کولن یعنی انگریزی وقف کے دو نقطے کا نشان :

قومانداان - دیکھو قومندان -

قُومْبانیة ، قومبانیا - کمپنی کی تعریب ، انگریزی -

قومِسیُون - کمیشن ، مجلس تحقیق واقعہ ، وہ جماعت جو کسی خاص غرض سے گورنمنٹ کی طرف سے مقرر کیجائے ، فرنچ -

قُومندان - کمندان ، کمانڈر ، سپہ سالار ، فرنچ -

قُومِیسر - کمشنر ، کسی کمیشن کا افسر ، فرنچ -

قومِسیریہ - کمشنر خانہ ، کسی کمشنر کا دفتر -

قومِیسَن - دیکھو قومسیون -

قُونة ، قونیة - بُت ، تصویر ، میڈل ، تمغہ ، یونانی -

قُونصُل - کونسل ، نائب السلطنت ، وکیل السلطنت ، لاطینی -

قونصَلاتو - کونسلیٹ ، کسی کونسل کا مکان یا دفتر ، لاطینی -

قُوصولنتو - اپریشن ، عمل جراحی ، فرنچ یا لاطینی -

قُونصُلیة - دیکھو قونصلاتو -

قون غرة - کانگریس ، مجلس ملکی ، انگریزی -

قورنفوردانو - عہد و پیمان ، مُعاہدہ ، اٹالین

قَوّارَة - چھچہ کے کام کا ایک طبی آلہ ، مولد -

قوّاس ، قوّاص ج قوّاسہ - چپراسی ، کسی کونسل کا محافظ

قَوَّس تقویسًا - بندوق چلانا ، گولی مارنا ، دیکھو قواس -

قَوَّش تقویشًا - گھوڑے پر دمچی کسنا ، دیکھو قوش -

ه

قَهْرَمان ج قہارمة - منتظم خانہ ، خانساماں ، (مذکر) فارسی

قہرمانة - حرم سرا کی منتظم عورت ، (مؤنث) فارسی -

قَہرَمَة - انتظام خانہ ، خانساماں گیری ، مولد از قہرمان -

قَہوَة - کافی ، قدیم زبان میں شراب کو کہتے ہیں ، دخیل

قَہوَة ج قہاوِی ، قہاو - قہوہ خانہ

قَہوَجی - قہوہ والا ، قہوہ خانہ کا منیجر - ترکی نسبت -

ی

قِیادَة - سپہ سالاری ، فوج کی کمان ، تحت کے ساتھ زیادہ مستعمل ہے ، جیسے بعثت العساکر تحت قیادۃ الجنرال فلان ، دیکھو قائد

قیاس ج اَقیِسة - قاعدہ ، قانون ، مولد -

قِیافَة - فیشن ، وضع ، مولد -

قِیَام الوابور - ریل گاڑی کا روانہ ہونا قام القطار یقوم القطار ، مولد -

قیراط - پہلے وزن کی ایک خفی مقدار کو کہتے تھے ( ) اب پیمائش کی ادنی مقدار کو کہتے ہیں ، (انچ ، یونانی

قَیسَارِیة ، قَیصَریة - محکمہ محصول ، مارکیٹ یعنی وہ بڑی عمارت کا ملحقہ عمارت کا بازار ، یونانی -

قَیطَاس - وہیل مچھلی ، لاطینی -

قِیطان ج قیاطین - قیطون ، ریشمی لیس ، ترکی -

قیمة الاشتراک - خریداری اخبار یا رسالہ کا زرچندہ ، دیکھو اشتراک

قَیَّدَ تقییدًا - رجسٹر میں نام لکھنا ، قید تحریر میں لانا ، مولد

باب الکاف

ا

کابوس - تپنچہ، پستول، اندلسی، ہولناک خواب، یونانی،
زمین جوتنے کے ہل کا بازو۔

کاتِب ج کُتّاب - مضمون نگار، نامہ نگار، محرر، اہلِ قلم،
سکرٹری (سکرٹری کیلئے) کاتب الاسرار ہے جسکا مخفف کاتب ہے، مولد۔

کاتِب الاسرار ج کُتّاب الاسرار - سکرٹری، ناظم، سکرٹری
تقریبًا کاتب الاسرار کے ہم معنی ہے، مولد۔

کاتب الحسابات - اکونٹنٹ جنرل - سر محاسب، مولد۔

الکاتبۃ - ٹائپ رائٹر، اصل میں الآلۃ الکاتبہ ہے۔ کاتبہ کاتب
کی تانیث ہے، دیکھو کاتب، مولد۔

کاتدْرائیۃ، کاتدرائیۃ - کنیسہ، گرجا، یونانی۔

کاتم الاسرار - پرائیوٹ سکرٹری، یہ لفظ دورِ عباسی میں
پیدا ہوا، شاہی پرائیوٹ سکرٹری کو کہتے تھے، سکرٹری بعینہ
اسکا ترجمہ ہے، مولد۔

کاثولیک - عیسائیوں کا فرقۂ رومن کیتھولک، یونانی۔

کاثُولیک - دیکھو کاثولیک، واحد کاثولوکی ہے۔

کاخیۃ ج کواخی - ایک الماری نما میز۔

کاخیۃ ج کواخی - خانساماں، کارندہ، فارسی ہو یا ترکی

کادی، کاذی - کیوڑا، کیوڑے کا تیل، کادی شاید کیوڑا
یا اسکے قریب قریب لفظ سے بنا ہو۔

کادر ج کادرات - غلّہ سے لدی ہوئی کشتی، پیشہ، عہدہ، فارسی۔

کارت، کارڈ، انگریزی۔

کارت فیزت - ملاقاتی کارڈ - کارت فیزت انگریزی لفظ
کارڈ (اور) وزٹ ہے۔

کارۃ، کارات - گاڑی، چھکڑا، انگریزی۔

کارخانۃ - کارخانہ، رنڈیوں کا چکلہ، فارسی۔

کارِز، کاروز - مسیحی واعظ، پادری، یونانی۔

کاز - کاج کپڑا - ایک قسم کا سلاح، دخیل۔

کاز - گیس، مٹی کا تیل، پٹرول، فرنچ۔

کاش کوشًا - محنت و کوشش سے کام کرنا، فارسی کوشیدن، مولد

کاشۃ - فوج کا دستہ، سوار، ترکی۔

کاغذی - کاغذی، کاغذ فروش، فارسی۔

کاغذخانہ - کاغذخانہ، پیپرمل، فارسی۔

کاغذخانہ - کاغذخانہ، پیپرمل، فارسی۔

کالوش - جوتا، فرنچ۔

کالونی - نوآبادی، نوآبادلوگ جو اپنے وطن کو چھوڑ کر دوسری
جگہ جا کر بستے ہیں، کاشتکار، فرنچ، اٹالا۔

کامخ ج کوامخ - چٹنی، اچار، فارسی۔

کانون الاول - رومی مہینہ مطابق دسمبر۔

کانون الثانی - رومی مہینہ مطابق جنوری۔

کاویاء - گرم لوہا جس سے درزی کپڑے کا سیلن بٹھاتے ہیں۔

استری جس سے دھوبی کپڑا استری کرتے ہیں، قدیم معنی داغنے کا آلہ۔

ب

کُبّا، کُبّابۃ، کُبّایۃ ۔ گلاس، اٹالین۔

کُبّۃ ج کُبَب ۔ شامی کباب، تاش کے پان کا تِپّا، گولا، (محاورۂ شام) بلیک، گلٹی (محاورۂ مصر) اصلی معنی کاتے ہوئے دھاگے کا گولا ہو جسے پونی کہتے ہیں اور تمام معنی تشبیہاً پیدا ہوئے ہیں۔

کَبُّوت ج کبابیت ۔ اوورکوٹ، اونی جُبّہ، اُندلسی یا اٹالین۔

کَبُّوس، کَبُّوش ۔ زین پوش، اندلسی یا اٹالین۔

کبتلۃ ۔ گولے میں کسی چیز کو لپیٹنا، مولّد۔

کَبْتُولۃ ۔ گولی، چھوٹا گولا، مولّد۔

کِبْران ۔ جاکٹ، دخیل۔

کِبْرِی ۔ پُل، ترکی۔

کِبْرِیت ۔ دیا سلائی، اصلی معنی گندھک جو دیا سلائی کا جزو اعظم ہے۔

کَبْسُوت، کبسول ۔ بندوق کی ٹوپی ۔ فرنچ۔

کَبْشات ۔ ہُک، دخیل۔

کَبْشۃ ۔ مقدار یک کف دست، مٹھی بھر، کفگیر، فارسی لفظ کفچہ۔

کَبْکُوب ۔ اُون یا دھاگے کا گولا، پیچک، دیکھو کُبّۃ۔

کَبْکُوبۃ ۔ کباب کی گولی، دیکھو کُبّۃ۔

کَبُون ۔ منافع، سودی اقرار نامہ، انگریزی۔

ت

الکتاب ۔ مختلف گورنمنٹیں کسی سیاسی اہم مسئلہ کے متعلق تمام معاملات، مراسلات، کارروائیاں عام اطلاع کے لئے ایک کتاب میں جمع کر کے شایع کرتی ہیں، یہ کتابیں ہر سلطنت باہمی سلطنتوں میں امتیاز کے لئے خاص خاص رنگ کی شائع کرتی ہے اور اُس سلطنت کی کتاب اُسی رنگ کے نام کے ساتھ موسوم ہوتی ہے مثلاً الکتاب الابیض (سپید کتاب) جرمن کتاب، پرتگال کی کتاب، الکتاب الاحمر (سرخ کتاب) اسپین کی کتاب، آسٹریا کی کتاب، الکتاب الاخضر (سبز کتاب) اٹلی کی کتاب، ولایات متحدہ امریکہ کی کتاب الکتاب الازرق (نیلی کتاب) انگلش کتاب الکتاب الاصفر (زرد کتاب) فرنچ کتاب۔

کتاب الدلیل ۔ گائڈ بک، یعنی وہ کتاب جس میں سیاحوں کے لئے کسی مقام کے قابل دید مقامات اور اُن کے تاریخی حالات کا ذکر ہو۔

کتاب الفرض ۔ رومن کیتھولک گرجا کا عبادتخانہ۔

کتابۃ ۔ جادو، منتر، تعویذ، مولّد۔

کتابجی، کُتُبْجی ۔ کتب فروش، عربی و ترکی، محاورۂ مصر۔

کتبخانہ، کتب خانہ ۔ کتب خانہ، عربی و فارسی۔

کُتُبْجی ج کُتُبْیۃ ۔ کتب فروش، محاورۂ شام۔

کتّاب ج کتاتیب ۔ مکتب، ابتدائی مدرسہ، پرائمری اسکول۔

اس لفظ کے اس معنی میں صحت و عدم صحت کی نسبت، لیث، مبرد، جوہری وغیرہ، کا اختلاف ہے، مولّد۔

کَتّونۃ ۔ پادریوں کا سپید لباس۔ یونانی

کَتخُود ۔ کارندہ۔ خانساماں، فارسی۔

کترکتا۔ علم قدح العین، آنکھ بنانیکا فن، شاید لاطینی یا یونانی،

کَثلَکۃ ۔ رومن کیتھولک ہوجانا، مولّد از کاتلوک۔

کَتَلوج ۔ کیٹلاک کا معرب، فہرست اشیائے تجارت مع نمونہ انگریزی۔

کِتِیْنۃ ۔ گھڑی کی زنجیر، چین، اتیالین۔

ث

کَثّراللہ خیرک ۔ مصر میں ادائے شکریہ کے موقع پر بولتے ہیں جسطرح انگریزی میں تھینکس یا تھینکیو بولتے ہیں۔

ح

کَحّال ۔ جرّاحی کرنے والا، پلاسٹر کرنے والا، مولّد۔

کَحْشَنۃ ۔ ڈنڈا۔ بیٹ جسے گیند پر مارتے ہیں، ذخیل فلیست هذه المادة فی لغۃ العرب۔

کُحول ۔ اسپرٹ۔ الکحل، روح شراب، مسلمان علمائے کیمیا نے یہ لفظ موضوع کیا ہے۔

کَخُی ۔ محرم راز، کارندہ۔ فارسی از کتخودا۔

خ

کَخی، کخیا ۔ محرم راز، کارندہ، فارسی از کتخودا۔

د

کَدَک ۔ مالگذاری نامہ، یعنی وہ کاغذ جو گورنمنٹ کی طرف سے رعایا کو دیا جاتا ہے جس میں زمین کی سالانہ شرح مالگذاری درج ہوتی ہے جسکے مطابق رعایا کو اپنی زمین کی مالگذاری ادا کرنی ہوتی ہے، ترکی،

کَدَّنۃ ۔ ایک دن کی محنت، غیر عربی۔

کَدِبش ۔ لادو ٹٹو، فارسی۔

کَدِین ۔ وہ پتھر جسپر دھوبی یا رنگریز کپڑے کو پٹکتے ہیں یا کوٹتے ہیں، یہ لفظ فارسی سے آیا ہے، فارسی کونگ ہے یا عربی مولّد ہے۔

قال الزبیدی وابن المکرم الکذان حجارۃ لیست بصلبۃ۔

ذ

کَذْبۃُ ابریل، کذبۃ نیسان ۔ اپریل فول، یورپ میں سال میں ایک مہینہ اپریل میں ظرافت جائز سمجھی جاتی ہے، اپریل اور نیسان ایک ہی مہینہ ہے۔

کذان، کن نیق ۔ دیکھو کدین۔

ر

کَرَاتُون ۔ ایک قسم کا کپڑا۔ فرنچ۔

کَراکُول، کراکوت ۔ تھانہ، پولیس اسٹیشن۔ ترکی۔

کَرْباج ۔ چرمی کوڑا، ترکی۔

کَرْبون ۔ کاربون (کوئلہ) ایک کیمیا دی عنصر۔

کُرۃ القدم ۔ فٹ بال، (کھیل) کا ترجمہ ہے۔

کرتنۃ ۔ قرنطینہ میں رہنا، ماخوذ از قرنطینہ۔

کرتون ۔ وصلی، کٹ، دفتی، نقشہ، فرنچ۔

کرج کرجًا ۔ پانی کا پل کے ادھر ادھر چکر دینا، ڈھلکنا، لڑھکنا۔ لڑکے کا عبارت بغیر ہجا کے آسانی اور روانی سے پڑھنا، مولّد۔

کرج ۔ گرجین قوم، گرجستانی قوم، گرجستان۔

کرخانۃ ج کراخین ۔ کارخانہ، خصوصًا کارخانۂ ریشم بافی، فارسی۔

کردار ۔ پڑوسی کی زمین میں درخت لگانا، تعمیر، فارسی۔

کردان ۔ مالا، ہار، کنٹھی، فارسی۔

کردنال ۔ پوپ کے ماتحت افسر، جن کو کارڈنیل کہتے ہیں، اندلسی بواسطۂ فرنچ۔

کردون ۔ دیکھو کردان۔

کرّاکۃ ج کرّاکات ۔ ڈریڈگنگ مشین یعنی ایک قسم کا جہاز جو دریا کو گہرا اور وسیع کرتا ہے اور دریا کی تہ سے ریگ نکالتا ہے تاکہ بڑے جہازات نکل سکیں، فصیح نام عربی میں سکاجرفہ رکھا گیا ہے، اندلسی۔

کرّۃ ۔ شام میں ایک لاکھ کو کہتے ہیں ۔ مولّد۔

کرتک کرتکۃً ۔ صاف کرنا، مولّد۔

کرّس تکریسًا ۔ کنیسہ کا کسی چیز کو مقدس کرنا، کسی چیز کا مخصوص کرنا، یونانی۔

کرّوسۃ ج کرّوسات ۔ گاڑی، بگی، ایتالین۔

کرز کرازۃً ۔ انجیل کا وعظ کہنا، نصیحت کرنا، یونانی بواسطۂ سریانی۔

کرستہ ۔ سامان، مواد، فارسی۔

کرسیّ ذو مسانادات، کرسیّ مستلقٍ ۔ آرام چیئر، بازو اور تکیہ والی کرسی۔

کرشونی ۔ عربی عبارت بخط سریانی، سریانی۔

کرنت بالدین ۔ کلام کفر بولنا، مولّد از غیر عربی، محاورۂ شام، قدیم عربی میں مادہ نہیں۔

کرک ۔ پوستین، سمور، ترکی۔

کورک ۔ ایک آلہ کاشتکاری جس سے زمین برابر کرتے ہیں ۔ ترکی۔

کرکبۃ ۔ ہنگامہ کرنا، فساد کرنا، منتشر کرنا (کسی چیز کو) محاورۂ شام، قدیم عربی میں یہ مادہ نہیں۔

کرکۃ ج کرکات ۔ سپید سوتی کپڑا، خاصہ، انگریزی۔

کرمسوت ۔ لہردار ریشمی کپڑا، کوکی ۔ ہفتہ وار بازار، یونانی۔

کرنتینۃ ۔ قرنطینہ، ایتالین۔

کرنک ۔ قلعہ یا فوج کے استحکام و حفاظت کے لئے چاروں طرف دیوار یا ستونوں کی قطار، دخیل، قدیم عربی میں یہ مادہ نہیں۔

کروب ۔ فرشتہ، عبرانی۔

کروب ۔ کارخانہ کروپ کا تیار کی ہوئی توپ۔

کروب ۔ مرض خناق ۔ فرنچ۔

کروسۃ ۔ دیکھو کرّوسہ۔

کرویۃ ۔ بے بنا پلنگ کا ڈھانچہ ۔ دخیل۔

کِرِیل ۔ کریٹ ایک جزیرہ۔
کُرَیْشہ ۔ ایک باریک ریشمی کپڑا، کریپ۔
کُرَیشہ ج کُرَیشات ۔ وحشی، شمشیر، دخیل، محاورۂ شام۔
کُرِیلٹ ۔ مجرم کی مشقت تعزیری، ایک کشتی جیسے مجرم مشقت تعزیری کرتے ہیں (محاورۂ شام) پھوڑا، کدالی، (محاورۂ مصر) ترکی۔
کَرِیمۃ ج کرائم، کریمات ۔ دختر، جس کی جگہ باپ کے نام کے ساتھ مضاف ہوکر مستعمل ہوتا ہے، مولد
کَرِینۃ ۔ مغنیہ، یونانی۔

س

الکساوی التشریفیۃ ۔ اعزازی لباس جو خدیو کی طرف سے علما اور فضلا کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔
کُستَانِک، کُستُبَانِک ج کساتِک ۔ گھڑی کی زنجیر چین، ترکی۔
کَستبانۃ، کستبان ۔ انگشتانہ، فارسی۔
کستَنَا ۔ شاہ بلوط کی لکڑی یا درخت، دخیل۔
کستوان ۔ اصطبل، فارسی۔
کَسَرَ الرِّیق ۔ ناشتہ کرنا۔ کسر ریق انگریزی محاورہ سے ماخوذ ہے۔
کَسَرَ فی السفر ۔ درمیان سفر میں کہیں ٹھہر جانا، انگریزی محاورہ کا ترجمہ ہے
کَسَرَ الصفرۃ ۔ صبح کو ناشتہ کرنا (جس سے صفرہ کا ہیجان دور ہوتا ہے)
کِسفرِایت (کبریت) گندھک، دیا سلائی۔
کِسْم ۔ طرز، طریقہ، فیشن، ترکی، شاید ترکی میں عربی لفظ قسم سے کسم پیدا ہوا۔
کُسْوۃ ج کُسیٰ، کساوی ۔ غلافِ خانۂ کعبہ جو ہر سال مصر سے جاتا ہے، اصلی معنی پوشاک۔

ش

کُشتُبان ج کشاتب، کشاتبین ۔ انگشتانہ، فارسی۔
کُشری ۔ کھچڑی کا معرب۔
کَشّ کَشیشًا ۔ تلخ نظر سے دیکھا جانا، مکھی یا مرغی کا ہنکانا۔ (محاورۂ شام) شکن پڑنا، جھری پڑنا، سمٹنا، محاورۂ مصر، مولد۔
کُشَّۃ العجوز ۔ ایک قسم کا پودا۔
کُشَّۃ العروس ۔ ایک قسم کی لانبی گھاس جو پانی میں ہوتی ہے۔
کَشّاف ۔ جنگی خانہ کا افسر، کشف معنی کھولنا، چونکہ جنگی والے چیزوں کو کھول کھول دیکھتے ہیں اسلئے کشاف اُس سے بنا۔
کَشف ۔ بل (حساب کا کاغذ) معائنہ، تحقیق، جنگی خانہ کی رپورٹ، دیکھو کشاف۔
کَشفٌ طِبّی ۔ ڈاکٹری معائنہ
کَشفٌ علی مریض ۔ کسی مریض کا معائنہ کرنا، کسی مریض کی بیمار پرسی کرنا، مولد۔
کَشفانیۃ ۔ کسی بیمار کے لئے جو ہدیہ بھیجا جائے، مولد۔

کُشاک - خیمہ، گنبد دار محل، فارسی۔

کشکش ج کشاکش - کپڑے کا حاشیہ، جھالرا، لیس۔

کشمیر - کشمیرا کپڑا۔

ع

کعک - کیک، بسکٹ، شیرمال، فارسی - قال الفیروز آبادی الکعک هو الخبز

ف

کِفاءۃ - لیاقت، قدرۃ علی العمل، قدیم معنی ہمسری، کفو ہونا، مولد

کُفتہ - کوفتہ (گوشت) فارسی بواسطۂ ترکی۔

کفر ج کفور - بگھہ، پُروا، یعنی چند معمولی گھروں کا دو دیہات جو کسی بڑے گاؤں کے پاس واقع ہو، کفرا رامی زبان کا لفظ ہے، قدیم عربی میں اسکے معنی اُس زمین کے تھے جو آبادی سے بہت دور ہو، اس مناسبت سے مصر و شام میں اُس کے معنی القریۃ البعیدۃ عن الامصار کے ہوئے اور اب اس کے معنی قریۃ صغیرۃ فی جنب قریۃ عظیمۃ کے ہیں۔

کَفّ ج کفوف، اَکُفّ - تھپڑ، دستانہ، کاغذ کا دستہ، (کف دستہ کا ترجمہ ہے، مولد)

کَفّیۃ - رشیمی دستی رومال۔ مولد۔

کُفیۃ - سر پر باندھنے کا شال، صحیح لفظ کوفیۃ ہے۔

کفو ج اکفاء - لائق، قادر علی العمل، قدیم معنی ہمسر، مثیل۔

ل

کِلاَر - تہ خانہ، گدام یعنی مخزن غلہ، لاطینی۔

کلاَرجی - محافظ تہ خانہ، گدام کا محافظ، لاطینی لفظ، ترکی نسبت۔

کَلَبْچہ - ہتھکڑی، ہاتھ کی زنجیر، ترکی۔

کَلْسَۃ ج کلسات - جراب، موزہ، پاتابہ، وغیرہ۔

کَلْسُونۃ ج کَلْسُونات - پائجامہ، وغیرہ۔

کَلْغَزِینہ - معمار، گلکار، فارسی۔

کَلْفَۃ - حرمسرا کی پاسبان عورت، ترکی۔

کُلْفَۃ ج کُلَف - خرچ، لاگت، صرف، مولد۔

کَلَک ج کلکات - بیڑا، کشتی، فارسی۔

کَلاّسۃ - چونے کی بھٹی، مشتق از کلس (چونا)

کُلّۃ ج کُلَل - گولہ، بم، سنگ مرمر، فارسی بواسطہ ترکی۔

کَلَّل تکلیلاً - پادری کا کسی کا نکاح پڑھانا، اصلی معنی تاج پہنانا، مولد۔

کُلّیہ ج کُلّیات - کالج کے معنی میں زیادہ تر مستعمل ہے اور کبھی یونیورسٹی کو بھی کہتے ہیں، یونیورسٹی کا ترجمہ۔

کَلیچہ - کلچہ، فارسی۔

کَلیم ج اکْلِمہ - فرش، غالیچہ، کمل، ترکی۔

م

کُماج - سپید خمیری روٹی، بہتر قسم کا میدہ، فارسی۔

کَمان - نیز، ایضاً، محاورۂ شام۔

کُمْبانیۃ، کمبانیا - کمپنی، جماعت، ٹیلین۔

کمبرج - کیمبرج یونیورسٹی Cambridge

کمبریک - کمرکھ، کپڑا، انگریزی۔

کملایة، کمبیالة - بل آف ایکسچینج، ہنڈوی، چک، اتالین

کمبیو - بل آف ایکسچینج، ہنڈوی، ترخ، اتالین۔

کمخ، کمخا - کمخواب کپڑا، دمشق کا ریشمی کپڑا، چینی۔

کمخة - ثفل، تہ نشین، محاورۂ شام۔

کمخان - کمخاب، ریشمی کپڑا، چینی۔

کمر کمرا - چھپانا، ڈھانکنا، محاورۂ شام۔

کمرج اکمرا - یعنی بیگ، ہمیانی، روپے کی جیب، فارسی۔

کمرک - چنگی خانہ، لاطینی بواسطۂ ترکی۔

کمرکی - کمرکجی، چنگی وصول کرنیوالا تحصیلدار چنگی، ترکی۔

کمریرہ - نوکر، خادم، لاطینی بواسطۂ فرنچ۔

کمساری - ریلوے گارڈ، فرنچ۔

کمشة - بقدر یک کف دست مٹھی بھر، دیکھو کفشتہ۔

کماشة - سانسی، موچنا،

کمد انکمیدا - چھت یا چبوترہ یا کسی اور پختہ فرش کو سطح کرنا۔
کاندمولد من تکمید للثوب وتکمید العضو الموجوع

کممیة - تدارک کرنے سے بنا ہے پہلے اصطلاح فلسفہ میں اس
معنی میں آیا اور اب عام طور سے مستعمل ہوتا ہے،

کمنجة - ستارہ، سارنگی، فارسی۔

(ن)

کناری - ایک خوش آواز چڑیا کا نام، انگریزی۔

کناش - سفینہ، بیاض، نوٹ بک، سریانی۔

کنافة - میٹھا سنبوسہ، کیک، وفسر الزبیدی الکنافة
بالقطائف الماکولة وفی التہذیب القطائف طعام یسوی
بالدقیق المرق بالماء۔

کنال - نہر، فرنچ بواسطۂ انگریزی۔

کنبة - ایک قسم کی کرسی، نیم تخت، فرنچ۔

کنترالتو - معاہدہ، معاہدہ نامہ، اتالین۔

کندج کنود - افسر، ہیڈ، فرنچ۔

کندا - ملک کینیڈا واقع امریکا۔

کنداسطبل - کانسٹیبل، فرنچ۔

کندرة - انگریزی جوتا، بوٹ، یونانی بواسطہ ترکی۔

کندرجی - بوٹ ساز، ترکی۔

کندوج - غلہ رکھنے کی کوٹھی، فارسی۔

کنشة - گلدستہ نبطی او مولدة من الکناشة وھی
اصول ذات فروع۔

کنشلیر - چانسلر یعنی یونیورسٹی کا پریسیڈنٹ، اتالین بواسطۂ
انگریزی۔

کنغورة، کنغورة - کانگریس مجلس ملکی انگریزی۔

کنکة - قہوہ، یا کافی کی کیتلی، محاورۂ مصر۔

کن - غم ہلکا ہونا، آرام پانا، کنة آرام تخفیف غم، مولدہ

کُنّن ۔ کسی کا غم ہلکا کرنا، آرام، تخفیف غم، مولد۔

کُنیاك ۔ برانڈی، شراب۔

کنیفه ۔ دیکھو کنافہ۔

و

کوئ کیّا ۔ گرم لوہے سے درزی کا کپڑے کا سیلن سجھانا، دھوبی کا کپڑے پر استری کرنا، قدیم معنی داغنا۔

کُوارتز ۔ بلّور غیر مصنوعی، انگریزی۔

کوبری ۔ پُل، خصوصاً آہنی پُل، ترکی۔

کُوتِر لِی ج کَوا تلِة ۔ گریک کیتھولک، عیسائیوں کا ایک فرقہ جو یونانی کلیسا کا پیرو ہے ۔ یونانی۔

کَوتلَی ۔ گریک کیتھولک ہونا، دیکھو کَوتالی۔

کَوثلث ۔ ضلع، فرنچ۔

کُوخ ج اکواخ، کیخان، کوخات، کوخة ۔ جھونپڑا، فارسی۔

کُود ۔ مجموعۂ قوانین سلطنت ۔ کوڈ فرنچ۔

کُورة ج کوَر ۔ قدیم لغت میں اسکے معنی شہر اور حصۂ زمین کے ہیں۔ لیکن آجکل اور نیز عرب جغرافیہ نویسوں نے اسکے معنی پرگنہ کے لیے ہیں یونانی، مصر میں کورہ اب بیشانی بھی کہتے ہیں۔

کَوزَجة ۔ ڈھیر، مجموع، مصر و شام کا محاورہ ہو اختلاف الشیٔ اکر دجۃ یعنی میں نے بحیثیت مجموعی اور یکمشت خریدا اُس کو، کہا جاتا ہو کہ کورجہ کی اصل ہندی لفظ کوڑی ہے، جو بیس عدد کے مجموعہ کو کہتے ہیں۔

کُورك ۔ دیکھو کُریک۔

کُوریك ۔ مطلق قید یا قید دوامی، ترکی۔

کُوَرنتینه ۔ دیکھو کرنتینہ۔

کُوسا، کُوساة ۔ کھیرا، ککڑی، لوکی، محاورۂ شام۔

کوستکة ۔ دیکھو کستاک۔

کَوشة ۔ محنت، کوشش، دیکھو کاش۔

کُوشة ۔ دیکھو کاشہ۔

کوشطا ۔ ساحل، دریا کا کنارہ، اُندلسی۔

کُوفرنُورجنرل ۔ گورنر جنرل، انگریزی۔

کولونِل ۔ پولیس کے انتظامات بغرض رفاہِ عام، کالونیل انگریزی۔

کولیرِ، کولیراة ۔ ہیضہ، کولرا، فرنچ۔

کُومسارِی ۔ دیکھو کمساری۔

کُومسیُون ۔ دیکھو کمیسون۔

کُومُودَر ۔ کمانڈر، انگریزی۔

کونسر ۔ کونسرٹ ایک باجا ہو جو بذریعہ بخارات کے بجتا ہو۔

کَونصُول ۔ کونسا ٹیبل، یعنی وہ میز جو دیوار سے لگی رہتی ہے [illegible] رکھتے ہیں۔

کُونیاك ۔ برانڈی شراب۔

کَوّش تکویشًا ۔ کام پورا کرنا [illegible] کرنا، دیکھو کاش۔

کَوّع تکویعًا ۔ گرم تیل میں زخم رسیدہ یا کٹے ہوئے عضو کو ڈالنا [illegible] کا سیلان اور [illegible] بند ہو جائے، مولد من الکوع۔

کُوٹلی - تاش کی شہزادی یا بیگم یا بی بی، دخیل۔

کُوهبان - محافظ کوہ، فارسی۔

کُوهبانی - ماہر راہہائے کوہستانی، ماہر طرق جبلیہ، فارسی۔

ہ

کہربیۃ، کہربائیۃ - برقی قوت، الکٹراسیٹی، فارسی لفظ کہربا جسکی اصل کاہ رُبا ہو اُس سے بنا ہی، جو کہربا کی ایک قسم کی خاصیت ہی چونکہ کہربا میں برقی قوت زیادہ ہوتی ہی اسلئے برقی قوت کو کہربائیت کہتے ہیں

کَہْرَبَ - برقی قوت کسی چیز پر طاری کرنا، برقی قوت سے متاثر ہونا۔

کَہْرَمان - کہربا، محاورہ مصر۔

کَہْنُوت - کہانت، ایک پادری کا عہدہ، سریانی۔

ی

کَیتُونۃ - پادریوں کی سپید پوشاک، یونانی۔

کَیثُولِک، کیثولک - عیسائیوں کا کیتھلک فرقہ، یونانی۔

کِیثار - ستار، ایک آلۂ موسیقی - یونانی۔

کِیر - یونانی کلیسا کے بشپ کا لقب تعظیمی جیسکے مقابل میں ہز لارڈ بشپ ہی، یونانی۔

کِیس ج اکیاس، کیسۃ - بدن دھونے اور ملنے کے لئے بالوں کے دستانے، اصلی معنی تھیلی۔

کیفجۃ - آرام کرو، یہ ترکی لفظ صیغۂ امر ہے جو فوجی سپاہیوں کو پریڈ یا قواعد کے بعد واپسی کی اجازت کے لئے افسر کہتا ہو۔

کِیلار - تہ خانہ، انگریزی۔

کَیلَجۃ - ٹکا، خم، دخیل۔

کیلو - کسی وزن کا سو حصہ، فرنچ۔

کیلوجرام، کیلوغرام - کیلوگرام یعنی سو گرام، فرنچ۔

کیلون - قفل، تالا، دخیل۔

کیلومتر - کیلومیٹر مساوی ۱۰۸۳ گز۔

کیمیاء - فن کیمسٹری جسمیں تحلیل و ترکیب اجزائے جسم سے بحث ہوتی ہی، یونانی۔

کینا - کونین (دوا) جیکا اسپیل Quina بھی ہی۔

کَیّ - استری کرنا (کپڑے کرنا) اصلی معنی داغنا۔

باب اللام

ا

لَابۃ - کوہ آتش فشاں کا مادۂ گداختہ جسکو لاوا کہتے ہیں، شاید عبرانی سے آیا

لابُراتینو - کارخانۂ علم کیمسٹری، فرنچ سے آیا۔

لاتین - لاطینی قوم، لاطینی کلیسا۔

لَاذَن، لَاذَنۃ - افیون کا عرق، فارسی۔

لَاطِیَۃ ج لاطیات - یونانی بشپوں کا نقاب۔

لَاقُونۃ - چکنی مٹی، چونا، مسی جوش

لاک - لاکھ ہندی۔

لامبا - لمپ کا معرّب، ایتالین۔

لَاوَنْدا - لونڈر، انگریزی عطر، اتالین۔

لَاہ - باشندگان ملک پولینڈ۔

(بلاد) البلاه - ملک پولینڈ

لاهی - شہر ہیگ پایہ تخت ہولینڈ۔

لائبیسك - شہر لیزک واقع جرمنی۔

لائحة ج لوائح - فہرست، پروگرام، اسکیم، رجسٹر

یادداشت۔ دستاویز۔ مولد

لباس ج البسه، لبس - تنگ پائجامہ۔

لِبان - پانی بھرنے کی ڈوری، محاورۂ مصر۔

لُبان الغلداء - گنیشیا (ایک دوا)

لِبادة ج لِبَد - نمدہ کی ٹوپی، مجلٹ کیپ اصلی معنی نمدہ۔

لبلبی - بھنا ہوا، ترکی۔

لَبنيّة - کوفتے جو پنیر ملا کر پکائے جاتے ہیں، کھیر۔

لجنة ج لِجان - کمیٹی، مجلس، واصل اللجنة جماعة يجتمعون

للمشاورة فی الامر۔

اللجنة الادارية - مجلس انتظامی، مینیجنگ کمیٹی، دیکھو ادارہ۔

اللجنة التحضيرية - ابتدائی کمیٹی جو کسی بڑی کمیٹی کی تمہید ہو۔

اللجنة الفنّية - سبجکٹ کمیٹی، یعنی وہ مجلس جو کسی جلسے کے انعقاد

سے پہلے پروگرام تیار کرنے کے لئے نشست کرتی ہے۔

لسانينيه - لائسنیٹ۔

لستيك - ربڑ، ربڑ کا جوتا، فرنچ

لعب الدامات - ڈرافٹس ایک ریاضیانہ کھیل۔

لعبُ البورصة - سٹہ بازی۔

لُغثيط - عیسائی سفیر متعینۂ قسطنطنیہ، یونانی۔

لَغم ج لغوم، لغومة - سرنگ جس میں بارود بھر کر کسی چیز کو

اڑاتے ہیں، یونانی بوساطت ترکی۔

لغّم - سرنگ میں بارود بھر کر قلعوں و عمارتوں کو گرانا۔ مولد از لغم

لُغمجی - سرنگ لگانے والا۔ ترکی۔

لَفّة ج لفّات - چھوٹا عمامہ ایک جسے جو علمائے مصر و شام اپنی ٹوپی پر پیٹتے ہیں ...

لقیٰ الیٰ - گھر واپس آنا، مولد۔

لَقّم تلقيمًا - گرم پانی میں کافی یا چائے ڈالنا۔

لَقّن، لکن - لگن، طشت، یونانی۔

لمبا، لمبة - لیمپ، اتیالین۔

لُندرا، لُندرة - شہر لندن پایہ تخت انگلینڈ۔

لندوه - لینڈو گاڑی۔

لِوا - فوج، ترکی۔

لواء ج الوية - ضلع، الواء کے عربی میں اصلی معنی جھنڈے کے

ہیں، لیکن چونکہ ترکی میں ضلع کو سنجق کہتے ہیں جسکے معنی جھنڈے کے

ہیں لئے عربی میں بھی ضلع کو لوا کہنے لگے۔

لوح ج الواح - نشست، انسپرٹی۔

لورد - لارڈ، انگریزی۔

لوغرثم، لوغرثم - لوگارسم (ریاضی کی ایک شاخ) یونانی۔

لوفرفر - پستول - ریوالور کا معرب۔

لوکاندة لوکندة - ہوٹل، سرائے، اتیالین۔

لُوکَب - چکر دار زینہ یا پیچ، ٹونٹی، کمانی، مُہری، فوّارہ کا دہانہ فارسی۔

لُومَان - قید خانہ، مکان حبس دوام، یونانی بوساطت ترکی۔

لُونْدا - دیکھو لاوندا۔

لوندرا - دیکھو لندرہ۔

لیرۃ ج لیرات - ترکی پونڈ مساوی تیرہ روپئے آٹھ آنہ۔

لیفرپول - شہر لیورپول واقع انگلینڈ۔

لیلَک - لکائن (ایک پھول) فارسی۔

لَیْلِیّ - بورڈر طالب علم مقیم دارالاقامۃ، لیلی سے مراد شب باش ہے۔

لیمان - بندرگاہ، کنارۂ دریا، ترکی۔

لیمان - مشقت تعزیری، یونانی بواسطۂ ترکی۔

لیموناده، لیموناضۃ - لیمونیڈ کا معرب۔

لیوان ج لیوادین - گنبد نما عمارت، گیلری، لیوان فارسی لفظ ایوان ہے جو عربی میں آکر الایوان ہوا اور عربی سے یورپی زبان میں جاکر لیوان ہو گیا اور موجودہ عربی میں ایک غیر زبان کے لفظ کی طرح لیوان مستعمل ہوا۔

لیُوتنان - لفٹنٹ کا معرب۔

باب المیم

ا

